تَعلِیمُ القُرْاٰن

وَمَنْ یَّقْنُتْ (۲۲)

قرآن سیکھنے والوں کیلئے آسان گرامر کے ساتھ
لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

چوہدری عبد السّلام

حافظ قاری عطاء اللہ

(مستند) رجسٹرڈ پروف ریڈر پنجاب قرآن بورڈ محکمہ اوقاف

حکومت پنجاب لاہور۔ پاکستان

فون نمبر: 0308-4259187

0324-4858497

حوالہ نمبر: تعلیم القراٰن رجسٹریشن نمبر:013

میں نے چوہدری عبدالسّلام کے ترجمہ قرآن کریم (تعلیم القرآن) کے پارہ نمبر 22 کے قرآنی متن کو حرفاً حرفاً پوری توجہ اور احتیاط سے پڑھا ہے۔ میں پورے وثوق سے اس کی صحت کی تصدیق کرتا ہوں کہ اس کے متن میں اعرابی لفظی اور رسم الخط کی کوئی ایسی غلطی نہیں جس سے قرآنِ کریم کے عربی متن میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہو۔

حافظ قاری عطاء اللہ

عرضِ مؤلف

پارہ **وَمَنْ يَّقْنُتْ (۲۲)** کاآسان گرامر کے ساتھ لفظی اور بامحاورہ ترجمہ پیش خدمت ہے۔
قرآن پاک کاترجمہ سیکھنے کیلئے گرامر کاآنابہت ضروری ہے۔پہلے پارہ میں گرامر کے صفحات لگائے گئے ہیں۔اسے پڑھیں یاکسی اور گرامر کی کتاب کامطالعہ کریں۔

قرآن کے الفاظ کا گرامر کے ساتھ ترجمہ کیاگیاہے۔پھرالفاظ کے ترجمہ کوملاکر بامحاورہ ترجمہ کی شکل دی گئی ہے۔فعل کے مصادر اور ساتھ فعل ماضی واحد مذکر غائب اور فعل مضارع واحد مذکر غائب کے صیغے دیئے گئے ہیں تاکہ ترجمہ سیکھنے میں آسانی ہو۔

اگرکوئی کوتاہی نظرآئے توآگاہ کریں تاکہ اصلاح کی جائے۔

پورے قرآن مجید کااسی انداز میں ترجمہ کرنے کاارادہ ہے دعاکریں کہ اللہ پاک مجھے ہمت اور صحت عطافرمائے اور یہ کوشش میری بخشش کاسبب بن جائے۔

چوہدری عبدالسّلام
435رضابلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور
موبائل نمبر:0322-4655866

وَ مَنۡ یَّقۡنُتۡ مِنۡکُنَّ لِلّٰہِ وَ رَسُوۡلِہٖ وَ تَعۡمَلۡ صَالِحًا نُّؤۡتِہَاۤ اَجۡرَہَا مَرَّتَیۡنِ ۙ وَ اَعۡتَدۡنَا لَہَا رِزۡقًا کَرِیۡمًا ﴿۳۱﴾	اور تم عورتوں میں سے جو اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے اور نیک عمل کرے ہم اسے اس کا اجر دوبار دیں گے اور ہم نے اس کیلئے باعزت رزق تیار کیا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ جازم (جو)

یَّقۡنُتۡ فعل مضارع واحد مذکر غائب **قَنَتَ یَقۡنُتُ**، مصدر **قُنُوۡتًا**، فرمانبرداری کرنا (وہ فرمانبرداری کرے) مذکر کا صیغہ "مَنۡ" کی رعایت سے لایا گیا ہے۔

مِنۡکُنَّ (مِنۡ، کُنَّ) مِنۡ، حرف جار، سے، کُنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث حاضر، تم عورتیں (تم عورتوں میں سے) **لِلّٰہِ** (لِ، اَللّٰہِ) لِ، حرف جار، کی، اَللّٰہِ، مجرور، اللہ (اللہ کی)

وَ رَسُوۡلِہٖ (وَ، رَسُوۡلِ، ہٖ) وَ، حرف عطف، اور، رَسُوۡلِ، مضاف، رسول، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اور اس کے رسول کی) وَ، حرف عطف (اور)

تَعۡمَلۡ، فعل مضارع مجزوم واحد مؤنث غائب **عَمِلَ یَعۡمَلُ**، مصدر **عَمَلًا**، عمل کرنا (وہ عمل کرے)

صَالِحًا، **صَلَاحٌ**، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (نیک، اچھا)

نُّؤۡتِہَا (نُؤۡتِ، ہَا) نُؤۡتِ، فعل مضارع جمع متکلم اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِیۡتَآءٌ، دینا، ہم دیں گے، ہَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے (ہم اسے دیں گے) **اَجۡرَہَا** (اَجۡرَ، ہَا) اَجۡرَ، مضاف، اجر، بدلہ، ہَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کا (اس کا اجر) **مَرَّتَیۡنِ**، تثنیہ، دوبار، دودفعہ، واحد، **مَرَّۃٌ**، وَ، حرف عطف (اور)

اَعۡتَدۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم **اَعۡتَدَ یُعۡتِدُ**، مصدر **اِعۡتَادٌ**، تیار کرنا (ہم نے تیار کیا ہے)

لَہَا (لَ، ہَا) لَ، حرف جار، کیلئے، ہَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (اس کیلئے)

رِزۡقًا کَرِیۡمًا، رِزۡقًا، موصوف، مصدر، رزق، کَرِیۡمًا، صفت، کَرَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت عزت والا، باعزت (باعزت رزق)

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّ قُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۚ	اے نبی کی بیویو! تم عورتوں میں سے کسی ایک (عام عورت) کی طرح نہیں ہو اگر تم پرہیزگاری اختیار کرو تو تم بات کرنے میں نرمی نہ کرو کہ جس کے دل میں بیماری ہے وہ طمع کرنے لگے تم (عورتیں) اچھی بات کہو

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ (يَا، نِسَآءَ، اَلنَّبِيِّ) يَا، حرف ندا، اے، نِسَآءَ النَّبِيِّ، منادیٰ، نِسَآءَ، مضاف، بیویوں، واحد، اِمْرَاَةٌ، اَلنَّبِيِّ، مضاف الیہ، نبی کی (اے نبی کی بیویو)

لَسْتُنَّ، فعل ناقص ماضی جمع مؤنث حاضر اس کی صرف ماضی کی گردان آتی ہے، فعل امر اور مضارع نہیں آتا (تم (عورتیں) نہیں ہو) كَاَحَدٍ (كَ، اَحَدٍ) كَ، حرف جار و تشبیہ، مانند، مثل، طرح، اَحَدٍ، مجرور، کسی ایک (کسی ایک کی طرح) مِّنَ النِّسَآءِ، مِنْ، حرف جار، سے، اَلنِّسَآءِ، مجرور، عورتوں، واحد، اِمْرَاَةٌ ((عام) عورتوں میں سے) اِنِ، اصل میں، اِنْ، ہے اگلے لفظ سے ملانے کیلئے نون کو زیر دی گئی ہے، شرطیہ (اگر) اِتَّقَيْتُنَّ، فعل ماضی جمع مؤنث حاضر اِتَّقٰى يَتَّقِيْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا، پرہیزگاری اختیار کرنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم (عورتیں) پرہیزگاری اختیار کرو) فَلَا تَخْضَعْنَ (فَ، لَا تَخْضَعْنَ) فَ، حرف عطف، تو، لَا تَخْضَعْنَ، فعل نہی جمع مؤنث حاضر خَضَعَ يَخْضَعُ، مصدر خُضُوْعًا، جھکنا، نرمی کرنا (تم عورتیں نرمی نہ کرو) بِالْقَوْلِ (بِ، اَلْقَوْلِ) بِ، حرف جار بمعنی، فِي، میں، اَلْقَوْلِ، مجرور، مصدر، بات کرنا (بات کرنے میں) فَيَطْمَعَ (فَ، يَطْمَعَ) فَ، سببیہ، کہ، يَطْمَعَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب طَمِعَ يَطْمَعُ مصدر طَمْعًا، طمع کرنا، امید کرنا، وہ طمع کرنے لگے (کہ وہ طمع کرنے لگے)

الَّذِيْ، اسم موصول واحد مذکر (جس) فِيْ قَلْبِهٖ (فِيْ، قَلْبِ، هٖ) فِيْ، حرف جار، میں، قَلْبِ، مجرور، مضاف، دل، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب اس کے (اس کے دل میں)

مَرَضٌ (بیماری) وَّ، حرف عطف (اور)

قُلْنَ، فعل امر جمع مؤنث حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا کہنا (تم عورتیں کہو)

قَوْلًا مَّعْرُوْفًا، قَوْلًا، موصوف، مصدر، بات، مَّعْرُوْفًا، صفت، عِرْفَانٌ، مصدر سے اسم مفعول، اچھی، بھلی (اچھی بات)

وَ قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَ لَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَ اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَ اَطِعْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؕ	اور تم (عورتیں) اپنے گھروں میں ٹھہری رہو پہلی جاہلیت کے اظہار زینت (کی طرح) تم (عورتیں) اظہار زینت نہ کرو اوراور تم (عورتیں) نماز قائم کرو اور تم (عورتیں) زکوٰۃ ادا کرو اور تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو

وَ، حرف عطف (اور) قَرْنَ، اصل میں، اِقْرَرْنَ، تھا فعل امر جمع مؤنث حاضر قَرَّ يَقِرُّ، مصدر قَرَارًا، بسنا، ٹھہرنا، ایک جگہ جم جانا (تم ٹھہری رہو)

فِيْ بُيُوْتِكُنَّ (فِيْ، بُيُوْتِ، كُنَّ) فِيْ، حرف جار، میں، بُيُوْتِ، مجرور، مضاف، گھروں، واحد، بَيْتٌ، كُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث حاضر، اپنے (اپنے گھروں میں) وَ، حرف عطف (اور)

لَا تَبَرَّجْنَ، اصل میں، لَا تَتَبَرَّجْنَ، تھا، ایک تا حذف ہے فعل نہی جمع مؤنث حاضر تَبَرَّجَ يَتَبَرَّجُ، مصدر تَبَرُّجٌ، اظہار زینت کرنا (تم عورتیں اظہار زینت نہ کرو) تَبَرُّجَ، اسم مصدر مضاف (اظہار زینت)

الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى (الْجَاهِلِيَّةِ ـ الْاُوْلٰى)، اَلْجَاهِلِيَّةِ، مضاف الیہ، موصوف، اسم، جاہلیت کے، اَلْاُوْلٰى، صفت، پہلی (پہلی جاہلیت کے اظہار زینت)

وَ، حرف عطف (اور) اَقِمْنَ، فعل امر جمع مؤنث حاضر اَقَامَ يُقِيْمُ، مصدر اِقَامَةٌ، قائم کرنا (تم عورتیں قائم کرو) الصَّلٰوةَ (نماز) وَ، حرف عطف (اور)

اٰتِيْنَ، فعل امر جمع مؤنث حاضر اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، ادا کرنا (تم عورتیں ادا کرو) الزَّكٰوةَ (زکوٰۃ) وَ، حرف عطف (اور) اَطِعْنَ، فعل امر جمع مونث حاضر اَطَاعَ يُطِيْعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا (تم اطاعت کرو) اللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

وَرَسُوْلَهٗ (وَ، رَسُوْلَ، هٗ) وَ، حرف عطف، اور، رَسُوْلَ، مضاف، رسول، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر

غائب اس کے (اوراس کے رسول)

اِنَّمَا يُرِيۡدُ اللّٰهُ لِيُذۡهِبَ عَنۡكُمُ الرِّجۡسَ اَهۡلَ الۡبَيۡتِ وَ يُطَهِّرَكُمۡ تَطۡهِيۡرًا ۚ﴿۳۳﴾	(اے نبی کے) گھر والو سوائے اس کے نہیں کہ اللہ چاہتا ہے کہ تم سے گندگی دور کر دے اور وہ تمہیں پاک کر دے خوب پاک کرنا

اِنَّمَا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور، مَا، برائے حصر ہے (بے شک، صرف، سوائے اس کے نہیں)

يُرِيۡدُ اللّٰهُ (يُرِيۡدُ، اللّٰهُ) يُرِيۡدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَرَادَ يُرِيۡدُ، مصدر اِرَادَةٌ، ارادہ کرنا، چاہنا، وہ چاہتا ہے، اللّٰهُ، اللہ (اللہ چاہتا ہے)

لِيُذۡهِبَ (لِ، يُذۡهِبَ) لِ، لام تعلیل، ناصبہ، کہ، يُذۡهِبَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب اَذۡهَبَ يُذۡهِبُ، مصدر اِذۡهَابٌ، دور کرنا، وہ دور کردے (تاکہ وہ دور کردے)

عَنۡكُمُ (عَنۡ، كُمۡ) عَنۡ، حرف جار، سے، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے)

الرِّجۡسَ (گندگی) اَهۡلَ الۡبَيۡتِ۔ اَهۡلَ، مضاف، والوں، اَلۡبَيۡتِ، مضاف الیہ، گھر (گھر والوں)

وَ، حرف عطف (اور) يُطَهِّرَكُمۡ (يُطَهِّرَ، كُمۡ) يُطَهِّرَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب طَهَّرَ يُطَهِّرُ، مصدر تَطۡهِيۡرًا، پاک کرنا، وہ پاک کردے، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں پاک کردے)

تَطۡهِيۡرًا، مصدر (پاک کرنا)

وَ اذۡكُرۡنَ مَا يُتۡلٰى فِىۡ بُيُوۡتِكُنَّ مِنۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالۡحِكۡمَةِ ؕ	اور تم (عورتیں) یاد کرو جو تمہارے گھروں میں اللہ کی آیات اور حکمت (کی باتوں) سے پڑھا جاتا ہے

وَاذۡكُرۡنَ (وَ، اُذۡكُرۡنَ) وَ، حرف عطف، اور، اُذۡكُرۡنَ، فعل امر جمع مؤنث حاضر ذَكَرَ يَذۡكُرُ، مصدر ذِكۡرًا ذکر کرنا، یاد کرنا (تم عورتیں یاد کرو) مَا، اسم موصول (جو)

يُتۡلٰى، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب تَلَا يَتۡلُوۡ، مصدر تِلَاوَةٌ، پڑھنا، تلاوت کرنا (وہ پڑھا جاتا ہے)

فِىۡ بُيُوۡتِكُنَّ (فِىۡ، بُيُوۡتِ، كُنَّ) فِىۡ، حرف جار، میں، بُيُوۡتِ، مجرور، مضاف، گھروں، واحد، بَيۡتٌ،

كُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث حاضر، تمہارے (تمہارے گھروں میں)

مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ، مِنْ، حرف جار، سے، اٰيٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی، (اللہ کی آیات سے) وَ، حرف عطف (اور) الْحِكْمَةِ، اسم مصدر دانائی، حکمت (اور حکمت)

ع ۲

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾	بے شک اللہ بہت باریک بین خوب خبر رکھنے والا ہے

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ۔ اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

لَطِيْفًا، اللہ کا صفاتی نام، لُطْفٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت باریک بین)

خَبِيْرًا، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب خبر رکھنے والا)

اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمٰتِ وَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْقٰنِتِيْنَ وَ الْقٰنِتٰتِ وَ الصّٰدِقِيْنَ وَ الصّٰدِقٰتِ وَ الصّٰبِرِيْنَ وَ الصّٰبِرٰتِ وَ الْخٰشِعِيْنَ وَ الْخٰشِعٰتِ وَ الْمُتَصَدِّقِيْنَ وَ الْمُتَصَدِّقٰتِ وَ الصَّآئِمِيْنَ وَ الصّٰٓئِمٰتِ وَ الْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَ الْحٰفِظٰتِ وَ الذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّ الذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾	بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور مومن مرد اور مومن عورتیں اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں اور صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ کا کثرت سے ذکر کرنے والے مرد اور ذکر کرنے والی عورتیں ان (سب) کیلئے اللہ نے بخشش اور بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) اَلْمُسْلِمِيْنَ، اِسْلَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر

(فرمانبرداری کرنے والے، مسلمان مرد) واحد، اَلۡمُسۡلِمُ، وَ، حرف عطف (اور)

الۡمُسۡلِمٰتِ، اِسۡلَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (فرمانبرداری کرنے والیاں، مسلمان عورتیں)

واحد، الۡمُسۡلِمَةُ، وَ، حرف عطف (اور)

الۡمُؤۡمِنِيۡنَ، اِيۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والے، مومن مرد) واحد، اَلۡمُؤۡمِنُ،

وَ، حرف عطف (اور) الۡمُؤۡمِنٰتِ، اِيۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (ایمان والیاں، مومن عورتیں)

واحد، الۡمُؤۡمِنَةُ، وَ، حرف عطف (اور)

الۡقٰنِتِيۡنَ، قُنُوۡتٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (خشوع وخضوع کرنے والا، فرمانبردار مرد) واحد،

اَلۡقَانِتُ، وَ، حرف عطف (اور) الۡقٰنِتٰتِ، قُنُوۡتٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (خشوع وخضوع کرنے

والیاں، فرمانبردار عورتیں) واحد، الۡقَانِتَةُ، وَ، حرف عطف (اور)

الصّٰدِقِيۡنَ، صِدۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سچ بولنے والے، سچے مرد) واحد، اَلصَّادِقُ،

وَ، حرف عطف (اور) الصّٰدِقٰتِ، صِدۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (سچ بولنے والیاں، سچی عورتیں)

واحد، اَلصَّادِقَةُ، وَ، حرف عطف (اور)

الصّٰبِرِيۡنَ، صَبۡرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (صبر کرنے والے مرد) واحد، اَلصَّابِرُ،

وَ، حرف عطف (اور) الصّٰبِرٰتِ، صَبۡرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (صبر کرنے والی عورتیں)

واحد، اَلصَّابِرَةُ۔ وَ، حرف عطف (اور)

الۡخٰشِعِيۡنَ، خُشُوۡعٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (عاجزی کرنے والے مرد) واحد، اَلۡخَاشِعُ،

وَ، حرف عطف (اور) الۡخٰشِعٰتِ، خُشُوۡعٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (عاجزی کرنے والی عورتیں)

واحد، الۡخَاشِعَةُ، وَ، حرف عطف (اور) الۡمُتَصَدِّقِيۡنَ، تَصَدُّقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (صدقہ

کرنے والے مرد) واحد، اَلۡمُتَصَدِّقُ، وَ، حرف عطف (اور)

الۡمُتَصَدِّقٰتِ، تَصَدُّقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (صدقہ کرنے والی عورتیں) واحد، اَلۡمُتَصَدِّقَةُ،

وَ، حرف عطف (اور) الصّٰٓئِمِیۡنَ، صَوۡمٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (روزہ رکھنے والے مرد)
واحد، الصَّآئِمُ، وَ، حرف عطف (اور) الصّٰٓئِمٰتِ، صَوۡمٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (روزہ رکھنے والی عورتیں) واحد، اَلصَّآئِمَۃُ، وَ، حرف عطف (اور)
الۡحٰفِظِیۡنَ، حِفۡظٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (حفاظت کرنے والے مرد) واحد، اَلۡحَافِظُ،
فُرُوۡجَھُمۡ (فُرُوۡجَ، ھُمۡ) فُرُوۡجَ، مضاف، شرمگاہوں، واحد، فَرۡجٌ،
ھُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی شرمگاہوں کی) وَ، حرف عطف (اور)
الۡحٰفِظٰتِ، حِفۡظٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (حفاظت کرنے والی عورتیں) واحد، اَلۡحَافِظَۃُ،
وَ، حرف عطف (اور) الذّٰکِرِیۡنَ، ذِکۡرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ذکر کرنے والے مرد، واحد، اَلذّٰکِرُ
اللّٰہَ، اللہ (اللہ کا ذکر کرنے والے مرد) کَثِیۡرًا، کَثۡرَۃٌ، سے صفت مشبہ (بہت زیادہ، کثرت سے)
وَّ، حرف عطف (اور) الذّٰکِرٰتِ، ذِکۡرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (ذکر کرنے والی عورتیں) واحد،
اَلذّٰکِرَۃُ، اَعَدَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعَدَّ یُعِدُّ، مصدر اِعۡدَادٌ، تیار کرنا (اس نے تیار کر رکھا ہے)
اللّٰہُ (اللہ نے) لَھُمۡ (لَ، ھُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، ھُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)
مَّغۡفِرَۃً، اسم مصدر (مغفرت، بخشش) وَّ، حرف عطف (اور) اَجۡرًا عَظِیۡمًا، اَجۡرًا، موصوف، اجر، ثواب،
عَظِیۡمًا، صفت، عَظۡمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑا (بہت بڑا اجر)

وَمَا کَانَ لِمُؤۡمِنٍ وَّلَا مُؤۡمِنَۃٍ اِذَا قَضَی اللّٰہُ وَرَسُوۡلُہٗۤ اَمۡرًا اَنۡ یَّکُوۡنَ لَھُمُ الۡخِیَرَۃُ مِنۡ اَمۡرِھِمۡ ؕ	اور نہ کسی مومن کا (حق) ہے اور نہ کسی مومن عورت کا کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی معاملے کا فیصلہ کردیں یہ کہ (اس کے بعد) ان کیلئے ان کے معاملے میں کوئی اختیار ہو

وَمَا، وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ (اور نہ)
کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)

لِمُؤۡمِنٍ (لِ،مُؤۡمِنٍ) لِ، حرف جار، کا، مُؤۡمِنٍ، مجرور، اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ایمان والے مومن (مومن کا) وَّ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ)

مُؤۡمِنَةٍ، اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (ایمان والی، مومن عورت)

اِذَا، اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط (جب) قَضَی، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَضٰی یَقۡضِیۡ، مصدر قَضَآءٌ، فیصلہ کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ فیصلہ کردے) اللّٰهُ (اللہ) وَ، حرف عطف (اور)

رَسُوۡلُهٗۤ (رَسُوۡلُ، هٗ) رَسُوۡلُ، مضاف، رسول، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا رسول)

اَمۡرًا، اسم مصدر (کسی معاملے کا) اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (یہ کہ)

یَّکُوۡنَ، فعل ناقص مضارع منصوب واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہو)

لَهُمُ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

الۡخِیَرَةُ، مصدر (کوئی اختیار) مِنۡ اَمۡرِهِمۡ، مِنۡ، حرف جار بمعنی فِیۡ، میں، اَمۡرِ، مجرور، مضاف، معاملے، کام، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے معاملے میں)

وَمَنۡ یَّعۡصِ اللّٰهَ وَ رَسُوۡلَهٗ فَقَدۡ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِیۡنًا ﴿۳۶﴾	اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے تو یقیناً وہ کھلی گمراہی میں بھٹک گیا

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ موصولہ (جو)

یَّعۡصِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَصٰی یَعۡصِیۡ، مصدر عِصۡیَانٌ، نافرمانی کرنا (وہ نافرمانی کرے)

اللّٰهَ (اللہ) وَ، حرف عطف (اور) رَسُوۡلَهٗ (رَسُوۡلُ، هٗ) رَسُوۡلُ، مضاف، رسول، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول)

فَقَدۡ (فَ، قَدۡ) فَ، حرف عطف، تو، قَدۡ، کلمہ تحقیق، یقیناً (تو یقیناً)

ضَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ضَلَّ یَضِلُّ، مصدر ضَلٰلًا، گمراہ ہونا، بھٹک جانا (وہ بھٹک گیا)

ضَلٰلًا مُّبِیۡنًا، ضَلٰلًا، موصوف، گمراہ ہونا، گمراہی، مُبِیۡنًا، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر،

کھلم کھلا، واضح، کھلی (کھلی گمراہی)

وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَ اتَّقِ اللّٰهَ وَ تُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ	اور جب آپ اس (شخص) سے کہہ رہے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا تھا اور آپ نے انعام کیا تھا کہ تو اپنی بیوی اپنے پاس روکے رکھ اور تو اللہ سے ڈر اور آپ اپنے دل میں چھپا رہے تھے جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور آپ لوگوں سے ڈر رہے تھے

وَ، حرف عطف (اور) اِذْ، اسم ظرف (جب)

تَقُوْلُ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ رہے تھے)

لِلَّذِيْ (لِ، اَلَّذِيْ) لِ، حرف جار، سے، اَلَّذِيْ، مجرور، اسم موصول واحد مذکر (اس سے جس)

اَنْعَمَ اللّٰهُ، اَنْعَمَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْعَمَ يُنْعِمُ، مصدر اِنْعَامٌ، انعام کرنا، اس نے انعام کیا، اَللّٰهُ، اللہ نے (اللہ نے انعام کیا) عَلَيْهِ (عَلٰى، هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، (اس پر) وَ، حرف عطف (اور) اَنْعَمْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اَنْعَمَ يُنْعِمُ، مصدر اِنْعَامٌ، انعام کرنا، (آپ نے انعام کیا) عَلَيْهِ (عَلٰى، هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

اَمْسِكْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَمْسَكَ يُمْسِكُ، مصدر اِمْسَاكٌ، پکڑنا، روک کر رکھنا (تو روکے رکھ)

عَلَيْكَ (عَلٰى، كَ) عَلٰى، حرف جار، اصل ترجمہ، پر، ضرورتاً ترجمہ، پاس، کیا جاتا ہے، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنے (اپنے پاس) زَوْجَكَ (زَوْجَ، كَ) زَوْجَ، مضاف، بیوی، خاوند اور بیوی دونوں کیلئے بولا جاتا ہے، جمع، اَزْوَاجٌ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنی (اپنی بیوی) وَ، حرف عطف (اور)

اِتَّقِ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِتَّقٰى يَتَّقِيْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (تو ڈر) اللّٰهَ (اللہ سے)

وَ، حرف عطف (اور) تُخْفِيْ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر اَخْفٰى يُخْفِيْ، مصدر اِخْفَاءٌ، چھپانا (آپ چھپا رہے تھے) فِيْ نَفْسِكَ (فِيْ، نَفْسِ، كَ) فِيْ، حرف جار، میں، نَفْسِ، مجرور، مضاف، نفس، دل،

كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنے (اپنے دل میں) مَا، اسم موصول (جس) اللّٰهُ (اللہ)

مُبْدِيْهِ (مُبْدِیْ، هٖ) مُبْدِیْ، اِبْدَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، مضاف، ظاہر کرنے والا، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کو (ظاہر کرنے والا اس کو) وَ، حرف عطف (اور) تَخْشَى، فعل مضارع واحد مذکر حاضر خَشِيَ يَخْشٰى، مصدر خَشْيَةٌ، ڈرنا (آپ ڈر رہے تھے) النَّاسَ (لوگوں)

وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ	حالانکہ اللہ زیادہ حقدار ہے کہ آپ اس سے ڈریں

وَ، حالیہ (حالانکہ) اللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

اَحَقُّ، حَقٌّ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ حقدار) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ)

تَخْشٰىهُ (تَخْشٰى، هُ) تَخْشٰى، فعل مضارع واحد مذکر حاضر خَشِيَ يَخْشٰى، مصدر خَشْيَةٌ، ڈرنا، آپ ڈریں هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس سے (آپ اس سے ڈریں)

فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ	پھر جب زید اس عورت سے (اپنی) حاجت پوری کر چکا (طلاق دے چکا) ہم نے آپ کا نکاح اس سے کر دیا تاکہ مومنوں پر اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (سے نکاح کرنے) میں کوئی تنگی نہ ہو جب وہ ان عورتوں سے (اپنی) حاجت پوری کر لیں

فَلَمَّا (فَ، لَمَّا) فَ، حرف عطف (پھر) لَمَّا، اسم ظرف، حِيْنَ، کا ہم معنیٰ (جب)

قَضٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَضٰى يَقْضِيْ، مصدر قَضَآءٌ، فیصلہ کرنا، پورا کرنا، خاتمہ کرنا، تمام کرنا (وہ پوری کر چکا) زَيْدٌ (حضرت زید) مِّنْهَا (مِنْ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس عورت (اس عورت سے) وَطَرًا، اسم مفرد، حاجت، ضرورت، غرض، جمع، اَوْطَارٌ،

زَوَّجْنٰكَهَا (زَوَّجْنَا، كَ، هَا) زَوَّجْنَا، فعل ماضی جمع متکلم زَوَّجَ يُزَوِّجُ، مصدر تَزْوِيْجًا، شادی کرانا، نکاح کر دینا، ہم نے نکاح کر دیا، كَ، واحد مذکر حاضر، آپ کا،

هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس عورت سے (ہم نے آپ کا نکاح اس (عورت) سے کر دیا)
لِکَیْ (لِ، کَیْ) لِ، لام تعلیل، کَیْ، حرف ناصبہ (تاکہ)
لَا یَکُوْنَ، فعل ناقص مضارع منفی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ نہ ہو)
عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ، عَلٰی، حرف جار، پر، اَلْمُؤْمِنِیْنَ، مجرور، اِیْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے، مومنوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ (مومنوں پر) حَرَجٌ، کے معنی ہیں کسی چیز کے مجتمع ہونے کی جگہ، ایک جگہ جمع ہونے میں تنگی کا تصور موجود ہو جاتا ہے (کوئی تنگی، گناہ)
فِیْ اَزْوَاجِ، فِیْ، حرف جار، میں، اَزْوَاجِ، مجرور، بیویوں، واحد، زَوْجٌ (بیویوں میں)
اَدْعِیَآئِهِمْ (اَدْعِیَآءِ، هِمْ) اَدْعِیَآءِ، مضاف، منہ بولے بیٹے، واحد، دَعِیٌّ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے منہ بولے بیٹوں کی) اِذَا، اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط (جب)
قَضَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَضٰی یَقْضِیْ، مصدر قَضَآءٌ، پورا کرنا، تمام کرنا (وہ پوری کر لیں)
مِنْهُنَّ (مِنْ، هُنَّ) مِنْ، حرف جار، سے، هُنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں (ان عورتوں سے) وَطَرًا، اسم مفرد، حاجت، ضرورت، غرض، جمع، اَوْطَارٌ،

وَ كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝	اور اللہ کا حکم ہو کر رہنے والا تھا

وَ، حرف عطف (اور) کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ تھا)
اَمْرُ اللّٰهِ، اَمْرُ، مضاف، اسم مصدر، حکم، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا حکم)
مَفْعُوْلًا، فِعْلًا، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر (وہ شے جس کو کیا جائے یا کیا گیا ہو، ہو کر رہنے والا)

مَا كَانَ عَلَى النَّبِیِّ مِنْ حَرَجٍ فِیْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ	اور نبی پر اس (کام) میں کوئی تنگی نہیں ہے جو اللہ نے اس کیلئے فرض کر دیا

مَا، نافیہ (نہیں) کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ ہے)
عَلَی النَّبِیِّ (عَلٰی، النَّبِیِّ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَلنَّبِیِّ، مجرور، نبی (نبی پر)

مِنۡ حَرَجٍ، مِنۡ، حرف جار، برائے عموم، حَرَجٍ، مجرور (کوئی تنگی)

فِیۡمَا (فِیۡ، مَا) فِیۡ، حرف جار، میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس (کام) میں جو)

فَرَضَ اللّٰہُ، فَرَضَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب فَرَضَ یَفۡرِضُ، مصدر فَرۡضًا، فرض کرنا، مقرر کرنا، اس نے فرض کر دیا، اَللّٰہُ، اللہ نے (اللہ نے فرض کر دیا)

لَہٗ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے)

سُنَّۃَ اللّٰہِ فِی الَّذِیۡنَ خَلَوۡا مِنۡ قَبۡلُ ؕ	(یہی) اللہ کا دستور ہے ان لوگوں میں جو اس سے پہلے گزر گئے۔

سُنَّۃَ اللّٰہِ، سُنَّۃَ، مضاف، اسم ہے، دستور، طریقہ، رسم، جمع، سُنَنٌ، اللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا دستور)

فِی الَّذِیۡنَ، فِیۡ، حرف جار، میں، الَّذِیۡنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر وہ لوگ جو (ان لوگوں میں جو)

خَلَوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب خَلَا یَخۡلُوۡ، مصدر خُلُوًّا، گزرنا (وہ گزر گئے)

مِنۡ قَبۡلُ، مِنۡ، حرف جار، سے، قَبۡلُ، مجرور، قبل، پہلے (اس سے پہلے)

وَ کَانَ اَمۡرُ اللّٰہِ قَدَرًا مَّقۡدُوۡرَا ۣ ﴿۳۸﴾	اور اللہ کا حکم طے کیا ہوا اندازہ ہے

وَ، حرف عطف (اور) کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)

اَمۡرُ اللّٰہِ، اَمۡرُ، مضاف اسم مصدر، حکم، اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا حکم)

قَدَرًا مَّقۡدُوۡرًا، قَدَرًا، موصوف، اسم، اندازہ، فیصلہ، مقدار، مَقۡدُوۡرًا، صفت، قَدۡرٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، طے کیا ہوا، ٹھیرایا ہوا (طے کیا ہوا اندازہ)

الَّذِیۡنَ یُبَلِّغُوۡنَ رِسٰلٰتِ اللّٰہِ وَ یَخۡشَوۡنَہٗ وَ لَا یَخۡشَوۡنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰہَ ؕ	وہ لوگ جو اللہ کے پیغامات پہنچاتے ہیں اور وہ اس سے ڈرتے ہیں اور وہ اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے

الَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يُبَلِّغُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب بَلَّغَ يُبَلِّغُ، مصدر تَبْلِيْغٌ، پہنچانا (وہ پہنچاتے ہیں)

رِسٰلٰتِ اللّٰہِ، رِسٰلٰتِ، مضاف، پیغامات، واحد، رِسَالَةٌ، اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے پیغامات)

وَ، حرف عطف (اور) يَخْشَوْنَهٗ (يَخْشَوْنَ، هٗ) يَخْشَوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب خَشِيَ يَخْشٰى، مصدر خَشْيَةٌ، ڈرنا، وہ ڈرتے ہیں، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس سے (وہ اس سے ڈرتے ہیں)

وَ، حرف عطف (اور) لَا يَخْشَوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب خَشِيَ يَخْشٰى، مصدر خَشْيَةٌ، ڈرنا، (وہ نہیں ڈرتے) اَحَدًا (کسی ایک سے) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوا) اللّٰہَ (اللہ)

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝۳۹	اور اللہ حساب لینے والا کافی ہے

وَ، حرف عطف (اور) كَفٰى، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَفٰى يَكْفِيْ، مصدر كِفَايَةٌ، کافی ہونا (وہ کافی ہے) بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَللّٰهِ، مجرور (اللہ)

حَسِيْبًا، حِسَابًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (حساب لینے والا)

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ	محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں اور لیکن اللہ کے رسول اور سب نبیوں پر مہر (آخری نبی) ہیں

مَا، نافیہ (نہیں) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

مُحَمَّدٌ، تَحْمِيْدٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، تعریف کیا ہوا (محمد ﷺ)

اَبَاۤ اَحَدٍ، اَبَا، مضاف، باپ، اَحَدٍ، مضاف الیہ، کسی ایک کے (کسی ایک کے باپ)

مِّنْ رِّجَالِكُمْ (مِنْ، رِجَالِ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، رِجَالِ، مجرور، مضاف، مردوں، واحد، رَجُلٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے مردوں میں سے)

وَ، حرف عطف (اور) لٰكِنْ، حرف استدراک (لیکن)

رَّسُوْلَ اللّٰهِ، رَسُوْلَ، مضاف، رسول، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا رسول) وَ، حرف عطف (اور)

خَاتَمَ (مہر، ختم کرنے والا) جمع، خَوَاتِمُ، النَّبِیّٖنَ (نبیوں) واحد، النَّبِیُّ،

وَ کَانَ اللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ﴿۴۰﴾	اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

وَ کَانَ اللّٰہُ، وَ، حرف عطف، اور، کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا، وہ ہے، اَللّٰہُ، اللہ (اور اللہ ہے) بِکُلِّ شَیْءٍ (بِ، کُلِّ، شَیْءٍ) بِ، حرف جار، کو، کُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کو) عَلِیْمًا، عِلْمٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا ﴿۴۱﴾	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم اللہ کو یاد کرو بکثرت یاد کرنا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (یَا، اَیُّهَا، الَّذِیْنَ، اٰمَنُوْا) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادیٰ میں، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، لگاتے ہیں، الَّذِیْنَ، اٰمَنُوْا، منادیٰ، اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اُذْكُرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر ذَكَرَ یَذْكُرُ، مصدر ذِكْرًا، یاد کرنا، ذکر کرنا (تم یاد کرو) اللّٰهَ (اللہ کو) ذِكْرًا كَثِیْرًا، ذِكْرًا، موصوف، مصدر، یاد کرنا، كَثِیْرًا، صفت، كَثْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ بہت زیادہ، بکثرت (بکثرت یاد کرنا)

وَّ سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِیْلًا ﴿۴۲﴾	اور تم صبح اور شام کو اس کی تسبیح کیا کرو

وَّ، حرف عطف (اور) سَبِّحُوْهُ (سَبِّحُوْا۔ هُ) سَبِّحُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر سَبَّحَ یُسَبِّحُ، مصدر تَسْبِیْحًا، تسبیح کرنا، تم تسبیح کیا کرو، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (تم اس کی تسبیح کیا کرو) بُكْرَةً (دن کا پہلا حصہ، صبح) وَّ، حرف عطف (اور) اَصِیْلًا (عصر اور مغرب کا درمیانی وقت، شام)

هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْكُمْ وَ مَلٰٓئِكَتُهٗ لِیُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ	وہی ہے جو تم پر رحمتیں بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے (دعائے رحمت کرتے ہیں) تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکالے

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) الَّذِیۡ، اسم موصول واحد مذکر (جو)

یُصَلِّیۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب صَلّٰی یُصَلِّیۡ، مصدر تَصۡلِیَۃً، نماز پڑھنا، رحمت بھیجنا (وہ رحمتیں بھیجتا ہے) عَلَیۡکُمۡ (عَلٰی، کُمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)

وَ، حرف عطف (اور) مَلٰٓئِکَتُہٗ (مَلٰٓئِکَۃُ، ہٗ) مَلٰٓئِکَۃُ، مضاف، فرشتے، واحد، مَلَکٌ، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے فرشتے)

لِیُخۡرِجَکُمۡ (لِ، یُخۡرِجَ، کُمۡ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، یُخۡرِجَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَخۡرَجَ یُخۡرِجُ، مصدر اِخۡرَاجًا، نکالنا، وہ نکال لے، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (تاکہ وہ تمہیں نکالے)

مِّنَ الظُّلُمٰتِ، مِنۡ، حرف جار، سے، اَلظُّلُمٰتِ، مجرور، اندھیروں، واحد، ظُلۡمَۃٌ (اندھیروں سے)

اِلَی النُّوۡرِ، اِلٰی، حرف جار، کی طرف، اَلنُّوۡرِ، مجرور، روشنی (روشنی کی طرف)

وَ کَانَ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَحِیۡمًا ﴿۴۳﴾	اور وہ مومنوں پر بہت رحم کرنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)

بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ (بِ، اَلۡمُؤۡمِنِیۡنَ) بِ، حرف جار، پر، اَلۡمُؤۡمِنِیۡنَ، مجرور، اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے، مومنوں، واحد، اَلۡمُؤۡمِنُ (مومنوں پر)

رَحِیۡمًا، اللہ کا صفاتی نام، رَحۡمَۃٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

تَحِیَّتُہُمۡ یَوۡمَ یَلۡقَوۡنَہٗ سَلٰمٌ ۚ	جس دن وہ اس سے ملیں گے ان کی دعا سلام ہوگی

تَحِیَّتُہُمۡ (تَحِیَّتُ، ہُمۡ) تَحِیَّتُ، مضاف، حَیَاۃٌ، سے ماخوذ ہے، مصدر، سلام، دعا، تحفہ، دعائے خیر، ہُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی دعا) یَوۡمَ، اسم ظرف (جس دن)

یَلۡقَوۡنَہٗ (یَلۡقَوۡنَ، ہٗ) یَلۡقَوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب لَقِیَ یَلۡقٰی، مصدر لِقَآءٌ، ملاقات کرنا ملنا، وہ ملیں گے، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس سے (وہ اس سے ملیں گے) سَلٰمٌ، مصدر ہے (سلامتی، امان، سلام)

وَ اَعَدَّ لَہُمۡ اَجۡرًا کَرِیۡمًا ﴿۴۴﴾	اور اس نے ان کیلئے بڑی عزت والا اجر تیار کیا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَعَدَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعَدَّ يُعِدُّ، مصدر اِعْدَادٌ، تیار کرنا (اس نے تیار کیا ہے) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

اَجْرًا كَرِيْمًا، اَجْرًا، موصوف، اجر، ثواب، بدلہ، كَرِيْمًا، صفت، كَرَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بڑی عزت والا، باعزت (بڑی عزت والا اجر)

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ﴿۴۵﴾	اے نبی! بے شک ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا (بنا کر) بھیجا ہے

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ (يَا، اَيُّهَا، اَلنَّبِيُّ) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادی پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، لگا دیتے ہیں، اَلنَّبِيُّ، منادی، نبی (اے نبی) اِنَّاۤ (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم) اَرْسَلْنٰكَ (اَرْسَلْنَا، كَ) اَرْسَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرْسَلَ يُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا ہم نے بھیجا ہے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کو (ہم نے آپ کو بھیجا ہے) شَاهِدًا، شَهَادَةٌ وَّ شُهُوْدًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (گواہی دینے والا) وَّ، حرف عطف (اور) مُبَشِّرًا، تَبْشِيْرٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (خوشخبری، دینے والا)

وَّ، حرف عطف (اور) نَذِيْرًا، نَذْرًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ڈرانے والا)

وَّ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾	اور اس کی اجازت سے اللہ کی طرف بلانے والا اور روشنی کرنے والا آفتاب (بنا کر بھیجا ہے)

وَّ، حرف عطف (اور) دَاعِيًا، دُعَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (بلانے والا)

اِلَى اللّٰهِ، اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف)

بِاِذْنِهٖ (بِ، اِذْنِ، هٖ) بِ، حرف جار، سے، اِذْنِ، مجرور، مضاف، اجازت، حکم، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی اجازت سے) وَ، حرف عطف (اور)

سِرَاجًا مُّنِيْرًا، سِرَاجًا، موصوف، چراغ، دیا مجازاً آفتاب، ہر روشن چیز، مُنِيْرًا، صفت، اِنَارَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، روشنی کرنے والا (روشنی کرنے والا آفتاب)

وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝	اور آپ مومنوں کو اس کی خوشخبری دے دیں کہ بے شک ان کیلئے اللہ کی طرف سے بہت بڑا فضل ہے

وَ، حرف عطف (اور) بَشِّرِ، فعل امر واحد مذکر حاضر بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِيْرٌ، خوشخبری دینا (آپ خوشخبری دے دیں) اَلْمُؤْمِنِيْنَ، اِيْمَانًا مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے، مومنوں، واحد اَلْمُؤْمِنُ
بِاَنَّ (بِ، اَنَّ) بِ، حرف جار، کی، اَنَّ، مجرور حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک (اس کی کہ بے شک)
لَهُمْ (لَ۔هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)
مِّنَ اللّٰهِ، مِنْ، حرف جار بمعنی، اِلٰی، کی طرف سے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف سے)
فَضْلًا كَبِيْرًا، فَضْلًا، موصوف، فضل، كَبِيْرًا، كِبَرٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑا (بہت بڑا فضل)

وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ دَعْ اَذٰىهُمْ وَ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ	اور آپ کافروں اور منافقوں کا کہانہ مانیں اور آپ ان کی ایذارسانی کو نظرانداز کریں اور آپ اللہ پر بھروسہ کریں

وَ، حرف عطف (اور) لَا تُطِعِ، فعل نہی واحد مذکر حاضر اَطَاعَ يُطِيْعُ مصدر اِطَاعَةٌ اطاعت کرنا، کہا ماننا، (آپ کہانہ مانیں) اَلْكٰفِرِيْنَ، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، واحد، اَلْكَافِرُ، وَ، حرف عطف (اور) اَلْمُنٰفِقِيْنَ، نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، نفاق کرنے والے، منافقوں، واحد، اَلْمُنَافِقُ، وَ، حرف عطف (اور) دَعْ، فعل امر واحد مذکر حاضر وَدَعَ يَدَعُ، مصدر وَدْعٌ، چھوڑنا، نظرانداز کرنا، پرواہ نہ کرنا، خیال نہ کرنا (آپ نظرانداز کریں)
اَذٰىهُمْ (اَذٰى، هُمْ) اَذٰى، مضاف، اِيْذَآءٌ، سے اسم، ایذارسانی، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی ایذارسانی) وَ، حرف عطف (اور)
تَوَكَّلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ، مصدر تَوَكُّلٌ، توکل کرنا، بھروسہ کرنا (آپ بھروسہ کریں)
عَلَى اللّٰهِ (عَلٰى، اَللّٰهِ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝	اور اللہ کافی کارساز ہے

وَ، حرف عطف (اور) کَفٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب کَفٰی یَکْفِیْ، مصدر کِفَایَةٌ، کافی ہونا (وہ کافی ہے)
بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اللّٰهِ، مجرور (اللہ)
وَکِیْلًا، وَکْلٌ، مصدر سے صفت مشبہ (کارساز)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو پھر تم انہیں طلاق دے دو اس سے پہلے کہ تم نے انہیں چھوا ہو تو تمہارے لئے ان عورتوں پر کوئی عدت نہیں ہے کہ تم اسے شمار کرو

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا (يَا، اَيُّهَا، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْۤا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ میں، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، لگاتے ہیں، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْۤا، منادیٰ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْۤا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو)

اِذَا، اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط (جب) نَكَحْتُمُ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر نَكَحَ يَنْكِحُ، مصدر نِكَاحًا نکاح کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (تم نکاح کرو)

الْمُؤْمِنٰتِ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، (ایمان والیاں، مومن عورتیں) واحد، اَلْمُؤْمِنَةُ، ثُمَّ، حرف عطف (پھر) طَلَّقْتُمُوْهُنَّ (طَلَّقْتُمْ، وْ، هُنَّ) طَلَّقْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر طَلَّقَ يُطَلِّقُ تَطْلِيْقًا، طلاق دینا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، تم طلاق دے دو، وْ، اشباع کا، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، انہیں (تم انہیں طلاق دے دو) مِنْ قَبْلِ (مِنْ، قَبْلِ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، پہلے (اس سے پہلے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) تَمَسُّوْهُنَّ (تَمَسُّوْا، هُنَّ) تَمَسُّوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر مَسَّ يَمُسُّ، مصدر مَسٌّ، چھونا، تم نے چھوا ہو، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، انہیں (تم نے انہیں چھوا ہو) فَمَا (فَ، مَا) فَ، حرف عطف، تو، مَا، نافیہ، نہیں (تو نہیں ہے)
لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

عَلَيْهِنَّ (عَلٰى، هِنَّ) عَلٰى، حرف جار، پر هِنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں (ان عورتوں پر)
مِنْ عِدَّةٍ، مِنْ، حرف جار، برائے عموم، عِدَّةٍ، مجرور، گنتی، عورت کی عدت (کوئی عدت)
تَعْتَدُّوْنَهَا (تَعْتَدُّوْنَ، هَا) تَعْتَدُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِعْتَدَّ يَعْتَدُّ، مصدر اِعْتِدَادًا، گننا، شمار کرنا، تم شمار کرو، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب اسے (تم اسے شمار کرو)

فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾	پس تم انہیں کچھ مال ومتاع دو اور تم انہیں رخصت کردو اچھا رخصت کرنا

فَمَتِّعُوْهُنَّ (فَ، مَتِّعُوْا، هُنَّ) فَ، حرف عطف، پس، مَتِّعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر مَتَّعَ يُمَتِّعُ، مصدر تَمْتِيْعٌ، فائدہ دینا، سامان راحت دینا، مال ومتاع دینا، تم کچھ مال ومتاع دو، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، انہیں (پس تم انہیں کچھ مال ومتاع دو) وَ، حرف عطف (اور)
سَرِّحُوْهُنَّ (سَرِّحُوْا، هُنَّ) سَرِّحُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر سَرَّحَ يُسَرِّحُ، مصدر تَسْرِيْحٌ، رخصت کرنا، تم رخصت کردو، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، انہیں (تم انہیں رخصت کردو)
سَرَاحًا جَمِيْلًا، سَرَاحًا، موصوف، مصدر، رخصت کرنا، جَمِيْلًا، جَمَالٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہتر، اچھا، خوبصورت (اچھا رخصت کرنا)

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۡ	اے نبی! بے شک ہم نے آپ کیلئے آپ کی وہ بیویاں حلال کردیں جن کے آپ نے مہر ادا کر دیئے اور وہ جن کا آپ کا دایاں ہاتھ مالک ہوا اس میں سے جو اللہ نے آپ کو مال غنیمت میں سے دیں اور آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ (يَا، اَيُّهَا، اَلنَّبِيُّ) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ پر، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے

ساتھ ،اَيُّهَا، بڑھادیا جاتا ہے،اَلنَّبِيُّ، منادیٰ، نبی (اے نبی)
اِنَّآ(اِنَّ،نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم نے)
اَحْلَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَحَلَّ يُحِلُّ، مصدر اِحْلَالٌ،حلال کرنا (ہم نے حلال کر دیں)
لَكَ(لَ،كَ)لَ، حرف جار، کیلئے،كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ (آپ کیلئے)
اَزْوَاجَكَ(اَزْوَاجَ،كَ)اَزْوَاجَ، مضاف، بیویاں، واحد،زَوْجٌ،خاوند اور بیوی دونوں کیلئے بولا جاتا ہے،
كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ کی (آپ کی بیویاں)
الّٰتِیْٓ،اسم موصول جمع مؤنث (وہ جن کے)
اٰتَيْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اٰتٰی يُؤْتِیْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا،ادا کرنا (آپ نے ادا کر دیئے)
اُجُوْرَهُنَّ(اُجُوْرَ،هُنَّ)اُجُوْرَ، مضاف، مہر، واحد،اَجْرٌ،هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب،ان
کے (ان کے مہر)وَ، حرف عطف (اور)،مَا،اسم موصول (وہ جن کا)
مَلَكَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب مَلَكَ يَمْلِكُ، مصدر مَلْكٌ،مالک ہونا (مالک ہوا)
يَمِيْنُكَ(يَمِيْنُ،كَ)يَمِيْنُ، مضاف، دایاں ہاتھ، جمع،اَيْمَانٌ،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ
کا (آپ کا دایاں ہاتھ)مِمَّآ(مِنْ،مَا)مِنْ، حرف جار، سے،مَا، مجرور،اسم موصول،جو (اس میں سے جو)
اَفَآءَ اللّٰهُ،اَفَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَفَآءَ يُفِيْٓءُ، مصدر اِفَآءَةٌ،مال غنیمت میں دینا،اس نے مال
غنیمت میں دیں،اَللّٰهُ،اللہ نے (اللہ نے مال غنیمت میں دیں)
عَلَيْكَ(عَلٰی،كَ)عَلٰی، حرف جار بمعنی باء، کو،كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ (آپ کو)
وَ بَنٰتِ،وَ، حرف عطف،اور،بَنٰتِ، بیٹیاں، واحد،بِنْتٌ (اور بیٹیاں)
عَمِّكَ(عَمِّ،كَ)عَمِّ، چچا، جمع،اَعْمَامٌ،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ کے (آپ کے چچا کی)
وَ بَنٰتِ،وَ، حرف عطف،اور،بَنٰتِ، بیٹیاں، واحد،بِنْتٌ (اور بیٹیاں)
عَمّٰتِكَ(عَمّٰتِ،كَ)عَمّٰتِ، مضاف، پھوپھیوں، واحد،عَمَّةٌ،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ کی

(آپ کی پھوپھیوں کی) وَ بَنٰتِ، وَ، حرف عطف، اور، بَنٰتِ، بیٹیاں (اور بیٹیاں)

خَالِكَ (خَالِ، كَ) خَالِ، مضاف، ماموں، جمع، اَخْوَالٌ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے، (آپ کے ماموں کی) وَ بَنٰتِ، وَ، حرف عطف، اور، بَنٰتِ، بیٹیاں (اور بیٹیاں)

خٰلٰتِكَ (خٰلٰتِ، كَ) خٰلٰتِ، مضاف خالاؤں، واحد، خَالَةٌ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کی، (آپ کی خالاؤں کی) الّٰتِيْ، اسم موصول جمع مؤنث (جنہوں نے)

هَاجَرْنَ، فعل ماضی جمع مؤنث غائب هَاجَرَ يُهَاجِرُ، مصدر مُهَاجَرَةٌ، ہجرت کرنا (اُنہوں نے ہجرت کی) مَعَكَ (مَعَ، كَ) مَعَ، مضاف، ساتھ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے ساتھ)

وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ	اور کوئی ایمان والی عورت اگر وہ اپنا آپ نبی کیلئے ہبہ کردے اگر نبی چاہے کہ وہ اسے نکاح میں لے لے

وَ، حرف عطف (اور) امْرَاَةً مُّؤْمِنَةً، اِمْرَاَةً، موصوف، کوئی عورت، جمع، نِسَآءٌ، مُؤْمِنَةً، صفت، اِيْمَانٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث، ایمان والی، مومن عورت (کوئی ایمان والی عورت)

اِنْ، شرطیہ (اگر) وَّهَبَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب وَهَبَ يَهَبُ، مصدر وَهْبٌ وَّهِبَةٌ، نذر کرنا، بطور ہدیہ پیش کرنا، ہبہ کرنا، اِنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ ہبہ کردے)

نَفْسَهَا (نَفْسَ، هَا) نَفْسَ، مضاف، نفس، جان، ذات، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب اپنا (اپنا نفس، اپنی ذات، اپنا آپ) لِلنَّبِيِّ (لِ، اَلنَّبِيِّ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلنَّبِيِّ، مجرور، نبی (نبی کیلئے)

اِنْ، شرطیہ (اگر) اَرَادَ النَّبِيُّ۔ اَرَادَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَرَادَ يُرِيْدُ، مصدر اِرَادَةٌ، ارادہ کرنا، چاہنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ چاہے، اَلنَّبِيُّ، نبی (نبی چاہے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ)

يَّسْتَنْكِحَهَا (يَسْتَنْكِحَ، هَا) يَسْتَنْكِحَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب اِسْتَنْكَحَ يَسْتَنْكِحُ، مصدر اِسْتِنْكَاحٌ، نکاح میں لینا، وہ نکاح میں لے لے، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے (وہ اسے نکاح

میں لے لے)

خَالِصَۃً لَّکَ مِنۡ دُوۡنِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ؕ	(یہ) خاص آپ کیلئے ہے مومنوں کیلئے نہیں

خَالِصَۃً، خُلُوۡصٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (خالص، صافی، نرمی، خاص)

لَّکَ (لَ، کَ) لَ، حرف جار، کیلئے، کَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کیلئے)

مِنۡ دُوۡنِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ (مِنۡ، دُوۡنِ، اَلۡمُؤۡمِنِیۡنَ) مِنۡ، حرف جار ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوۡنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ، چھوڑ کر، غیر نہیں، اَلۡمُؤۡمِنِیۡنَ، مضاف الیہ، مومنوں کے (مومنوں کیلئے نہیں)

قَدۡ عَلِمۡنَا مَا فَرَضۡنَا عَلَیۡهِمۡ فِیۡۤ اَزۡوَاجِهِمۡ وَ مَا مَلَکَتۡ اَیۡمَانُهُمۡ لِکَیۡلَا یَکُوۡنَ عَلَیۡکَ حَرَجٌ ؕ	یقیناً ہم نے جان لیا جو ہم نے ان پر ان کی بیویوں اور ان عورتوں جن کے مالک ان کے دائیں ہاتھ بنے ہیں کے بارے میں فرض کیا تاکہ آپ پر کوئی تنگی نہ ہو

قَدۡ، کلمہ تحقیق (یقیناً) عَلِمۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (ہم نے جان لیا)

مَا، اسم موصول (جو) فَرَضۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم فَرَضَ یَفۡرِضُ، مصدر فَرۡضًا، فرض کرنا (ہم نے فرض کیا) عَلَیۡهِمۡ (عَلٰی، هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر)

فِیۡۤ اَزۡوَاجِهِمۡ (فِیۡ، اَزۡوَاجِ، هِمۡ) فِیۡ، حرف جار برائے تعلق، کے بارے میں، اَزۡوَاجَ، مجرور، مضاف، بیویوں، واحد، زَوۡجٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی بیویوں کے بارے میں)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، اسم موصول (ان عورتوں جن کے)

مَلَکَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب مَلَکَ یَمۡلِکُ، مصدر مَلۡکٌ، مالک بننا (وہ مالک بنے)

اَیۡمَانُهُمۡ (اَیۡمَانُ، هُمۡ) اَیۡمَانُ، مضاف، دائیں ہاتھ، واحد، یَمِیۡنٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دائیں ہاتھ) لِکَیۡلَا (لِ، کَیۡ، لَا) لِ، لام تعلیل، کَیۡ، حرف ناصبہ، تاکہ، لَا، نافیہ، نہ (تاکہ نہ) یَکُوۡنَ، فعل ناقص مضارع منصوب واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہو)

عَلَیۡکَ (عَلٰی، کَ) عَلٰی، حرف جار، پر، کَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ پر)

حَرَجٌ(کوئی تنگی، کوئی حرج)

وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝	اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے

وَ، حرف عطف، اور، کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

اللّٰہُ (اللہ) غَفُوْرًا، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

رَحِيْمًا، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَ تُـْٔوِيْۤ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ	ان میں سے جس (بیوی) کو آپ چاہیں (باری میں) مؤخر کردیں اور جس کو آپ چاہیں اپنے پاس (پہلے) جگہ دیں

تُرْجِیْ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر اَرْجٰی یُرْجِیْ، مصدر اِرْجَآءٌ، مؤخر کرنا، الگ رکھنا (آپ مؤخر کردیں)

مَنْ، اسم موصول (جس کو) تَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر شَآءَ یَشَآءَ، مصدر مَشِیْٓئَةٌ، چاہنا،

(آپ چاہیں) مِنْهُنَّ(مِنْ، هُنَّ) مِنْ، حرف جار، سے، هُنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں،

(ان عورتوں میں سے) وَ، حرف عطف (اور) تُـْٔوِیْۤ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر اٰوٰی یُـْٔوِیْ، مصدر اِیْوَآءٌ

پناہ دینا، جگہ دینا (آپ جگہ دیں) اِلَیْكَ (اِلٰی، كَ) اِلٰی، حرف جار بمعنی، مَعَ، پاس، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر

حاضر، اپنے (اپنے پاس) مَنْ، اسم موصول (جس کو)

تَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر شَآءَ یَشَآءَ، مصدر مَشِیْٓئَةٌ، چاہنا (آپ چاہیں)

وَ مَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ؕ	اور آپ جسے طلب کریں ان میں سے جن کو آپ نے الگ کر دیا تھا تو آپ پر کوئی گناہ نہیں ہے

وَ، حرف عطف (اور) مَنِ، شرطیہ، اسم موصول (جسے)

اِبْتَغَیْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اِبْتَغٰی یَبْتَغِیْ، مصدر اِبْتِغَآءٌ، چاہنا، طلب کرنا (آپ طلب کریں)

مِمَّنْ (مِنْ، مَنْ) مِنْ، حرف جار، سے، مَنْ، مجرور، اسم موصول، جن کو (ان میں سے جن کو)

عَزَلْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر عَزَلَ یَعْزِلُ، مصدر عَزْلًا، ایک طرف رکھنا، ہٹانا، الگ کردینا (آپ

نے الگ کر دیا تھا) فَلَا جُنَاحَ (فَ،لَا،جُنَاحَ) فَ، حرف عطف، تو،لَا، نافیہ، نہیں، جُنَاحَ، کوئی گناہ (تو کوئی گناہ نہیں) عَلَيۡكَ (عَلٰی،كَ) عَلٰی، حرف جار، پر،كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ پر)

ذٰلِكَ اَدۡنٰۤى اَنۡ تَقَرَّ اَعۡيُنُهُنَّ وَلَا يَحۡزَنَّ وَيَرۡضَيۡنَ بِمَاۤ اٰتَيۡتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ	یہ زیادہ قریب ہے کہ ان عورتوں کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غم نہ کریں اور جو آپ ان عورتوں کو دیں وہ سب کی سب اس پر راضی ہوں

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید اصل ترجمہ وہ ضرورتاً (یہ) کیا جاتا ہے،

اَدۡنٰۤى، دُنُوٌّ، مصدر سے اسم تفضیل (زیادہ قریب) اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ)

تَقَرَّ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب قَرَّ يَقَرُّ، مصدر قَرًّا، ٹھنڈی ہونا (وہ ٹھنڈی ہوں)

اَعۡيُنُهُنَّ (اَعۡيُنُ، هُنَّ) اَعۡيُنُ، مضاف، آنکھیں، واحد، عَيۡنٌ، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں (ان عورتوں کی آنکھیں) وَ، حرف عطف (اور)

لَا يَحۡزَنَّ، فعل مضارع منفی جمع مؤنث غائب حَزَنَ يَحۡزَنُ، مصدر حُزۡنًا، غم کرنا (وہ غم نہ کریں)

وَ، حرف عطف (اور) يَرۡضَيۡنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب رَضِيَ يَرۡضٰی، مصدر رِضًا وَّرِضۡوَانٌ، راضی ہونا (وہ عورتیں راضی ہوں) بِمَاۤ (بِ، مَا) بِ، حرف جار، پر، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس پر جو)

اٰتَيۡتَهُنَّ (اٰتَيۡتَ، هُنَّ) اٰتَيۡتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اٰتٰی يُؤۡتِیۡ، مصدر اِيۡتَآءٌ دینا، آپ دیں، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں کو (آپ ان عورتوں کو دیں)

كُلُّهُنَّ (كُلُّ، هُنَّ) كُلُّ، مضاف، سب کی سب، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مونث غائب، وہ عورتیں (وہ سب کی سب)

وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا فِیۡ قُلُوۡبِكُمۡ ؕ	اور اللہ جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے

وَ، حرف عطف (اور) اللّٰهُ (اللہ) يَعۡلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) مَا، اسم موصول (جو) فِیۡ قُلُوۡبِكُمۡ (فِیۡ، قُلُوۡبِ، كُمۡ) فِیۡ، حرف جار، میں، قُلُوۡبِ، مجرور،

مضاف، دلوں، واحد، قَلۡبٌ، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے دلوں میں)

وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيۡمًا حَلِيۡمًا ۝	اور اللہ خوب جاننے والا بہت بردبار ہے

وَ، حرف عطف، اور، کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)

اللّٰہُ (اللہ) عَلِیۡمًا، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

حَلِیۡمًا، اللہ کا صفاتی نام، حِلۡمٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت بردبار)

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنۡۢ بَعۡدُ وَ لَاۤ اَنۡ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنۡ اَزۡوَاجٍ وَّ لَوۡ اَعۡجَبَكَ حُسۡنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتۡ يَمِيۡنُكَ ؕ	آپ کیلئے اس کے بعد (دوسری) عورتیں حلال نہیں ہیں اور نہ یہ کہ آپ ان کے بدلے کوئی (اور) بیویاں بدل لیں اور اگرچہ ان کا حسن آپ کو اچھا لگے مگر جس کا مالک آپ کا دایاں ہاتھ بنا

لَا یَحِلُّ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اَحَلَّ یُحِلُّ، مصدر اِحۡلَالٌ، حلال کرنا (وہ حلال نہیں ہے)

لَکَ (لَ، کَ) لَ، حرف جار، کیلئے، کَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کیلئے)

النِّسَآءُ، عورتوں، واحد، اِمۡرَاَۃٌ، مِنۡۢ بَعۡدُ، مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدُ، مجرور، بعد (اس کے بعد) وَ، حرف عطف (اور) لَا (نہ) اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (یہ کہ)

تَبَدَّلَ، اصل میں، تَتَبَدَّلَ، تھا ایک تا گر گئی ہے، فعل مضارع واحد مذکر حاضر تَبَدَّلَ یَتَبَدَّلُ، مصدر تَبَدُّلٌ، بدلنا، تبدیل کرنا (آپ بدل لیں) بِهِنَّ (بِ، هِنَّ) بِ، حرف جار، کے بدلے، هِنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں (ان عورتوں کے بدلے)

مِنۡ اَزۡوَاجٍ، مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَزۡوَاجٍ، مجرور، بیویوں، واحد، زَوۡجٌ، بیوی اور خاوند دونوں کیلئے بولا جاتا ہے (کوئی (اور) بیویاں) وَّ، حرف عطف (اور) لَوۡ، وصلیہ (اگرچہ)

اَعۡجَبَكَ (اَعۡجَبَ، کَ) اَعۡجَبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعۡجَبَ یُعۡجِبُ، مصدر اِعۡجَابٌ، اچھا لگنا، وہ اچھا لگے، کَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کو (آپ کو اچھا لگے)

حُسْنُهُنَّ (حُسْنُ، هُنَّ) حُسْنُ، مضاف، اسم مصدر، اچھاہونا، عمدہ ہونا، حسن، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں کا (ان عورتوں کا حسن) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) مَا، اسم موصول (جس کا) مَلَكَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب مَلَكَ يَمْلِكُ، مصدر مَلْكٌ، مالک بننا (مالک بنا) يَمِيْنُكَ (يَمِيْنُ، كَ) يَمِيْنُ، مضاف، دایاں ہاتھ، جمع، اَيْمَانٌ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (آپ کا دایاں ہاتھ)

وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾	اور اللہ ہر چیز پر خوب نگران ہے

ع ۶ / ۱۲ / ۳

وَ، حرف عطف، اور، كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، وہ ہے، اللّٰهُ، اللہ (اور اللہ ہے) عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ، عَلٰى، حرف جار، پر، كُلِّ، مجرور مضاف، ہر، شَيْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز پر) رَّقِيْبًا، اللہ کا صفاتی نام، رُقُوْبٌ، رَقَابَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب نگران)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَ لٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَ لَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم نبی (ﷺ) کے گھروں میں مت داخل ہوا کرو مگر یہ کہ تم کو کھانے کی طرف اجازت دی جائے نہ اس کے پکنے کا انتظار کرنے والے (بنو) اور لیکن جب تم بلائے جاؤ تو تم داخل ہو جاؤ پھر جب تم کھانا کھا چکو تو تم منتشر ہو جاؤ اور نہ باتوں میں دلچسپی کے ساتھ بیٹھ رہنے والے (بنو)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (يَا، اَيُّهَا، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ میں، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، لگاتے ہیں، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا، منادیٰ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) لَا تَدْخُلُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر دَخَلَ يَدْخُلُ، مصدر دُخُوْلًا، داخل ہونا (تم مت داخل ہوا کرو) بُيُوْتَ النَّبِيِّ، بُيُوْتَ، مضاف، گھروں، واحد، بَيْتٌ، اَلنَّبِيِّ، مضاف الیہ،

نبی (ﷺ) کے (نبی (ﷺ) کے گھروں) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر) اَنْ، مصدر یہ ناصبہ (یہ کہ)

يُّؤْذَنَ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب اَذِنَ يَاْذَنُ، مصدر اِذْنًا، اجازت دینا (اجازت دی جائے)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، کو، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم کو)

اِلٰى طَعَامٍ، اِلٰى، حرف جار، کی طرف، طَعَامٍ، مجرور، کھانا (کھانے کی طرف)

غَيْرَ نٰظِرِيْنَ، غَيْرَ، مضاف، نہ، نٰظِرِيْنَ، مضاف الیہ، نَظْرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، انتظار کرنے والے (نہ انتظار کرنے والے) اِنٰىهُ (اِنٰى، هُ) اِنٰى، مضاف، مصدر ہے، پکنا، هُ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے پکنے کا) وَ، حرف عطف (اور) لٰكِنْ، حرف استدراک (لیکن)

اِذَا، اسم ظرف متضمن بمعنی شرط (جب) دُعِيْتُمْ، فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر دَعَا يَدْعُوْ، مصدر دُعَآءٌ، دَعْوَةٌ، پکارنا، بلانا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (تم بلائے جاؤ)

فَادْخُلُوْا (فَ، اُدْخُلُوْا) فَ، حرف عطف، تو، اُدْخُلُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر دَخَلَ يَدْخُلُ، مصدر دُخُوْلًا، داخل ہونا (تو تم داخل ہو جاؤ)

فَاِذَا (فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، تو، اِذَا، اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط، جب (پھر جب)

طَعِمْتُمْ فعل ماضی جمع مذکر حاضر طَعِمَ يَطْعَمُ، مصدر طَعَامٌ، کھانا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (تم کھانا کھا چکو) فَانْتَشِرُوْا (فَ، اِنْتَشِرُوْا) فَ، حرف عطف، تو، اِنْتَشِرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِنْتَشَرَ يَنْتَشِرُ، مصدر اِنْتِشَارٌ، منتشر ہونا (تم منتشر ہو جاؤ) وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ)

مُسْتَاْنِسِيْنَ، اِسْتِيْنَاسٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (جی لگانے، دلچسپی کے ساتھ بیٹھ رہنے والے)

لِحَدِيْثٍ (لِ، حَدِيْثٍ) لِ، حرف جار بمعنی، فِيْ، میں، حَدِيْثٍ، مجرور، بات، جمع، اَحَادِيْثٌ (بات میں)

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۫	بے شک یہ (تمہارا بیٹھنا) نبی کو تکلیف دیتا ہے تو وہ تم سے (اٹھ جانے کا کہتے ہوئے) شرماتے ہیں)

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) ذٰلِكُمْ، اسم اشارہ، كُمْ، جمع مذکر حاضر، خطاب کیلئے (یہ)

کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)

یُؤۡذِیۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰذٰی یُؤۡذِیۡ مصدر اِیۡذَآءٌ، اذیت دینا، تکلیف دینا (وہ تکلیف دیتا ہے)

النَّبِیَّ (نبی (ﷺ) کو) فَیَسۡتَحۡیٖ (فَ، یَسۡتَحۡیٖ) فَ، حرف عطف، تو، یَسۡتَحۡیٖ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِسۡتَحۡیٰی یَسۡتَحۡیِیۡ، مصدر اِسۡتِحۡیَآءٌ، شرمانا، وہ شرماتا ہے (تو وہ شرماتا ہے)

مِنۡکُمۡ (مِنۡ، کُمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے)

وَاللّٰہُ لَا یَسۡتَحۡیٖ مِنَ الۡحَقِّ ؕ	اور اللہ حق (بات کہنے) سے نہیں شرماتا

وَ، حرف عطف (اور) اللّٰہُ، اللہ (اللہ) لَا یَسۡتَحۡیٖ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اِسۡتَحۡیٰی یَسۡتَحۡیِیۡ، مصدر اِسۡتِحۡیَآءٌ، شرمانا (وہ نہیں شرماتا ہے)

مِنَ الۡحَقِّ، مِنۡ، حرف جار، سے، اَلۡحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق (بات کہنے) سے)

وَ اِذَا سَاَلۡتُمُوۡهُنَّ مَتَاعًا فَسۡـَٔلُوۡهُنَّ مِنۡ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ	اور جب تم ان (ازواج مطہرات) سے کوئی سامان مانگو تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف زمان بمعنی شرط (جب)

سَاَلۡتُمُوۡهُنَّ (سَاَلۡتُمۡ، وۡ، هُنَّ) سَاَلۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر سَاَلَ یَسۡئَلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، مانگنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، تم مانگو، وۡ، اشباع کا، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان سے، ضمیر کا مرجع، اَزۡوَاجَ النَّبِیِّ، ہے (تم ان سے مانگو) مَتَاعًا، اسم مفرد منصوب نکرہ، اسم مصدر (کام آنے والی چیز دینا، کوئی سامان، ضرورت کی کوئی چیز، فائدہ اٹھانے کا سامان) فَسۡـَٔلُوۡهُنَّ (فَ، اِسۡـَٔلُوۡا، هُنَّ) فَ، حرف عطف، تو، اِسۡـَٔلُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر سَاَلَ یَسۡئَلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، مانگنا، تم مانگو، هُنَّ، ضمیر جمع مونث غائب، ان سے (تم ان سے مانگو) مِنۡ وَّرَآءِ حِجَابٍ، مِنۡ، حرف جار، سے، وَرَآءِ، مجرور، مضاف، مصدر، آگے ہونا، پیچھے ہونا پیچھے، حِجَابٍ، مضاف الیہ، پردے کے (پردے کے پیچھے سے)

ذٰلِکُمۡ اَطۡهَرُ لِقُلُوۡبِکُمۡ وَ قُلُوۡبِهِنَّ ؕ	یہ تمہارے دلوں اور ان عورتوں کے دلوں کیلئے زیادہ پاکیزہ ہے

ذٰلِکُمۡ ،اسم اشارہ، کُمۡ ، ضمیر جمع مذکر حاضر،خطاب کیلئے (یہ)

اَطۡهَرُ ،طَهَارَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ پاکیزہ)

لِقُلُوۡبِکُمۡ (لِ،قُلُوۡبِ، کُمۡ) لِ، حرف جار، کیلئے،قُلُوۡبِ، مجرور، مضاف، دلوں،واحد،قَلۡبٌ، کُمۡ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے دلوں کیلئے) وَ، حرف عطف (اور)

قُلُوۡبِهِنَّ (قُلُوۡبِ۔هِنَّ) قُلُوۡبِ، مضاف، دلوں،واحد،قَلۡبٌ،هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب،ان عورتوں کے، ضمیر کا مرجع،اَزۡوَاجَ النَّبِیِّ، ہے (ان عورتوں کے دلوں کیلئے)

وَمَا کَانَ لَکُمۡ اَنۡ تُؤۡذُوۡا رَسُوۡلَ اللّٰهِ وَ لَاۤ اَنۡ تَنۡکِحُوۡۤا اَزۡوَاجَهٗ مِنۡۢ بَعۡدِهٖۤ اَبَدًا ؕ	اور تمہارے لئے (ہرگز جائز) نہیں ہے کہ تم اللہ کے رسول کو تکلیف پہنچاؤ اور نہ یہ کہ تم اس کے بعد کبھی بھی اس کی بیویوں سے نکاح کرو

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں)

کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)

لَکُمۡ (لَ،کُم) لَ، حرف جار، لئے، کُم، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

اَنۡ، مصدریہ (کہ) تُؤۡذُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اٰذٰی یُؤۡذِیۡ، مصدر اِیۡذَآءٌ، تکلیف پہنچانا، اذیت دینا، (تم تکلیف پہنچاؤ) رَسُوۡلَ اللّٰهِ،رَسُوۡلَ، مضاف، رسول،اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے رسول کو) وَ، حرف عطف،اور،لَا، نافیہ،نہ،اَنۡ، مصدریہ، یہ کہ (اور نہ یہ کہ)

تَنۡکِحُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر نَکَحَ یَنۡکِحُ، مصدر نِکَاحٌ، نکاح کرنا (تم نکاح کرو)

اَزۡوَاجَهٗ (اَزۡوَاجَ،هٗ) اَزۡوَاجَ، مضاف، بیویوں، واحد،زَوۡجٌ،هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب،اس کی، ضمیر کا مرجع،اَلنَّبِیُّ، ہے (اس کی بیویوں سے)

مِنۡۢ بَعۡدِهٖ، مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدِ، مجرور، مضاف، بعد، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے بعد) اَبَدًا (ہمیشہ، زمانہ مستقبل غیر محدود، کبھی بھی)

اِنَّ ذٰلِكُمۡ كَانَ عِنۡدَ اللّٰهِ عَظِيۡمًا ۝۵۳	بے شک یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑا (گناہ) ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) ذٰلِكُمۡ، اسم اشارہ، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، خطاب کیلئے (یہ)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)

عِنۡدَ اللّٰهِ، عِنۡدَ، مضاف، پاس، نزدیک، اَللّٰهِ، اللہ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے نزدیک)

عَظِيۡمًا، عَظۡمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت بڑا)

اِنۡ تُبۡدُوۡا شَيۡـًٔا اَوۡ تُخۡفُوۡهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمًا ۝۵۴	اگر تم کوئی چیز ظاہر کرو یا تم اسے چھپاؤ تو بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

اِنۡ، شرطیہ (اگر) تُبۡدُوۡا، اصل میں، تُبۡدُوۡنَ، تھا، اِنۡ، کی وجہ سے نون حذف ہو گیا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَبۡدٰى يُبۡدِىۡ، مصدر اِبۡدَآءٌ، ظاہر کرنا (تم ظاہر کرو) شَيۡـًٔا (کوئی چیز) اَوۡ، حرف عطف (یا)

تُخۡفُوۡهُ (تُخۡفُوۡا، هُ) تُخۡفُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَخۡفٰى يُخۡفِىۡ، مصدر اِخۡفَآءٌ، چھپانا، تم چھپاؤ، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تم اسے چھپاؤ)

فَاِنَّ اللّٰهَ (فَ، اِنَّ، اللّٰهَ) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اللّٰهَ، اللہ (تو بے شک اللہ)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)

بِكُلِّ شَىۡءٍ (بِ، كُلِّ، شَىۡءٍ) بِ، حرف جار، کو، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَىۡءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کو)

عَلِيۡمًا، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

لَا جُنَاحَ عَلَيۡهِنَّ فِىۡۤ اٰبَآئِهِنَّ وَلَاۤ اَبۡنَآئِهِنَّ وَلَاۤ اِخۡوَانِهِنَّ وَلَاۤ اَبۡنَآءِ اِخۡوَانِهِنَّ وَلَاۤ اَبۡنَآءِ	ان عورتوں پر (پردہ نہ کرنے میں) کوئی گناہ نہیں اپنے باپوں سے اور نہ اپنے بیٹوں سے اور نہ اپنے بھائیوں سے اور نہ اپنے بھائیوں کے بیٹوں سے اور نہ اپنی بہنوں کے بیٹوں

اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ	سے اور نہ اپنی عورتوں سے اور نہ جن کے مالک ان کے دائیں ہاتھ ہوئے

لَا جُنَاحَ ،لَا، نافیہ، نہیں ،جُنَاحَ ،جُنُوۡحٌ، مصدر سے کوئی گناہ (کوئی گناہ نہیں)

عَلَيْهِنَّ (عَلٰی ،هِنَّ) عَلٰی ، حرف جار، پر، هِنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب ،ان عورتوں (ان عورتوں پر)

فِیۡۤ اٰبَآئِهِنَّ (فِیۡۤ ،اٰبَآءِ ،هِنَّ) فِیۡ ، حرف جار ، بمعنی ، مِنۡ ،سے ،اٰبَآءِ، مجرور، مضاف ، باپوں ،واحد ،اَبٌ ، هِنَّ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب ،اپنے (اپنے باپوں سے)

وَ لَاۤ ،وَ ، حرف عطف ،اور ،لَا ، نافیہ ،نہ (اور نہ)

اَبْنَآئِهِنَّ (اَبْنَآءِ ،هِنَّ) اَبْنَآءِ ، مضاف ، بیٹوں ،واحد ،اِبْنٌ ،هِنَّ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب ،اپنے ، (اپنے بیٹوں سے) وَ ، حرف عطف (اور) لَاۤ ، نافیہ (نہ)

اِخْوَانِهِنَّ (اِخْوَانِ ،هِنَّ) اِخْوَانِ ، مضاف ، بھائیوں ،واحد ،اَخٌ ،هِنَّ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب اپنے (اپنے بھائیوں سے) وَ لَاۤ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ ،وَ ، حرف عطف ،اور ،لَا ، نافیہ ،نہ ،اَبْنَآءِ ، بیٹوں ،واحد ،اِبْنٌ اِخْوَانِ ، مضاف ، بھائیوں ،واحد ،اَخٌ ،هِنَّ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب ،اپنے (اور نہ اپنے بھائیوں کے بیٹوں سے) وَ لَاۤ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ ،وَ ، حرف عطف ،اور ،لَا ، نافیہ ،نہ ،اَبْنَآءِ ، بیٹوں ،واحد ،اِبْنٌ ، اَخَوٰتِ ، مضاف ، بہنوں ،واحد ،اُخْتٌ ،هِنَّ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب ،اپنی (اور نہ اپنی بہنوں کے بیٹوں سے) وَ لَا نِسَآئِهِنَّ (وَ ،لَا ،نِسَآءِ ،هِنَّ) وَ ، حرف عطف ،اور ،لَا ، نافیہ ،نہ ،نِسَآءِ ، مضاف ، عورتوں ، واحد ،اِمْرَاَةٌ ،هِنَّ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب ،اپنی (اور نہ اپنی عورتوں سے)

وَ ، حرف عطف (اور) لَا ، نافیہ (نہ) مَا ،اسم موصول (جن کے)

مَلَكَتْ ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب مَلَكَ يَمْلِكُ ، مصدر مَلْكًا ، مالک ہونا (وہ مالک ہوئی)

اَيْمَانُهُنَّ (اَيْمَانُ ،هُنَّ) اَيْمَانُ ، مضاف ، دائیں ہاتھ ،واحد ،يَمِيْنٌ ،هُنَّ ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب ،ان کے (ان کے دائیں ہاتھ)

وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ	اور تم عورتیں اللہ سے ڈرو

وَ، حرف عطف (اور) اِتَّقِيْنَ، فعل امر جمع مؤنث حاضر اِتَّقٰى يَتَّقِيْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (تم عورتیں ڈرو) اللّٰهَ (اللہ سے)

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾	بے شک اللہ ہر چیز پر گواہ ہے

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ ـ اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ، عَلٰى، حرف جار، پر، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَيْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز پر)

شَهِيْدًا، شَهَادَةٌ وَّ شُهُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل بمعنی، شَاهِدٌ (گواہ)

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ	بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں

اِنَّ اللّٰهَ، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ) وَ، حرف عطف (اور)

مَلٰٓئِكَتَهٗ (مَلٰٓئِكَةَ، هٗ) مَلٰٓئِكَةَ، مضاف، فرشتے، واحد، مَلَكٌ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے فرشتے) يُصَلُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب صَلّٰى يُصَلِّيْ، مصدر صَلَاةٌ وَّتَصْلِيَةٌ، رحمت بھیجنا، درود بھیجنا، نماز پڑھنا (وہ درود بھیجتے ہیں)

عَلَى النَّبِيِّ (عَلٰى ـ اَلنَّبِيِّ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلنَّبِيِّ، مجرور، نبی (ﷺ) (نبی ﷺ پر)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم اس (نبی ﷺ) پر درود بھیجو اور تم سلام بھیجو خوب سلام بھیجنا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (يَا، اَيُّهَا، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادیٰ میں، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، لگاتے ہیں، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا، منادیٰ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) صَلُّوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر صَلّٰى يُصَلِّيْ، مصدر صَلَاةٌ وَّتَصْلِيَةٌ، درود

وسلام بھیجنا (تم درود بھیجو) عَلَیۡہِ (عَلٰی، ہِ) عَلٰی، حرف جار، پر، ہِ مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلنَّبِیِّ، ہے (اس پر) وَ، حرف عطف (اور) سَلِّمُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر سَلَّمَ یُسَلِّمُ، مصدر تَسۡلِیۡمًا، سلام بھیجنا (تم سلام بھیجو) تَسۡلِیۡمًا (خوب سلام بھیجنا)

اِنَّ الَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ اللّٰہَ وَ رَسُوۡلَہٗ لَعَنَہُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ وَ اَعَدَّ لَہُمۡ عَذَابًا مُّہِیۡنًا ﴿۵۷﴾	بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کو تکلیف پہنچاتے ہیں اللہ نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی اور اس نے ان کیلئے رسوا کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

یُؤۡذُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰذٰی یُؤۡذِیۡ، مصدر اِیۡذَآءٌ، اذیت دینا، تکلیف پہنچانا (وہ تکلیف پہنچاتے ہیں) اَللّٰہَ (اللہ) وَ، حرف عطف (اور)

رَسُوۡلَہٗ (رَسُوۡلَ، ہٗ) رَسُوۡلَ، مضاف، رسول، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول) لَعَنَہُمۡ (لَعَنَ، ھُمۡ) لَعَنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب لَعَنَ یَلۡعَنُ، مصدر لَعۡنًا، لعنت کرنا، اس نے لعنت کی، ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (اس نے ان پر لعنت کی) اللّٰہُ، فاعل (اللہ نے)

فِی الدُّنۡیَا، فِیۡ، حرف جار، میں، اَلدُّنۡیَا، مجرور، دنیا (دنیا میں)

وَ، حرف عطف (اور) الۡاٰخِرَۃِ (آخرت) وَ، حرف عطف (اور)

اَعَدَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعَدَّ یُعِدُّ، مصدر اِعۡدَادٌ، تیار رکھنا (اس نے تیار کر رکھا ہے)

لَھُمۡ (لَ، ھُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، ھُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

عَذَابًا مُّھِیۡنًا، عَذَابًا، موصوف، عذاب، مُّھِیۡنًا، صفت، اِھَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، رسوا کرنے والا (رسوا کرنے والا عذاب)

وَ الَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ بِغَیۡرِ مَا اکۡتَسَبُوۡا فَقَدِ	اور وہ لوگ جو مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اذیت دیتے ہیں بغیر اس کے جو اُنہوں نے (کوئی

ع۷ ۴

اِحۡتَمَلُوۡا بُهۡتَانًا وَّ اِثۡمًا مُّبِیۡنًا ﴿۵۸﴾	گناہ) کمایا ہو تو یقیناً اُنہوں نے بہتان اور واضح گناہ کا بوجھ اٹھایا

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

یُؤۡذُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰذٰی یُؤۡذِیۡ، مصدر اِیۡذَآءٌ، اذیت دینا، تکلیف پہنچانا (وہ اذیت دیتے ہیں) اَلۡمُؤۡمِنِیۡنَ، اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان رکھنے والے، مومن مردوں، واحد، اَلۡمُؤۡمِنُ

وَ، حرف عطف (اور) اَلۡمُؤۡمِنٰتِ، اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، ایمان والیاں، مومن عورتیں، واحد، اَلۡمُؤۡمِنَةُ، بِغَیۡرِ (بِ، غَیۡرِ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، غَیۡرِ، مجرور (بغیر)

مَا، اسم موصول (اس کے جو) اِکۡتَسَبُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِکۡتَسَبَ یَکۡتَسِبُ، مصدر اِکۡتِسَابٌ کمانا (اُنہوں نے کمایا ہو)

فَقَدِ (فَ، قَدۡ) فَ، حرف عطف، تو، قَدۡ، کلمہ تحقیق، یقیناً (تو یقیناً)

اِحۡتَمَلُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِحۡتَمَلَ یَحۡتَمِلُ، مصدر اِحۡتِمَالٌ، بوجھ اٹھانا (اُنہوں نے بوجھ اٹھایا)

بُهۡتَانًا، بہتان، ایسا جھوٹ جسے سن کر سننے والا حیران ہو جائے، وَّ، حرف عطف (اور)

اِثۡمًا مُّبِیۡنًا، اِثۡمًا، موصوف، گناہ، مُبِیۡنًا، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، صریح، کھلا، واضح (واضح گناہ)

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلۡ لِّاَزۡوَاجِكَ وَ بَنٰتِكَ وَ نِسَآءِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ یُدۡنِیۡنَ عَلَیۡهِنَّ مِنۡ جَلَابِیۡبِهِنَّ ؕ	اے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) !آپ کہہ دیجئے اپنی بیویوں اور اپنی بیٹیوں اور مومنوں کی عورتوں سے کہ (باہر نکلتے وقت) وہ اپنی چادروں کو اپنے اوپر اوڑھ لیا کریں

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ (یَا، اَیُّهَا، اَلنَّبِیُّ) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادٰی پر، اَلۡ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ اَیُّهَا، بڑھا دیتے ہیں، اَلنَّبِیُّ، منادٰی، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

لِّاَزْوَاجِكَ (لِ،اَزْوَاجِ،كَ) لِ، حرف جار، سے، اَزْوَاجِ، مجرور، مضاف، بیویوں، واحد، زَوْجٍ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنی (اپنی بیویوں سے) وَ، حرف عطف (اور)

بَنٰتِكَ (بَنٰتِ،كَ) بَنٰتِ، مضاف، بیٹیوں، واحد، بِنْتٌ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنی (اپنی بیٹیوں) وَ، حرف عطف (اور) نِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ، نِسَآءِ، مضاف، عورتوں، واحد، اِمْرَاَةٌ، اَلْمُؤْمِنِيْنَ، مضاف الیہ، مومنوں کی (مومنوں کی عورتوں)

يُدْنِيْنَ، فعل مضارع جمع مونث غائب اَدْنٰى يُدْنِيْ، مصدر اِدْنَآءٌ، لٹکانا، اوڑھنا، نیچے کرنا (وہ اوڑھ لیا کریں) عَلَيْهِنَّ (عَلٰى،هِنَّ) عَلٰى، حرف جار، اوپر، هِنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے اوپر)

مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ (مِنْ، جَلَابِيْبِ، هِنَّ) مِنْ، حرف جار، سے، جَلَابِيْبِ، مجرور، مضاف، چادروں، واحد، جِلْبَابٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی چادروں سے)

ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ	یہ (بات) زیادہ قریب ہے کہ وہ پہچان لی جائیں تو وہ ایذا نہ دی جائیں

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، ترجمہ، وہ، ضرورتاً ترجمہ (یہ) کیا جاتا ہے،

اَدْنٰٓى، دَانٍ، سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ قریب) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ)

يُّعْرَفْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مؤنث غائب عَرَفَ يَعْرِفُ، مصدر عِرْفَانٌ، پہچاننا (وہ پہچان لی جائیں) فَلَا يُؤْذَيْنَ (فَ، لَا يُؤْذَيْنَ) فَ، حرف عطف، تو، لَا يُؤْذَيْنَ، فعل مضارع منفی مجہول جمع مؤنث غائب اٰذٰى يُؤْذِيْ، مصدر اِيْذَاءٌ، اذیت دینا، ایذا دینا، وہ اذیت نہ دی جائیں (تو وہ ایذا نہ دی جائیں)

وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾	اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

اللّٰهُ (اللہ) غَفُوْرًا، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

رَّحِيْمًا، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

لَئِنۡ لَّمۡ يَنۡتَهِ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَ الَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ وَّ الۡمُرۡجِفُوۡنَ فِى الۡمَدِيۡنَةِ لَنُغۡرِيَنَّكَ بِهِمۡ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوۡنَكَ فِيۡهَاۤ اِلَّا قَلِيۡلًا ۛۖ ﴿۶۰﴾	یقیناً اگر منافق لوگ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے اور مدینہ میں جھوٹی خبریں اڑانے والے لوگ باز نہ آئے بلاشبہ ہم آپ کو ان پر ضرور مسلط کر دیں گے پھر وہ اس میں آپ کے پڑوس میں نہیں رہیں گے مگر بہت تھوڑے۔

لَئِنۡ (لَ،اِنۡ) لَ،لام تاکید، یقیناً،اِنۡ، شرطیہ، اگر (یقیناً اگر)

لَّمۡ يَنۡتَهِ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب اِنۡتَهٰى يَنۡتَهِىۡ، مصدر اِنۡتِهَآءٌ، باز آنا، رک جانا، چھوڑ دینا، لَمۡ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ باز نہ آیا)

الۡمُنٰفِقُوۡنَ، نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، نفاق کرنے والے (منافق لوگ) واحد، اَلۡمُنَافِقُ،

وَ، حرف عطف (اور) الَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جن کے)

فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ (فِىۡ، قُلُوۡبِ، هِمۡ) فِىۡ، حرف جار، میں، قُلُوۡبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلۡبٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دلوں میں) مَّرَضٌ (بیماری)

وَّ، حرف عطف (اور) الۡمُرۡجِفُوۡنَ، اِرۡجَافٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جھوٹی خبریں اڑانے والے، واحد، اَلۡمُرۡجِفُ، فِى الۡمَدِيۡنَةِ، فِىۡ، حرف جار، میں، اَلۡمَدِيۡنَةِ، مجرور، مدینہ (مدینہ میں)

لَنُغۡرِيَنَّكَ (لَ، نُغۡرِيَنَّ، كَ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، نُغۡرِيَنَّ، فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم اَغۡرٰى يُغۡرِىۡ، مصدر اِغۡرَآءٌ، مسلط کرنا، بلاشبہ ہم ضرور مسلط کر دیں گے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کو (بلاشبہ ہم آپ کو ضرور مسلط کر دیں گے)

بِهِمۡ (بِ، هِمۡ) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰى، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) لَا يُجَاوِرُوۡنَكَ (لَا يُجَاوِرُوۡنَ، كَ) لَا يُجَاوِرُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب جَاوَرَ يُجَاوِرُ، مصدر مُجَاوَرَةً، پڑوس میں رہنا، وہ پڑوس میں نہیں رہیں گے، كَ، ضمیر واحد مذکر

حاضر، آپ کے (وہ آپ کے پڑوس میں نہیں رہیں گے)

فِيْهَآ (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْمَدِيْنَةِ، ہے، (اس میں) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) قَلِيْلًا، قِلَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت تھوڑے، بہت کم)

مَّلْعُوْنِيْنَ ۛ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿٦١﴾	لعنت کئے گئے لوگ جہاں کہیں پائے جائیں وہ پکڑے جائیں اور وہ بری طرح قتل کر دیئے جائیں خوب بری طرح قتل کرنا

مَّلْعُوْنِيْنَ، لَعْنٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (لعنت کئے گئے لوگ) واحد، مَلْعُوْنٌ،

اَيْنَمَا، اَيْنَ، شرطیہ اور، مَا، موصولہ ہے (جس جگہ، جہاں کہیں)

ثُقِفُوْٓا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب ثَقِفَ يَثْقَفُ مصدر ثَقْفٌ، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ پائے جائیں) اُخِذُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اَخَذَ يَاْخُذُ، مصدر اَخْذًا، پکڑنا (وہ پکڑے جائیں)

وَ، حرف عطف (اور) قُتِّلُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب قَتَّلَ يُقَتِّلُ، مصدر تَقْتِيْلًا، بری طرح قتل کرنا (وہ بری طرح قتل کر دیئے جائیں) تَقْتِيْلًا، مصدر (بری طرح قتل کرنا)

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ	اللہ کا (یہی) دستور ان لوگوں میں (جاری رہا) ہے جو اس سے پہلے گزر گئے

سُنَّةَ اللّٰهِ، سُنَّةَ، مضاف، اسم ہے، رسم، دستور، طریقہ، جمع، سُنَنٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا دستور)

فِي الَّذِيْنَ، فِيْ، حرف جار، میں، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں میں جو)

خَلَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب خَلَا يَخْلُوْ، مصدر خُلُوًّا وَّ خَلَآءٌ، گزرنا، تنہا ہونا، خالی ہونا (وہ گزر گئے)

مِنْ قَبْلُ، مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلُ، مجرور، پہلے (اس سے پہلے)

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٦٢﴾	اور آپ اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) لَنْ تَجِدَ، فعل مضارع منفی تاکید بلن واحد مذکر حاضر وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا وَّ وُجُوْدٌ، پانا، گم شدہ مل جانا (آپ ہرگز نہیں پائیں گے)

لِسُنَّةِ اللّٰهِ(لِ،سُنَّةِ،اَللّٰهِ)لِ، حرف جار، بمعنی،فِیْ، میں،سُنَّةِ، مجرور، مضاف،اسم ہے،دستور، طریقہ، سنت، رسم،اَللّٰهِ، مضاف الیہ،اللہ کے (اللہ کے دستور میں)تَبْدِيْلًا،اسم مصدر (کوئی تبدیلی)

يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ	لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں

يَسْـَٔلُكَ(يَسْـَٔلُ،كَ)يَسْـَٔلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب سَاَلَ يَسْـَٔلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا، وہ پوچھتے ہیں،كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ (وہ آپ سے پوچھتے ہیں)النَّاسُ(لوگ)

عَنِ السَّاعَةِ،عَنْ، حرف جار، کے بارے میں،اَلسَّاعَةِ، مجرور، قیامت (قیامت کے بارے میں)

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ	آپ کہہ دیجئے اس کا علم صرف اللہ کے پاس ہے

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا(آپ کہہ دیجئے)

اِنَّمَا،اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور،مَا، حصر کیلئے آتی ہے (بے شک، صرف، سوائے اس کے نہیں)

عِلْمُهَا(عِلْمُ،هَا)عِلْمُ، مضاف،اسم مصدر، علم،هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب،اس، کا ضمیر کا مرجع،السَّاعَةِ، ہے(اس کا علم)

عِنْدَ اللّٰهِ،عِنْدَ، مضاف، پاس،ہاں،اللّٰهِ، مضاف الیہ،اللہ کے (اللہ کے پاس)

وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ۝	اور آپ کو کیا(چیز) معلوم کرواتی ہے شاید قیامت بہت قریب ہو

وَمَا،وَ، حرف عطف،اور،مَا،استفہامیہ، کیا، کس نے (اور کیا)

يُدْرِيْكَ(يُدْرِیْ،كَ)يُدْرِیْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَدْرٰی يُدْرِیْ، مصدر اِدْرَآءٌ، معلوم کرانا، سمجھانا، وہ معلوم کرواتی ہے،كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر،آپ (وہ آپ کو معلوم کرواتی ہے)

لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل (شاید)السَّاعَةَ (قیامت)

تَكُوْنُ، فعل ناقص مضارع واحد مؤنث غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہو)

قَرِيْبًا،قُرْبٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت قریب)

اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَ اَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿۶۴﴾	بے شک اللہ نے کافروں پر لعنت کی ہے اور اس نے ان کیلئے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے

اِنَّ اللّٰهَ، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

لَعَنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب لَعَنَ يَلْعَنُ، مصدر لَعْنًا، لعنت کرنا (اس نے لعنت کی ہے)

اَلْكٰفِرِيْنَ، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کفر کرنے والے، کافروں) وَ، حرف عطف (اور)

اَعَدَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعَدَّ يُعِدُّ، مصدر اِعْدَادٌ، تیار کر رکھنا (اس نے تیار کر رکھی ہے)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

سَعِيْرًا، سَعْرٌ، مصدر سے، جس کے معنی آگ بھڑکانے کے ہیں، بمعنی مفعول (بھڑکتی ہوئی آگ)

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ	اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں ہمیشہ

خٰلِدِيْنَ، خُلُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہمیشہ رہنے والے)

فِيْهَآ (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، سَعِيْرًا، ہے، (اس میں) اَبَدًا، زمانہ مستقبل غیر محدود (ہمیشہ)

لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۚ ﴿۶۵﴾	وہ کوئی دوست نہیں پائیں گے اور نہ ہی مددگار

لَا يَجِدُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانٌ وَّوُجُوْدٌ، پانا (وہ نہیں پائیں گے) وَلِيًّا، وَلَايَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (کوئی دوست) وَّ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ)

نَصِيْرًا، نَصْرٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (مددگار)

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَ اَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿۶۶﴾	جس دن ان کے چہرے آگ میں الٹ پلٹ کئے جائیں گے وہ کہیں گے اے کاش ہم اللہ کی اطاعت کرتے اور ہم رسول کی اطاعت کرتے

يَوْمَ (جس) دن، تُقَلَّبُ، فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب قَلَّبَ يُقَلِّبُ، مصدر تَقْلِيْبٌ، اوندھا ڈالنا،

الٹ پلٹ کرنا (وہ الٹ پلٹ کیے جائیں گے) وُجُوۡهُهُمۡ (وُجُوۡهُ،هُمۡ) وُجُوۡهُ، مضاف، چہرے، واحد، وَجۡهٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے چہرے)

فِي النَّارِ (فِيۡ۔اَلنَّارِ) فِيۡ، حرف جار، میں، اَلنَّارِ، مجرور، آگ (آگ میں)

يَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (وہ کہیں گے)

يٰلَيۡتَنَاۤ (يَا،لَيۡتَ،نَا) يَا، حرف تنبیہ و ندا، اے، منادٰی محذوف ہے، لَيۡتَ، حرف مشبہ بالفعل، تمنا کیلئے استعمال ہوتا ہے، کاش، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (اے کاش ہم)

اَطَعۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَطَاعَ يُطِيۡعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (ہم اطاعت کرتے) اللّٰهَ (اللہ کی) وَ، حرف عطف (اور) اَطَعۡنَا فعل ماضی جمع متکلم اَطَاعَ يُطِيۡعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (ہم اطاعت کرتے) الرَّسُوۡلَا (رسول کی)

وَقَالُوۡا رَبَّنَاۤ اِنَّاۤ اَطَعۡنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوۡنَا السَّبِيۡلَا ۝	اور وہ کہیں گے اے ہمارے رب! بے شک ہم نے اپنے سرداروں اور بڑوں کی اطاعت کی تو انہوں نے ہمیں (سیدھے) راستے سے گمراہ کر دیا

وَ، حرف عطف (اور) قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ کہیں گے) رَبَّنَاۤ، اصل میں، يَا رَبَّنَا، تھا (يَا، رَبَّ، نَا) يَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادٰی، رَبَّ، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

اِنَّاۤ (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

اَطَعۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَطَاعَ يُطِيۡعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا (ہم نے اطاعت کی)

سَادَتَنَا (سَادَتَ، نَا) سَادَتَ، مضاف، سِيَادَةٌ، سے جس کے معنی سرداری کرنے اور سردار ہونے کے ہیں، صفت مشبہ کا صیغہ، سرداروں، واحد، سَيِّدٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے سرداروں)

وَ، حرف عطف (اور) كُبَرَآءَنَا، كُبَرَآءَ، مضاف، كِبَرًا، مصدر سے صفت مشبہ، بڑوں، واحد، كَبِيۡرٌ،

نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے بڑوں) فَاَضَلُّوْنَا (فَ، اَضَلُّوْا، نَا) فَ، حرف عطف، تو، اَضَلُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَضَلَّ یُضِلُّ، مصدر اِضْلَالٌ، گمراہ کرنا، اُنہوں نے گمراہ کر دیا، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (تو انہوں نے ہمیں گمراہ کر دیا) السَّبِیْلَا (راستے)

رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَ الْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ۶۸	اے ہمارے رب! تو انہیں دوگنا عذاب دے اور تو ان پر لعنت کر بہت بڑی لعنت

ع ۸ ۵

رَبَّنَآ، اصل میں، یَا رَبَّنَا، تھا (یَا، رَبَّ، نَا) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادی، رَبَّ، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

اٰتِهِمْ (اٰتِ، هِمْ) اٰتِ، فعل امر واحد مذکر حاضر اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا، تو دے، هِمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (تو انہیں دے) ضِعْفَيْنِ، ضِعْفٌ، کا تثنیہ (دوگنا)

مِنَ الْعَذَابِ، مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَلْعَذَابِ، مجرور (عذاب) وَ، حرف عطف (اور) الْعَنْهُمْ (اِلْعَنْ، هُمْ) اِلْعَنْ، فعل امر واحد مذکر حاضر لَعَنَ یَلْعَنُ، مصدر لَعْنًا، لعنت کرنا، تو لعنت کر، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (تو ان پر لعنت کر)۔ لَعْنًا كَبِيْرًا، لَعْنًا، موصوف مصدر، لعنت، كَبِيْرًا، صفت، كِبَرٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑی (بہت بڑی لعنت)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے حضرت موسیٰ کو تکلیف پہنچائی تو اللہ نے اسے اس سے بے عیب ثابت کر دیا جو اُنہوں نے کہا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (یَا، اَیُّهَا، الَّذِیْنَ، اٰمَنُوْا) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادی میں، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، لگاتے ہیں، الَّذِیْنَ، اٰمَنُوْا، منادی، اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) لَا تَكُوْنُوْا، فعل ناقص نہی جمع مذکر حاضر کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (تم نہ ہو جانا)

كَالَّذِيْنَ (كَ، اَلَّذِيْنَ) كَ، حرف تشبیہ و حرف جار، مانند، کی طرح، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جنہوں نے (ان لوگوں کی طرح جنہوں نے)

اٰذَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰذٰی یُؤْذِیْ، مصدر اِیْذَآءٌ، اذیت دینا، تکلیف پہنچانا (اُنہوں نے تکلیف پہنچائی) مُوْسٰی (حضرت موسٰی) فَبَرَّاَهُ (فَ، بَرَّاَ، هُ) فَ، حرف عطف، تو، بَرَّاَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب بَرَّاَ یُبَرِّیْ، مصدر تَبْرِیَةٌ، بری کرنا، بے عیب ثابت کرنا، اس نے بے عیب ثابت کر دیا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے، ضمیر کا مرجع، حضرت موسٰی، ہے (تو اس نے اسے بے عیب ثابت کر دیا) اللّٰهُ (اللہ نے)

مِمَّا (مِنْ، مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

وَ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ۟	اور وہ اللہ کے ہاں بہت مرتبے والا تھا

وَ، حرف عطف (اور) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ یَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھا)

عِنْدَ اللّٰهِ (عِنْدَ، اَللّٰهِ) عِنْدَ، مضاف، پاس، نزدیک، ہاں، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے ہاں)

وَجِيْهًا، وَجَاهَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت مرتبے والا، بڑی وجاہت والا)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۟	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم اللہ سے ڈرو اور تم سیدھی بات کہو

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (يَا، اَيُّهَا، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا) يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادی میں، اَلْ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، يَا، کے ساتھ، اَيُّهَا، لگاتے ہیں، الَّذِيْنَ، اٰمَنُوْا، منادی، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو، اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) اتَّقُوا اللّٰهَ (اِتَّقُوْا، اللّٰهَ) اِتَّقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی یَتَّقِیْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا، تم ڈرو، اللّٰهَ، اللہ (تم اللہ سے ڈرو) وَ، حرف عطف (اور) قُوْلُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (تم کہو) قَوْلًا سَدِيْدًا، قَوْلًا، موصوف مصدر، کہنا، بات، قول، سَدِيْدًا، صفت، سَدَادٌ،

مصدر سے صفت مشبہ، درست، سیدھی (سیدھی بات)

يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ	وہ تمہارے لئے تمہارے اعمال درست کر دے گا اور وہ تمہارے لئے تمہارے گناہ بخش دے گا

يُّصْلِحْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم اَصْلَحَ يُصْلِحُ، مصدر اِصْلَاحًا، اصلاح کرنا، درست کرنا، (وہ درست کر دے گا) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے، (تمہارے لئے) اَعْمَالَكُمْ (اَعْمَالَ، كُمْ) اَعْمَالَ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے اعمال) وَ، حرف عطف (اور)

يَغْفِرْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم غَفَرَ يَغْفِرُ، مصدر غُفْرَانًا، بخشنا (وہ بخش دے گا) لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) ذُنُوْبَكُمْ (ذُنُوْبَ، كُمْ) ذُنُوْبَ، مضاف، گناہوں، واحد، ذَنْبٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے گناہوں)

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝	اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا تو یقیناً وہ کامیابی حاصل کرے گا بہت بڑی کامیابی

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول شرطیہ (جو) يُّطِعِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَطَاعَ يُطِيْعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا (وہ اطاعت کرے گا) اللّٰهَ (اللہ کی) وَ، حرف عطف (اور)

رَسُوْلَهٗ (رَسُوْلَ، هٗ) رَسُوْلَ، مضاف، رسول، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رسول) فَقَدْ (فَ، قَدْ) فَ، حرف عطف، تو، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (تو یقیناً)

فَازَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب فَازَ يَفُوْزُ، مصدر فَوْزًا، کامیابی حاصل کرنا، مَنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ کامیابی حاصل کرے گا) فَوْزًا عَظِيْمًا، فَوْزًا، موصوف، مصدر، کامیابی، عَظِيْمًا، صفت، عَظْمَةٌ مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑی، (بہت بڑی کامیابی)

اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَالۡجِبَالِ فَاَبَیۡنَ اَنۡ یَّحۡمِلۡنَهَا وَ اَشۡفَقۡنَ مِنۡهَا وَحَمَلَهَا الۡاِنۡسَانُ ؕ	بے شک ہم نے (اپنی) امانت آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کی تو اُنہوں نے انکار کر دیا کہ وہ اسے اٹھائیں اور وہ اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھالیا

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم نے) عَرَضۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم عَرَضَ یَعۡرِضُ، مصدر عَرۡضًا، پیش کرنا (ہم نے پیش کی) الۡاَمَانَۃَ (اپنی) امانت، عَلَی السَّمٰوٰتِ، عَلٰی، حرف جار، پر، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءِ، (آسمانوں پر) وَ الۡاَرۡضِ، وَ، حرف عطف، اور، اَلۡاَرۡضِ، زمین (اور زمین) وَ، حرف عطف (اور) الۡجِبَالِ (پہاڑوں) واحد، جَبَلِ، فَاَبَیۡنَ (فَ، اَبَیۡنَ) فَ، حرف عطف، تو، اَبَیۡنَ، فعل ماضی جمع مؤنث غائب اَبٰی یَاۡبٰی، مصدر اِبَآءٌ، انکار کرنا، انہوں نے انکار کر دیا (تو اُنہوں نے انکار کر دیا)
اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ) یَّحۡمِلۡنَهَا (یَحۡمِلۡنَ، هَا) یَحۡمِلۡنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب حَمَلَ یَحۡمِلُ، مصدر حَمۡلٌ، اٹھانا، وہ اٹھائیں، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے، ضمیر کا مرجع، اَلۡاَمَانَۃَ، ہے (وہ اسے اٹھائیں) وَ، حرف عطف (اور) اَشۡفَقۡنَ، فعل ماضی جمع مونث غائب اَشۡفَقَ یُشۡفِقُ، مصدر اِشۡفَاقٌ، ڈر جانا (وہ ڈر گئے) مِنۡهَا (مِنۡ، هَا) مِنۡ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، (اس سے) وَ، حرف عطف (اور) حَمَلَهَا (حَمَلَ، هَا) حَمَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَمَلَ یَحۡمِلُ، مصدر حَمۡلٌ، اٹھانا، اس نے اٹھالیا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کو، ضمیر کا مرجع، اَلۡاَمَانَۃَ، ہے (اس نے اس کو اٹھالیا)۔ الۡاِنۡسَانُ (انسان نے)

اِنَّهٗ کَانَ ظَلُوۡمًا جَهُوۡلًا ﴿۷۲﴾	بے شک وہ بہت ظالم، بہت جاہل ہے

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بے شک وہ) کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے)

ظَلُوْمًا، ظُلْمٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت ظالم)

جَهُوْلًا، جَهْلٌ وَّ جَهَالَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت جاہل)

لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ وَ يَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ	تاکہ اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے اور اللہ مومن مردوں اور مومن عورتوں پر توجہ (رحم) فرمائے

لِّيُعَذِّبَ(لِ، يُعَذِّبَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يُعَذِّبَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب عَذَّبَ يُعَذِّبُ، مصدر تَعْذِيبٌ، عذاب دینا، وہ عذاب دے (تاکہ وہ عذاب دے) اللّٰهُ (اللہ)

الْمُنٰفِقِيْنَ، نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (منافق مردوں) واحد، اَلْمُنَافِقُ، وَ، حرف عطف (اور)

الْمُنٰفِقٰتِ، نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (نفاق کرنے والیاں، منافق عورتیں) واحد، اَلْمُنَافِقَةُ، وَ، حرف عطف (اور) الْمُشْرِكِيْنَ، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، شرک کرنے والے (مشرک مردوں) واحد، اَلْمُشْرِكُ، وَ، حرف عطف (اور)

الْمُشْرِكٰتِ، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (شرک کرنے والیاں، مشرک عورتیں) واحد، اَلْمُشْرِكَةُ، وَ، حرف عطف (اور)

يَتُوْبَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَابَ يَتُوْبُ، مصدر تَوْبَةٌ، توبہ کرنا، جب تعدیہ میں، عَلٰی، ہو تو معنی، توبہ قبول کرنا، توجہ فرمانا ہوتا ہے (وہ توجہ فرمائے) اللّٰهُ (اللہ)

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ، عَلٰی، حرف جار، پر، اَلْمُؤْمِنِيْنَ، مجرور، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے مومن مردوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ (مومن مردوں پر) وَ، حرف عطف (اور)

الْمُؤْمِنٰتِ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، ایمان والیاں، مومن عورتیں، واحد، اَلْمُؤْمِنَةُ،

وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾ ع	اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

اللّٰهُ (اللہ) غَفُوْرًا، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

رَّحِيْمًا، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

اٰيَاتُهَا: ۵۴	سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ	رُكُوْعَاتُهَا: ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ	سب تعریف اللہ کیلئے ہے جس کی ملکیت ہے جو آسمانوں میں ہےاور جو زمین میں ہے اور آخرت میں سب تعریف اسی کیلئے ہے

اَلْحَمْدُ (اَلْ، حَمْدُ) اَلْ (سب) حرف تعریف، نکرہ کو معرفہ بنانے کیلئے اسم پر آتا ہے، حَمْدُ، تعریف، اللہ کی فضیلت اور ثنا کو حمد کہتے ہیں (سب تعریف)

لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے) اَلَّذِيْ، اسم موصول واحد مذکر (جس)

لَهٗ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار، برائے ملکیت، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کی ملکیت) مَا، اسم موصول (جو) فِي السَّمٰوٰتِ، فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءِ (آسمانوں میں)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، اسم موصول (جو)

فِي الْاَرْضِ، فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) وَ، حرف عطف (اور)

لَهُ (لَ، ہُ) لَ، حرف جار، کیلئے، ہُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی (اسی کیلئے)

الْحَمْدُ (سب تعریف) فِي الْاٰخِرَةِ، فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت میں)

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝	اور وہی کمال حکمت والا، خوب خبر رکھنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

الْحَكِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (کمال حکمت والا)

الْخَبِيْرُ، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب خبر رکھنے والا)

یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْهَا ؕ	وہ جانتا ہے جو زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو اس سے نکلتا ہے اور جو آسمان سے اترتا ہے اور جو اس میں چڑھتا ہے

یَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے)

مَا، اسم موصول (جو) یَلِجُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَلَجَ یَلِجُ، مصدر وُلُوْجٌ، داخل ہونا (وہ داخل ہوتا ہے) فِی الْاَرْضِ، فِیْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) وَ، حرف عطف (اور)

مَا، موصولہ (جو) یَخْرُجُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب خَرَجَ یَخْرُجُ، مصدر خُرُوْجًا، نکلنا (وہ نکلتا ہے) مِنْهَا (مِنْ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْاَرْضِ، ہے (اس سے) وَ، حرف عطف (اور) مَا، اسم موصول (جو)

یَنْزِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَزَلَ یَنْزِلُ، مصدر نُزُوْلًا، نیچے اترنا (وہ اترتا ہے)

مِنَ السَّمَآءِ، مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان سے) وَ، حرف عطف (اور)

مَا، اسم موصول (جو) یَعْرُجُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَرَجَ یَعْرُجُ، مصدر عُرُوْجًا، بلندی پر چڑھنا (وہ چڑھتا ہے) فِیْهَا (فِیْ، هَا) فِیْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلسَّمَآءِ، ہے (آسمان میں)

وَهُوَ الرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ ۝	اور وہی بہت رحم کرنے والا، بہت بخشنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

الرَّحِیْمُ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

الْغَفُوْرُ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِیْنَا السَّاعَةُ ؕ	اور ان لوگوں نے کہا جنہوں نے کفر کیا، ہم پر قیامت نہیں آئے گی

وَ، حرف عطف (اور) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں نے جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں کے کفر کیا)

لَا تَأْتِيْنَا (لَا تَأْتِيْ، نَا) لَا تَأْتِيْ، فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب اَتٰى يَأْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، وہ نہیں آئے گی، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (وہ ہم پر نہیں آئے گی) السَّاعَةُ (گھڑی، قیامت)

قُلْ بَلٰى وَ رَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ	آپ کہہ دیجئے کیوں نہیں میرے رب کی قسم (جو) غیب کا جاننے والا ہے بلاشبہ وہ تم پر ضرور آئے گی

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

بَلٰى، حرف جواب، اس استفہام کا جواب جو نفی پر واقع ہو (کیوں نہیں)

وَ رَبِّيْ (وَ، رَبِّ، يْ) وَ، قسمیہ و حرف جار، قسم، رَبِّ، مقسم بہ مجرور، مضاف، رب، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے رب کی قسم) لَتَأْتِيَنَّكُمْ (لَ۔ تَأْتِيَنَّ۔ كُمْ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، تَأْتِيَنَّ، فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ واحد مونث غائب اَتٰى يَأْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، وہ ضرور آئے گی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (بلاشبہ وہ تم پر ضرور آئے گی) عٰلِمِ الْغَيْبِ، عٰلِمِ، مضاف، عِلْمٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، جاننے والا، اَلْغَيْبِ، مضاف الیہ، غیب کا (غیب کا جاننے والا)

لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۳﴾	اس سے ایک ذرہ کے برابر (کوئی چیز) آسمانوں میں پوشیدہ نہیں رہتی اور نہ زمین میں اور نہ اس سے چھوٹی اور نہ بہت بڑی مگر روشن کتاب (لوح محفوظ) میں ہے

لَا يَعْزُبُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب عَزَبَ يَعْزُبُ، مصدر عُزُوْبًا، پوشیدہ رہنا، کترانا، دور ہونا، (وہ پوشیدہ نہیں رہتی) عَنْهُ (عَنْ، هُ) عَنْ حرف جار، سے، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے)

مِثْقَالُ ذَرَّةٍ، مِثْقَالُ، مضاف، ثَقَالَةٌ، مصدر سے اسم مفرد، ہم وزن، برابر، جمع، مَثَاقِیْلُ،
ذَرَّةٍ، مضاف الیہ، ایک ذرہ کے (ایک ذرے کے برابر)
فِی السَّمٰوٰتِ، فِیْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءِ (آسمانوں میں)
وَ لَا فِی الْاَرْضِ، وَ، حرف عطف، اور، لَا، نہ، فِیْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (اور نہ زمین میں)
وَ لَآ اَصْغَرُ، وَ، حرف عطف، اور، لَآ، نافیہ، نہ، اَصْغَرُ، صِغْرٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، چھوٹی،
(اور نہ چھوٹی) مِنْ ذٰلِكَ، مِنْ، حرف جار، سے، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس سے)
وَ لَآ اَكْبَرُ، وَ، حرف عطف، اور، لَآ، نافیہ، نہ، اَكْبَرُ، كِبَرًا، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، بہت بڑی (اور نہ بہت بڑی) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ، فِیْ، حرف جار، میں، كِتٰبٍ، مجرور، موصوف، کتاب،
مُّبِیْنٍ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح، کھلی، روشن (روشن کتاب میں)

لِّیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ	تاکہ وہ ان لوگوں کو بدلہ دے جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے

لِّیَجْزِیَ (لِ، یَجْزِیَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، یَجْزِیَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب جَزٰی
یَجْزِیْ، مصدر جَزَآءٌ، بدلہ دینا، جزا دینا، وہ بدلہ دے (تاکہ وہ بدلہ دے)
اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کو جو)
اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)
وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (اُنہوں نے عمل کیے) اَلصّٰلِحٰتِ، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (نیک، اچھے) واحد، اَلصَّالِحَةُ،

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِیْمٌ ③	یہی لوگ ہیں کہ ان کیلئے مغفرت اور بہت عزت والا رزق ہے۔

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع بعید (یہی لوگ)

لَھُمۡ (لَ،ھُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، ھُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)
مَّغۡفِرَۃٌ، اسم مصدر (مغفرت) وَّ، حرف عطف (اور)
رِزۡقٌ کَرِیۡمٌ، رِزۡقٌ، موصوف، اسم مصدر، رزق، کَرِیۡمٌ، صفت، کَرَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت عزت والا (بہت عزت والا رزق)

وَالَّذِیۡنَ سَعَوۡ فِیۡۤ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیۡنَ اُولٰٓئِکَ لَھُمۡ عَذَابٌ مِّنۡ رِّجۡزٍ اَلِیۡمٌ ﴿۵﴾	اور وہ لوگ جنہوں نے ہماری آیات میں کوشش کی کہ وہ نیچا دیکھانے والے ہیں، یہی لوگ ہیں ان کیلئے سخت دردناک عذاب کی سزا ہے

وَ، حرف عطف (اور) الَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)
سَعَوۡ، فعل ماضی جمع مذکر غائب سَعٰی یَسۡعٰی، مصدر سَعۡیٌ، کوشش کرنا (اُنہوں نے کوشش کی)
فِیۡۤ اٰیٰتِنَا (فِیۡ، اٰیٰتِ، نَا) فِیۡ، حرف جار، میں، اٰیٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰیَۃٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات میں) مُعٰجِزِیۡنَ، مُعَاجَزَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، نیچا دکھانے والے، عاجز کرنے والے، واحد، مُعَاجِزٌ، اُولٰٓئِکَ، اسم اشارہ جمع بعید (یہی لوگ)
لَھُمۡ (لَ،ھُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، ھُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے) عَذَابٌ (عذاب، سزا)
مِّنۡ رِّجۡزٍ اَلِیۡمٌ، مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، رِجۡزٍ، مجرور، وہ چیز جس سے گھن آئے، سخت عذاب، بدترین عذاب، اَلِیۡمٌ، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دردناک (سخت دردناک عذاب)

وَیَرَی الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ الَّذِیۡۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ مِنۡ رَّبِّکَ ھُوَ الۡحَقَّ ۙ وَیَھۡدِیۡۤ اِلٰی صِرَاطِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَمِیۡدِ ﴿۶﴾	اور وہ لوگ جو علم دیئے گئے ہیں وہ دیکھتے ہیں کہ آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے جو (قرآن) نازل کیا گیا ہے وہی حق ہے اور وہ خوب غالب، نہایت خوبیوں والے (رب) کے راستے کی طرف ہدایت کرتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) یَرَی، فعل مضارع واحد مذکر غائب رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤۡیَۃٌ، دیکھنا (وہ دیکھتا ہے)

الَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) اُوۡتُوۡا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِيۡتَآءٌ، دینا (وہ دیئے گئے) الۡعِلۡمَ (علم) الَّذِیۡٓ، اسم موصول واحد مذکر (جو)

اُنۡزِلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَنۡزَلَ یُنۡزِلُ، مصدر اِنۡزَالًا، نازل کرنا، اتارنا (نازل کیا گیا)

اِلَيۡكَ (اِلٰی، كَ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کی طرف)

مِنۡ رَّبِّكَ (مِنۡ، رَبِّ، كَ) مِنۡ، حرف جار بمعنی اِلٰی، کی جانب سے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے رب کی جانب سے)

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) الۡحَقَّ (حق، سچ) وَ، حرف عطف (اور)

یَهۡدِیۡٓ، فعل مضارع واحد مذکر غائب هَدٰی یَهۡدِیۡ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت کرنا (وہ ہدایت کرتا ہے)

اِلٰی صِرَاطِ، اِلٰی، حرف جار، کی طرف، صِرَاطِ، مجرور، راستے (راستے کی طرف)

الۡعَزِيۡزِ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب غالب) الۡحَمِيۡدِ، اللہ کا صفاتی نام، حَمۡدٌ، مصدر سے صفت مشبہ بمعنی مفعول، تعریف والا، قابل تعریف (نہایت خوبیوں والا)

وَ قَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا هَلۡ نَدُلُّكُمۡ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمۡ اِذَا مُزِّقۡتُمۡ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمۡ لَفِىۡ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ۚ	اور ان لوگوں نے کہا جنہوں نے کفر کیا، کیا ہم تمہاری (اس) آدمی کی طرف رہنمائی کریں (جو) تمہیں خبر دیتا ہے کہ جب تم (مرنے کے بعد) ریزہ ریزہ کر دیئے جاؤ گے پوری طرح ریزہ ریزہ ہونا (تو) بلاشبہ تم یقیناً ایک نئی پیدائش میں ہو گے

وَ، حرف عطف (اور) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اس نے کہا)

الَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں نے جنہوں نے)

كَفَرُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكۡفُرُ، مصدر كُفۡرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

هَلۡ، استفہامیہ (کیا) نَدُلُّكُمۡ (نَدُلُّ، كُمۡ) نَدُلُّ، فعل مضارع جمع متکلم دَلَّ يَدُلُّ، مصدر دَلَالَةٌ، نشان زدہ کرنا، دلالت کرنا، رہنمائی کرنا، بتانا، ہم رہنمائی کریں، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (ہم تمہاری

رہنمائی کریں) عَلٰی رَجُلٍ، عَلٰی، حرف جار بمعنی، اِلٰی، کی طرف، رَجُلٍ، مجرور، آدمی (آدمی کی طرف)
يُّنَبِّئُكُمْ (يُنَبِّئُ، كُمْ) يُنَبِّئُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَبَّاَ يُنَبِّئُ، مصدر تَنْبِئَةٌ، خبر دینا، وہ خبر دیتا ہے، كُمْ، ضمیر واحد مذکر غائب، تمہیں (وہ تمہیں خبر دیتا ہے) اِذَا، اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط (جب)۔ مُزِّقْتُمْ، فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر مَزَّقَ يُمَزِّقُ، مصدر تَمْزِيْقٌ، ریزہ ریزہ کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (تم ریزہ ریزہ کر دیئے جاؤ گے) كُلَّ مُمَزَّقٍ، كُلَّ، مضاف ہر، سب پوری طرح کا، مُمَزَّقٍ، مضاف الیہ، مصدر میمی، ریزہ ریزہ ہونا (ہر طرح ریزہ ریزہ ہونا، پوری طرح ریزہ ریزہ ہونا)
اِنَّكُمْ (اِنَّ، كُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (بلاشبہ تم)
لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ (لَ، فِيْ، خَلْقٍ، جَدِيْدٍ) لَ، لام تاکید، یقیناً، فِيْ، حرف جار، میں، خَلْقٍ، مجرور، موصوف اسم مصدر، پیدائش، جَدِيْدٍ، صفت، جَدٌّ، مصدر سے اسم مفعول، ایک نئی (یقیناً ایک نئی پیدائش میں)

اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ	کیا اس نے اللہ پر جھوٹ بہتان باندھا ہے یا اس کو کوئی جنون ہے؟

اَفْتَرٰى، اصل میں، اَاِفْتَرٰى، تھا دوسرا ہمزہ وصلی جو کہ فعل کا حصہ تھا درمیان سے گرادیا گیا،
اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، اِفْتَرٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ، بہتان باندھنا باندھنا، گھڑنا، اس نے بہتان باندھا (کیا اس نے بہتان باندھا)
عَلَى اللّٰهِ (عَلٰی۔ اَللّٰهِ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)
كَذِبًا، اسم مصدر (جھوٹ) اَمْ، حرف عطف (یا)
بِهٖ (بِ۔ هٖ) بِ، حرف جار، کو، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو) جِنَّةٌ، جِنٌّ، سے مشتق ہے، جس کے معنی چھپا لینے کے ہیں، دیوانگی عقل کو چھپا دیتی ہے (کوئی جنون، کوئی دیوانگی)

بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝۸	بلکہ وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ عذاب اور بہت دور کی گمراہی میں ہیں

بَلِ، حرف اضراب (بلکہ) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

لَا یُؤۡمِنُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان نہیں رکھتے) بِالۡاٰخِرَةِ (بِ، اَلۡاٰخِرَةِ) بِ، حرف جار، پر، اَلۡاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت پر)

فِی الۡعَذَابِ، فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡعَذَابِ، مجرور، عذاب (عذاب میں) وَ، حرف عطف (اور)

الضَّلٰلِ الۡبَعِیۡدِ، اَلضَّلٰلِ، موصوف، اسم مصدر، گمراہی، اَلۡبَعِیۡدِ، صفت، بُعۡدٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت دور (بہت دور کی گمراہی)

اَفَلَمۡ یَرَوۡا اِلٰی مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ وَ مَا خَلۡفَهُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ	تو کیا اُنہوں نے اس کی طرف نہیں دیکھا جو آسمان اور زمین میں سے ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے

اَفَلَمۡ یَرَوۡا (اَ، فَ، لَمۡ یَرَوۡا) اَ، استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، لَمۡ یَرَوۡا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤۡیَةٌ، دیکھنا، لَمۡ، کی وجہ سے ترجمہ، اُنہوں نے نہیں دیکھا (تو کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا) اِلٰی مَا، اِلٰی، حرف جار، کی طرف، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کی طرف جو)

بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ (بَیۡنَ، اَیۡدِیۡ، هِمۡ) بَیۡنَ، مضاف، درمیان، اَیۡدِیۡ، مضاف الیہ، مضاف، ہاتھوں، واحد، یَدٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے ہاتھوں کے درمیان، ان کے سامنے)

وَ مَا، وَ، حرف عطف، اور، مَا، اسم موصول، جو (اور جو)

خَلۡفَهُمۡ (خَلۡفَ، هُمۡ) خَلۡفَ، مضاف، پیچھے، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے پیچھے) مِّنَ السَّمَآءِ، مِنۡ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان میں سے)

وَ الۡاَرۡضِ، وَ، حرف عطف، اور، اَلۡاَرۡضِ، زمین (اور زمین)

اِنۡ نَّشَاۡ نَخۡسِفۡ بِهِمُ الۡاَرۡضَ اَوۡ نُسۡقِطۡ عَلَیۡهِمۡ کِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ	اگر ہم چاہیں ہم ان کو زمین میں دھنسا دیں یا ہم ان پر آسمان سے ایک ٹکڑا گرا دیں

اِنۡ، شرطیہ (اگر) نَّشَاۡ، فعل مضارع جمع متکلم شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیۡـَٔةٌ، چاہنا (ہم چاہیں)

نَخۡسِفۡ فعل مضارع مجزوم جمع متکلم خَسَفَ یَخۡسِفُ، مصدر خُسُوۡفًاوَّ خَسۡفٌ، دھنسانا (ہم دھنسا دیں) بِهِمُ (بِ، هِمۡ) بِ، حرف جار، کو، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کو)

الۡاَرۡضَ (زمین) اَوۡ، حرف عطف (یا)

نُسۡقِطۡ، فعل مضارع مجزوم جمع متکلم اَسۡقَطَ یُسۡقِطُ، مصدر اِسۡقَاطٌ، گرانا (ہم گرادیں)

عَلَیۡهِمۡ (عَلٰی، هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر) کِسَفًا (ایک ٹکڑا)

مِّنَ السَّمَآءِ، مِنۡ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان، جمع، اَلسَّمٰوٰتِ (آسمان سے)

اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَۃً لِّکُلِّ عَبۡدٍ مُّنِیۡبٍ ؏	یقیناً اس میں ہر رجوع کرنے والے بندے کیلئے واقعی نشانی ہے

رکوع

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (یقیناً) فِیۡ ذٰلِکَ، فِیۡ، حرف جار، میں، ذٰلِکَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں) لَاٰیَۃً (لَ، اٰیَۃً) لَ، لام تاکید، ضرور، واقعی، اٰیَۃً، نشانی، جمع، اٰیٰتِ (واقعی نشانی)

لِّکُلِّ عَبۡدٍ مُّنِیۡبٍ (لِ، کُلِّ، عَبۡدٍ، مُنِیۡبٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، کُلِّ، مجرور، مضاف، ہر،

عَبۡدٍ، مضاف الیہ، موصوف، بندہ، جمع، عِبَادٌ، مُنِیۡبٍ، صفت، اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، رجوع کرنے والا، خلوص کے ساتھ توبہ کرنے والا (ہر رجوع کرنے والے بندے کیلئے)

وَ لَقَدۡ اٰتَیۡنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضۡلًا ؕ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے (حضرت) داود کو اپنی طرف سے فضل عطا کیا

وَلَقَدۡ (وَ، لَ، قَدۡ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدۡ، کلمہ تحقیق، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً)

اٰتَیۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِیۡتَآءٌ، دینا، عطا کرنا (ہم نے عطا کیا) دَاوٗدَ (حضرت داوٗد)

مِنَّا (مِنۡ، نَا) مِنۡ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، نَّا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، اپنی (اپنی طرف سے)

فَضۡلًا، اسم فعل (فضل، فضیلت، برتری)

یٰجِبَالُ اَوِّبِیۡ مَعَہٗ وَالطَّیۡرَ ۚ	(ہم نے حکم دیا) اے پہاڑو! اس کے ساتھ تسبیح کو دہراؤ

	اور پرندوں کو

یٰجِبَالُ (یَا، جِبَالُ) یَا، حرف ندا، اے، جِبَالُ، منادٰی، پہاڑو، واحد، جَبَلٌ (اے پہاڑو)

اَوِّبِیْ، فعل امر واحد مؤنث غائب اَوَّبَ یُؤَوِّبُ، مصدر تَاْوِیْبٌ، تسبیح دہرانا (تو تسبیح دہرا)

مَعَهٗ (مَعَ، هٗ) مَعَ، مضاف، ساتھ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع، دَاوٗدَ، ہے،

(اس کے ساتھ) وَ، حرف عطف (اور) الطَّیْرَ (پرندے) واحد، طَائِرٌ

وَ اَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ ۙ﴿۱۰﴾	اور ہم نے اس کیلئے لوہا نرم کر دیا

وَ، حرف عطف (اور) اَلَنَّا، فعل ماضی جمع متکلم اَلَانَ یُلِیْنُ، مصدر اِلَانَةٌ، نرم کرنا (ہم نے نرم کر دیا)

لَهُ (لَ، هُ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے) الْحَدِیْدَ (لوہا)

اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّ قَدِّرْ فِی السَّرْدِ وَ اعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ	یہ کہ تو کشادہ زرہیں بنا اور تو کڑیاں جوڑنے میں اندازہ رکھ اور تم نیک عمل کرو

اَنِ، مصدریہ ناصبہ (یہ کہ) اِعْمَلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا،

سرانجام دینا، بنانا (تو بنا) سٰبِغٰتٍ، سُبُوْغٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، واحد، سَابِغَةٌ، پوری لمبی چوڑی

زرہ کیلئے استعمال ہوتا ہے (کشادہ زرہیں) وَّ، حرف عطف (اور)

قَدِّرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَدَّرَ یُقَدِّرُ، مصدر تَقْدِیْرًا، اندازہ رکھنا (تو اندازہ رکھ)

فِی السَّرْدِ (فِیْ، اَلسَّرْدِ) فِیْ، حرف جار، میں، اَلسَّرْدِ، مجرور، مصدر ہے، کڑیاں جوڑنا (کڑیاں جوڑنے میں)

وَ، حرف عطف (اور) اِعْمَلُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرو)

صَالِحًا، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (نیک)

اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۱۱﴾	بے شک میں اس کو جو تم عمل کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہوں

اِنِّیْ (اِنَّ، یْ) اِنِّ، اصل میں، اِنَّ، ہے، یْ، کی وجہ سے نون پر زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،

یْ، ضمیر واحد متکلم، میں (بے شک میں)

بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کو جو)

تَعۡمَلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

بَصِيۡرٌ، بَصَارَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب دیکھنے والا)

وَلِسُلَيۡمٰنَ الرِّيۡحَ غُدُوُّهَا شَهۡرٌ وَّ رَوَاحُهَا شَهۡرٌ ۚ	اور (حضرت) سلیمان کیلئے ہوا کو (تابع کر دیا) اس کا صبح کے وقت چلنا ایک ماہ (کی مسافت) تھااور اس کا شام کے وقت چلنا (بھی) ایک ماہ (کی مسافت) تھا

وَ، حرف عطف (اور) لِسُلَيۡمٰنَ (لِ، سُلَيۡمٰنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، سُلَيۡمٰنَ، مجرور، حضرت سلیمان علیہ السلام (حضرت سلیمان کیلئے) الرِّيۡحَ (ہوا) جمع، رِيَاحٌ،

غُدُوُّهَا، غُدُوٌّ، مضاف، مصدر ہے، صبح کے وقت چلنا، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کا، (اس کا صبح کے وقت چلنا) شَهۡرٌ (ایک ماہ) جمع، شُهُوۡرٌ، وَّ، حرف عطف (اور)

رَوَاحُهَا (رَوَاحُ، هَا) رَوَاحُ، مضاف، مصدر، شام کے وقت چلنا، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کا (اس کا شام کے وقت چلنا) شَهۡرٌ (ایک ماہ)

وَاَسَلۡنَا لَهٗ عَيۡنَ الۡقِطۡرِ ؕ	اور ہم نے اس کیلئے پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ بہادیا

وَ، حرف عطف (اور) اَسَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَسَالَ يُسِيۡلُ، مصدر اِسَالَةٌ، بہانا (ہم نے بہادیا)

لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے)

عَيۡنَ الۡقِطۡرِ، عَيۡنَ، مضاف، چشمہ، اَلۡقِطۡرِ، مضاف الیہ، پگھلے ہوئے تانبے کا (پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ)

وَمِنَ الۡجِنِّ مَنۡ يَّعۡمَلُ بَيۡنَ يَدَيۡهِ بِاِذۡنِ رَبِّهٖ ؕ	اور جنوں میں سے کچھ وہ تھے جو اس کے رب کے حکم سے اس کے سامنے کام کرتے تھے

وَ، حرف عطف (اور) مِنَ الۡجِنِّ، مِنۡ، حرف جار تبعیضیہ، میں سے کچھ، اَلۡجِنِّ، جنوں (جنوں میں سے کچھ) مَنۡ، اسم موصول (جو) يَّعۡمَلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَمِلَ يَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا،

،کام کرنا (وہ کام کرتے) بَيْنَ يَدَيْهِ (بَيْنَ، يَدَىْ، هِ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، يَدَىْ، مضاف الیہ مضاف، اصل میں، يَدَيْنِ، تھا، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گر گیا، دونوں ہاتھ، واحد، يَدٌ، هِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے دونوں ہاتھوں کے درمیان، اس کے سامنے، اس کے آگے)

بِاِذْنِ (بِ، اِذْنِ) بِ، حرف جار، سے، اِذْنِ، مجرور، حکم (حکم سے)

رَبِّهٖ (رَبِّ، هٖ) رَبِّ، مضاف، رب، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رب کے)

وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾	اور ان میں سے جو ہمارے حکم سے سرتابی کرتا ہم اسے بھڑکتی ہوئی آگ کے عذاب کا مزہ چکھاتے

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول شرطیہ (جو) يَّزِغْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مجزوم زَاغَ يَزِيْغُ، مصدر زَيْغًا، پھرنا، ٹیڑھا ہونا، کجی کرنا، سرتابی کرنا (وہ سرتابی کرتا)

مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں سے)

عَنْ اَمْرِنَا (عَنْ، اَمْرِ، نَا) عَنْ، حرف جار، سے، اَمْرِ، مجرور، مضاف، اسم مصدر، حکم، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے حکم سے)

نُذِقْهُ (نُذِقْ، هُ) نُذِقْ، فعل مضارع جمع متکلم مجزوم اَذَاقَ يُذِيْقُ، مصدر اِذَاقَةٌ، مزہ چکھانا، ہم مزہ چکھاتے هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (ہم اسے مزہ چکھاتے)

مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ، مِنْ، حرف جار، اصل ترجمہ "سے" ہے، ضرورتاً ترجمہ "کا" کیا گیا ہے، عَذَابِ، مجرور، مضاف، عذاب، سزا، اَلسَّعِيْرِ، مضاف الیہ، سَعْرٌ، مصدر سے، جس کے معنی آگ بھڑکانے کے ہیں، بمعنی مفعول، بھڑکتی ہوئی آگ (بھڑکتی ہوئی آگ کے عذاب کا)

يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَ تَمَاثِيْلَ وَ جِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَ قُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ	جو وہ چاہتا وہ (جنات) اس کیلئے بناتے مضبوط محلات اور مجسمے اور بڑے پیالے حوضوں کی طرح اور چولہوں پر جمی ہوئی بڑی دیگیں

يَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا، کام کرنا، بنانا (وہ بناتے)

لَهٗ (لَ، ہٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، ہٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے) مَا، اسم موصول (جو)

يَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيْئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا)

مِنْ مَّحَارِيْبَ، مِنْ، حرف جار، سے، مَحَارِيْبَ، مجرور، مضبوط محلات، قلعے، واحد، مِحْرَابٌ،

وَ، حرف عطف (اور) تَمَاثِيْلَ (مجسمے) واحد، تِمْثَالٌ، وَ، حرف عطف (اور)

جِفَانٍ (بڑے پیالے) واحد، جَفْنَةٌ، كَالْجَوَابِ (كَ، اَلْجَوَابِ) كَ، حرف جار و تشبیہ، مانند، طرح،

اَلْجَوَابِ، مجرور، حوضوں، واحد، جَابِيَةٌ (حوضوں کی طرح) وَ، حرف عطف (اور)

قُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ، قُدُوْرٍ، موصوف، بڑی دیگیں، واحد، قِدْرٌ، رٰسِيٰتٍ، صفت، رُسُوٌّ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، قائم رہنے والی، چولہوں پر جمی ہوئی واحد، رَاسِيَةٌ (چولہوں پر جمی ہوئی بڑی دیگیں)

اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ	اے آل داؤد! تم شکر ادا کرنے کیلئے عمل کرو

اِعْمَلُوْٓا، فعل امر جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرو)

يَا، حرف ندا (اے) محذوف ہے، اٰلَ دَاوٗدَ، منادی، اٰلَ، مضاف، قوم، گھر کے لوگ، پیروکار، دوست، آل،

دَاوٗدَ، مضاف الیہ، حضرت داؤد کے (حضرت داؤد کے گھر کے لوگ، حضرت داؤد کے پیروکار، آل داؤد)

شُكْرًا، مصدر (شکر ادا کرنے کیلئے، شکر گزاری کیلئے)

وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾	اور میرے بندوں میں سے شکر کرنے والے بہت کم ہیں

وَ، حرف عطف (اور) قَلِيْلٌ، قِلَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ واحد لیکن اطلاق جمع پر بھی ہوتا ہے (بہت کم، بہت تھوڑے) مِّنْ عِبَادِيَ (مِنْ، عِبَادِ، یَ) مِنْ، حرف جار، سے، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبْدٌ، یَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے بندوں میں سے)

الشَّكُوْرُ، شُكْرًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (شکر گزار، شکر کرنے والے)

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا	پھر جب ہم نے اس (حضرت سلیمان) پر موت کا حکم

دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ	دیا (تو) اس کی موت پر ان (جنات) کو کسی نے اگاہ نہیں کیا مگر زمین کے کیڑے (دیمک) نے وہ اس کی لاٹھی کو کھاتا رہا

فَلَمَّا (فَ، لَمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، لَمَّا، اسم ظرف، جب (پھر جب)

قَضَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم قَضٰى يَقْضِىْ، مصدر قَضَآءٌ، فیصلہ کرنا، حکم دینا (ہم نے حکم دیا)

عَلَيْهِ (عَلٰى، هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر) الْمَوْتَ (موت)

مَا، نافیہ (نہیں) دَلَّهُمْ (دَلَّ، هُمْ) دَلَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب دَلَّ يَدُلُّ، مصدر دَلَالَةٌ، آگاہ کرنا، خبر دار کرنا، بتانا، آگاہ کیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کو، ضمیر کا مرجع، اَلْجِنّ، ہے (ان (جنوں) کو آگاہ کیا) عَلٰى مَوْتِهٖٓ (عَلٰى، مَوْتِ، هٖ) عَلٰى، حرف جار، پر، مَوْتِ، مجرور، مضاف، موت، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی موت پر) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

دَآبَّةُ الْاَرْضِ، دَآبَّةُ، مضاف، دَبٌّ، مصدر سے اسم فاعل، مذکر مؤنث دونوں کیلئے آتا ہے، رینگنے والا، کیڑا (دیمک) الْاَرْضِ، مضاف الیہ، زمین کے (زمین کے کیڑے (دیمک) نے)

تَاْكُلُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اَكَلَ يَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (وہ کھاتا رہا)

مِنْسَاَتَهٗ (مِنْسَاَتَ، هٗ) مِنْسَاَتَ، مضاف، اسم آلہ، لاٹھی، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی، (اس کی لاٹھی)

فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِى الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ؕ﴿۱۴﴾	پھر جب وہ (حضرت سلیمان) گر پڑا (تو) جنوں نے جان لیا کہ اگر وہ غیب جانتے ہوتے (تو) وہ ذلیل کرنے والے عذاب میں نہ پڑے رہتے

فَلَمَّا (فَ، لَمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، لَمَّا، اسم ظرف حینیہ، جب (پھر جب)

خَرَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَرَّ يَخِرُّ، مصدر خَرًّا، گرپڑنا (وہ گرپڑا)

تَبَيَّنَتِ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ، مصدر تَبَيُّنٌ، جاننا، ظاہر ہونا، معلوم ہونا (اس نے

جان لیا) الْجِنُّ (جنوں نے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) لَّوْ، شرطیہ (اگر)

کَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ ہوتے)

یَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتے)

الْغَیْبَ (غیب) مَا، نافیہ (نہ) لَبِثُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب لَبِثَ یَلْبَثُ، مصدر لَبْثًا، ٹھہرنا، پڑے رہنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ پڑے رہتے)

فِی الْعَذَابِ الْمُھِیْنِ، فِیْ، حرف جار، میں، اَلْعَذَابِ، مجرور، موصوف، عذاب، اَلْمُھِیْنِ، صفت، اِھَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ذلیل کرنے والے (ذلیل کرنے والے عذاب میں)

لَقَدْ کَانَ لِسَبَاٍ فِیْ مَسْکَنِھِمْ اٰیَةٌ ۚ	بلاشبہ یقیناً (قوم) سبا کیلئے ان کے رہنے کی جگہ میں ایک نشانی تھی

لَقَدْ (لَ، قَدْ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ تھا)

لِسَبَاٍ (لِ، سَبَا) لِ، حرف جار، کیلئے، سَبَاٍ، مجرور، سبا (سبا کیلئے)

فِیْ مَسْکَنِھِمْ (فِیْ، مَسْکَنِ، ھِمْ) فِیْ، حرف جار، میں، مَسْکَنِ، مجرور، مضاف، رہنے کی جگہ، ھِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے رہنے کی جگہ میں) اٰیَةٌ (ایک نشانی) جمع، اٰیٰتٌ۔

جَنَّتٰنِ عَنْ یَّمِیْنٍ وَّ شِمَالٍ ۬	دائیں طرف اور بائیں طرف دو باغ تھے

جَنَّتٰنِ، جَنَّةٌ، کا تثنیہ (دو باغ) عَنْ یَّمِیْنٍ، عَنْ، حرف جار، سے، یَمِیْنٍ، مجرور، دائیں طرف (دائیں طرف سے) وَّ، حرف عطف (اور) شِمَالٍ (بائیں طرف)

کُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّکُمْ وَاشْکُرُوْا لَهٗ ؕ	تم اپنے رب کے رزق سے کھاؤ اور تم اس کا شکر ادا کرو

کُلُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَکَلَ یَاْکُلُ، مصدر اَکْلًا، کھانا (تم کھاؤ)

مِنْ رِّزْقِ، مِنْ، حرف جار، سے، رِّزْقِ، مجرور، رزق (رزق سے)
رَبِّكُمْ (رَبِّ، كُمْ) رَبِّ، مضاف، رب، پروردگار، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب کے) وَ، حرف عطف (اور) اُشْكُرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر شَكَرَ يَشْكُرُ، مصدر شُكْرًا، شکر ادا کرنا (تم شکر ادا کرو) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا)

بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّ رَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾	پاکیزہ شہر ہے اور بہت بخشنے والا رب ہے

بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ، بَلْدَةٌ، موصوف، شہر، طَيِّبَةٌ، صفت، طَيْبٌ، مصدر سے صفت مشبہ، پاکیزہ (پاکیزہ شہر) وَّ، حرف عطف (اور) رَبٌّ، اصل میں مصدر ہے، کسی چیز کو تدریجاً درجہ کمال تک پہنچانا، پھر مصدر بمعنی صفت استعمال ہونے لگا (رب، پالنے والا، پروردگار)
غَفُوْرٌ، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَ بَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّ اَثْلٍ وَّ شَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾	پھر اُنہوں نے منہ موڑ لیا تو ہم نے ان پر زور کا سیلاب بھیجا اور ہم نے ان کو ان کے دو باغوں کے بدلے (اور) دو باغ بدل دیئے (جو) بدمزہ پھل اور جھاؤ کے درختوں کے اور کچھ تھوڑے سے بیری کے درختوں والے تھے

فَاَعْرَضُوْا (فَ، اَعْرَضُوْا) فَ، حرف عطف، پھر، اَعْرَضُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَعْرَضَ يُعْرِضُ، مصدر اِعْرَاضًا، اعراض کرنا، منہ موڑنا، انہوں نے منہ موڑ لیا (پھر اُنہوں نے منہ موڑ لیا)
فَاَرْسَلْنَا (فَ، اَرْسَلْنَا) فَ، حرف عطف، تو، اَرْسَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرْسَلَ يُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا، ہم نے بھیجا (تو ہم نے بھیجا) عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب ان (ان پر) سَيْلَ الْعَرِمِ، سَيْلَ، مضاف، مصدر بمعنی اسم، سیلاب، اَلْعَرِمِ، مضاف الیہ، عُرَامٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت زور کا (بہت زور کا سیلاب) وَ، حرف عطف (اور)
بَدَّلْنٰهُمْ (بَدَّلْنَا، هُمْ) بَدَّلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم بَدَّلَ يُبَدِّلُ، مصدر تَبْدِيْلًا، بدل دینا، تبدیل کرنا،

ہم نے بدل دیئے، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کو (ہم نے ان کو بدل دیئے)

بِجَنَّتَيۡهِمۡ (بِ، جَنَّتَيۡ، هِمۡ) بِ، حرف جار، کے بدلے میں، جَنَّتَيۡ، مجرور، مضاف، اصل میں، جَنَّتَيۡنِ، تھا، جَنَّةٌ، کا تثنیہ، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گر گیا، دو باغ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دو باغوں کے بدلے میں) جَنَّتَيۡنِ، جَنَّةٌ، کا تثنیہ (دو باغ)

ذَوَاتَيۡ اُكُلٍ خَمۡطٍ، ذَوَاتَيۡ، مضاف، ذَوَاتٌ، کا تثنیہ، اصل میں، ذَوَاتَيۡنِ، تھا اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گر گیا، والے، اُكُلٍ، مضاف الیہ، موصوف، میوہ، پھل، جو کھایا جائے، خَمۡطٍ، صفت، کڑوا کسیلا، بدمزہ (بدمزہ پھل والے) وَّ، حرف عطف (اور) اَثۡلٍ (جھاؤ کا درخت) جمع، اَثۡلَاثٌ، وَّ، حرف عطف (اور) شَيۡءٍ (کچھ) مِّنۡ سِدۡرٍ قَلِيۡلٍ، مِنۡ، حرف جار، سے، سِدۡرٍ، مجرور، موصوف، بیری کے درخت، قَلِيۡلٍ، صفت، قِلَّةٌ، سے صفت مشبہ، بہت تھوڑے (تھوڑے سے بیری کے درخت)

ذٰلِكَ جَزَيۡنٰهُمۡ بِمَا كَفَرُوۡا ؕ	یہ ہم نے انہیں اس وجہ سے بدلہ دیا جو اُنہوں نے ناشکری کی۔

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، ترجمہ، وہ، ضرورتاً ترجمہ (یہ) کیا جاتا ہے۔

جَزَيۡنٰهُمۡ (جَزَيۡنَا، هُمۡ) جَزَيۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَزٰى يَجۡزِيۡ، مصدر جَزَآءٌ، بدلہ دینا، جزا دینا، ہم نے بدلہ دیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں بدلہ دیا)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، وجہ سے، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس وجہ سے جو) كَفَرُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكۡفُرُ مصدر كُفۡرًا، کفر کرنا، ناشکری کرنا (اُنہوں نے ناشکری کی)

وَهَلۡ نُجٰزِيۡۤ اِلَّا الۡكَفُوۡرَ ﴿۱۷﴾	اور ہم سزا نہیں دیتے مگر بہت ناشکرے کو

وَ، حرف عطف (اور) هَلۡ، صلہ میں، اِلَّا، ترجمہ (نہیں) ہے،

نُجٰزِيۡ، فعل مضارع جمع متکلم جَازٰى يُجَازِيۡ، مصدر مُجَازَاةٌ، سزا دینا (ہم سزا دیتے)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر) الۡكَفُوۡرَ، كُفۡرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت ناشکرا)

وَجَعَلۡنَا بَيۡنَهُمۡ وَبَيۡنَ الۡقُرَى الَّتِيۡ	اور ہم نے ان کے درمیان اور بستیوں کے درمیان

بٰرَکۡنَا فِیۡہَا قُرًی ظَاہِرَۃً وَّ قَدَّرۡنَا فِیۡہَا السَّیۡرَ ؕ	جن میں ہم نے برکت دی تھی نمایاں بستیاں بنا دیں اور ہم نے ان میں چلنے کی (منزلیں) مقرر کر دیں

وَ، حرف عطف (اور) جَعَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا (ہم نے بنا دیں)
بَیۡنَہُمۡ (بَیۡنَ، ھُمۡ) بَیۡنَ، مضاف، درمیان، ھُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے درمیان) وَ، حرف عطف (اور) بَیۡنَ الۡقُرَی، بَیۡنَ، مضاف، درمیان، اَلۡقُرَی، مضاف الیہ، بستیوں کے، واحد، اَلۡقَرۡیَۃُ (بستیوں کے درمیان) الَّتِیۡ، اسم موصول واحد مؤنث (وہ جن) جمع، اَلّٰتِیۡ،
بٰرَکۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم بَارَكَ یُبَارِكُ مصدر مُبَارَکَۃٌ، برکت دینا (ہم نے برکت دی تھی)
فِیۡہَا (فِیۡ، ھَا) فِیۡ، حرف جار، میں، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، الۡقُرَی، ہے، (ان میں) قُرًی ظَاہِرَۃً، قُرًی، موصوف، بستیاں، ظَاہِرَۃً، صفت، ظُھُوۡرًا، سے اسم فاعل واحد مؤنث، ظاہری، کھلی، نمایاں (نمایاں بستیاں) وَّ، حرف عطف (اور)
قَدَّرۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم قَدَّرَ یُقَدِّرُ، مصدر تَقۡدِیۡرًا، مقرر کرنا (ہم نے مقرر کر دیں (منزلیں))
فِیۡہَا (فِیۡ، ھَا) فِیۡ، حرف جار، میں، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، الۡقُرَی، ہے (ان میں) السَّیۡرَ، مصدر ہے، زمین پر چلنے کے، چلنا (چلنے کی)

سِیۡرُوۡا فِیۡہَا لَیَالِیَ وَ اَیَّامًا اٰمِنِیۡنَ ﴿۱۸﴾	تم راتوں اور دنوں کو امن سے ان میں چلو پھرو

سِیۡرُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر سَارَ یَسِیۡرُ، مصدر سَیۡرًا، چلنا پھرنا، سیر کرنا (تم چلو پھرو)
فِیۡہَا (فِیۡ، ھَا) فِیۡ، حرف جار، میں، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلۡقُرٰی، ہے (ان میں) لَیَالِیَ، جمع منصوب، راتوں، واحد، لَیۡلٌ وَّ لَیۡلَۃٌ، وَ، حرف عطف (اور)
اَیَّامًا (دنوں) واحد، یَوۡمٌ، اٰمِنِیۡنَ، بے خوف، امن سے، واحد، اٰمِنٌ۔

فَقَالُوۡا رَبَّنَا بٰعِدۡ بَیۡنَ اَسۡفَارِنَا وَ ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ فَجَعَلۡنٰہُمۡ	تو اُنہوں نے کہا اے ہمارے رب تو ہماری منازل سفر کے درمیان دوری پیدا کر دے اور اُنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم

کیا تو ہم نے انہیں کہانیاں بنا دیا اور ہم نے انہیں تتر بتر کر دیا پوری طرح تتر بتر کرنا	اَحَادِیۡثَ وَ مَزَّقۡنٰهُمۡ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ

فَقَالُوۡا (فَ، قَالُوۡا) فَ، حرف عطف، تو، قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، اُنہوں نے کہا (تو انہوں نے کہا) رَبَّنَا، یہ اصل میں، یَا رَبَّنَا، تھا (یَا۔رَبَّ۔نَا) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادٰی، رَبَّ، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب) بٰعِدۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر بَاعَدَ یُبَاعِدُ، مصدر مُبَاعَدَةٌ، دور ہونا، دوری پیدا کرنا (تو دوری پیدا کر دے) بَیۡنَ اَسۡفَارِنَا، بَیۡنَ، اسم ظرف، مضاف، درمیان، اَسۡفَارِ، مضاف الیہ، مضاف، منازل سفر کے، واحد، سَفَرٌ، جس کے معنی قطع مسافت، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری منازل سفر کے درمیان) وَ، حرف عطف (اور) ظَلَمُوۡٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ظَلَمَ یَظۡلِمُ، مصدر ظُلۡمًا، ظلم کرنا (اُنہوں نے ظلم کیا) اَنۡفُسَهُمۡ (اَنۡفُسَ، هُمۡ) اَنۡفُسَ، مضاف، نفسوں، جانوں، واحد، نَفۡسٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی جانوں پر)

فَجَعَلۡنٰهُمۡ (فَ، جَعَلۡنَا، هُمۡ) فَ، حرف عطف، تو، جَعَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، ہم نے بنا دیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں بنا دیا) اَحَادِیۡثَ، ہر وہ کلام جو انسان تک پہنچے (کہانیاں، باتیں) وَ، حرف عطف (اور)

مَزَّقۡنٰهُمۡ (مَزَّقۡنَا، هُمۡ) مَزَّقۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم مَزَّقَ یُمَزِّقُ، مصدر تَمۡزِیۡقٌ، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، منتشر کرنا، تتر بتر کرنا، ہم نے تتر بتر کر دیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں تتر بتر کر دیا) كُلَّ مُمَزَّقٍ، كُلَّ، مضاف، سب، پوری طرح، مُمَزَّقٍ، مضاف الیہ، مصدر میمی، تتر بتر کرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا (پوری طرح تتر بتر کرنا)

بلاشبہ اس میں ہر بہت صبر کرنے والے بہت شکر کرنے والے کیلئے یقیناً نشانیاں ہیں۔	اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوۡرٍ ﴿۱۹﴾

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ)

فِیْ ذٰلِكَ، فِیْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں)

لَاٰیٰتٍ (لَ، اٰیٰتٍ) لَ، لام تاکید، یقیناً، اٰیٰتٍ، نشانیاں، واحد، اٰیَۃٌ (یقیناً نشانیاں)

لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ (لِ، كُلِّ، صَبَّارٍ، شَكُوْرٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، صَبَّارٍ، مضاف الیہ، موصوف، صَبْرًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، بہت صبر کرنے والا، بڑا صابر، شَكُوْرٍ، صفت، شُكْرًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، بہت شکر کرنے والا، بڑا شاکر (ہر بہت صبر کرنے والے بہت شکر کرنے والے کیلئے)

وَ لَقَدْ صَدَّقَ عَلَیْهِمْ اِبْلِیْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِیْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲۰﴾	اور بلاشبہ یقیناً ابلیس نے اپنا گمان ان کے بارے میں سچ کر دکھایا تو اُنہوں نے اس کی پیروی کی سوائے مومنوں میں سے ایک جماعت کے

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدْ (لَ، قَدْ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

صَدَّقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب صَدَّقَ یُصَدِّقُ، مصدر تَصْدِیْقٌ، سچ ماننا، سچ کر دکھانا (اس نے سچ کر دکھایا) عَلَیْهِمْ (عَلٰی، هِمْ) عَلٰی، حرف جار بمعنی، عَنْ، کے بارے میں، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کے بارے میں) اِبْلِیْسُ (شیطان، ابلیس)

ظَنَّهٗ (ظَنَّ، هٗ) ظَنَّ، مضاف، گمان، خیال، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنا (اپنا گمان)

فَاتَّبَعُوْهُ (فَ، اِتَّبَعُوْا، هُ) فَ، حرف عطف، تو، اِتَّبَعُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا، انہوں نے پیروی کی، هُ، ضمیر جمع مذکر غائب، اس کی (تو اُنہوں نے اس کی پیروی کی)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے) فَرِیْقًا (ایک گروہ، ایک جماعت)

مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ (مِنْ۔ اَلْمُؤْمِنِیْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْمُؤْمِنِیْنَ، مجرور، اِیْمَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے، مومنوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ (مومنوں میں سے)

وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَیْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا	اور اس (ابلیس) کا ان پر کوئی زور نہ تھا مگر تاکہ ہم

لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ؕ	جان لیں کہ کون آخرت پر ایمان رکھتا ہے ان میں سے جو (کہ) وہ اس کے بارے میں شک میں ہے

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، (وہ تھا) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اِبْلِيْسُ، ہے (اس کا) عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر) مِّنْ سُلْطٰنٍ، مِنْ، حرف جار، برائے عموم، سُلْطٰنٍ، مجرور (کوئی زور، کوئی غلبہ)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر) لِنَعْلَمَ (لِ، نَعْلَمَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، نَعْلَمَ، فعل مضارع جمع متکلم عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا، ہم جان لیں (تاکہ ہم جان لیں) مَنْ، استفہامیہ (کون)

يُّؤْمِنُ فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان رکھتا ہے)

بِالْاٰخِرَةِ (بِ، اَلْاٰخِرَةِ) بِ، حرف جار، پر، اَلْاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت پر)

مِمَّنْ (مِنْ، مَنْ) مِنْ، حرف جار، سے، مَنْ، مجرور، موصولہ، جو (ان میں سے جو)

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ) مِنْهَا (مِنْ، هَا) مِنْ، حرف جار بمعنی، عَنْ، کے بارے میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْاٰخِرَةِ، ہے (اس کے بارے میں)

فِيْ شَكٍّ (فِيْ۔ شَكٍّ) فِيْ، حرف جار، میں، شَكٍّ، مجرور، شک (شک میں)

وَ رَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾	اور آپ کا رب ہر چیز پر نگہبان ہے

ع ۲ / ۱۲ / ۸

وَ، حرف عطف (اور) رَبُّكَ (رَبُّ، كَ) رَبُّ، مضاف، رب، پروردگار، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کا (آپ کا رب) عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ، عَلٰى، حرف جار، پر، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَيْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز پر) حَفِيْظٌ، اللہ کا صفاتی نام، حِفْظٌ، مصدر سے اسم فاعل (حفاظت کرنے والا، نگہبان)

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ	آپ کہہ دیجئے تم ان کو پکارو جنہیں تم نے اللہ کے سوا (معبود) گمان کر رکھا ہے

قُلِ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اُدْعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر دَعَا يَدْعُوْ، مصدر دُعَآءٌ وَّدَعْوَةٌ، پکارنا (تم پکارو)

الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان کو جنہیں)

زَعَمْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر زَعَمَ يَزْعَمُ، مصدر زَعْمًا، خیال کرنا، گمان رکھنا (تم نے گمان کر رکھا ہے) مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ (مِنْ، دُوْنِ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے سوا)

لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾	وہ آسمانوں میں ذرہ کے برابر اختیار نہیں رکھتے اور نہ زمین میں اور نہ ان کا ان دونوں میں کوئی حصہ ہے اور نہ ان میں سے اس (اللہ) کا کوئی مددگار ہے

لَا يَمْلِكُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب مَلَكَ يَمْلِكُ، مصدر مَلْكٌ، اختیار رکھنا، حکومت کرنا، مالک ہونا (وہ اختیار نہیں رکھتے) مِثْقَالَ ذَرَّةٍ، مِثْقَالَ، مضاف، اسم مفرد، ہم وزن، برابر، جمع، مَثَاقِيْلُ، ذَرَّةٍ، مضاف الیہ، ذرّہ کے (ذرّہ کے برابر) فِى السَّمٰوٰتِ، فِى، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ)

فِى الْاَرْضِ، فِىْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) وَ، حرف عطف (اور)

مَا، نافیہ (نہ) لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کا، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کا)

فِيْهِمَا (فِىْ، هِمَا) فِىْ، حرف جار، میں، هِمَا، مجرور، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، ان دونوں، ضمیر کا مرجع، اَلسَّمٰوٰتِ، اور، اَلْاَرْضِ، ہے (ان دونوں میں)

مِنْ شِرْكٍ، مِنْ، حرف جار، برائے عموم، شِرْكٍ، مجرور، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم ہے (شرک، ساجھا، کوئی حصہ) وَّ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ)

لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا)

مِنۡهُمۡ (مِنۡ، هُمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں سے)

مِّنۡ ظَهِيۡرٍ، مِنۡ، حرف جار، برائے عموم، ظَهِيۡرٍ، مجرور، مُظَاهَرَةٌ، مصدر سے بمعنی اسم فاعل، صفت کا صیغہ (کوئی مددگار)

وَلَا تَنۡفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا لِمَنۡ اَذِنَ لَهٗ ؕ	اور اس کے ہاں شفاعت (سفارش) نفع نہیں دے گی مگر اس کو جس کیلئے وہ اجازت دے گا

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَنۡفَعُ، فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب نَفَعَ يَنۡفَعُ، مصدر نَفۡعًا، نفع دینا (وہ نفع نہیں دے گی) الشَّفَاعَةُ (شفاعت، سفارش)

عِنۡدَهٗۤ (عِنۡدَ، هٗ) عِنۡدَ، مضاف، پاس، ہاں، نزدیک، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے ہاں) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) لِمَنۡ (لِ، مَنۡ) لِ، حرف جار، کیلئے، مَنۡ، مجرور، اسم موصول، جس (جس کیلئے) اَذِنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَذِنَ يَاۡذَنُ، مصدر اِذۡنًا، اجازت دینا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ اجازت دے گا) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کو، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو)

حَتّٰۤى اِذَا فُزِّعَ عَنۡ قُلُوۡبِهِمۡ قَالُوۡا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمۡ ؕ	یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور کر دی جائے گی تو وہ کہیں گے، تمہارے رب نے کیا فرمایا ہے؟

حَتّٰۤى، حرف جار (یہاں تک کہ) اِذَا، اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط (جب)

فُزِّعَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب فَزَّعَ يُفَزِّعُ، مصدر تَفۡزِيۡعٌ، خوف دور کرنا، گھبراہٹ دور کر دینا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (گھبراہٹ دور کر دی جائے گی)

عَنۡ قُلُوۡبِهِمۡ (عَنۡ، قُلُوۡبِ، هِمۡ) عَنۡ، حرف جار، سے، قُلُوۡبِ، مجرور، مضاف، دلوں، واحد، قَلۡبٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دلوں سے)

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہیں گے)

مَاذَا، استفہامیہ (کیا ہے، کیا چیز ہے)

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، فرمانا (اس نے فرمایا)

رَبُّكُمْ (رَبُّ، كُمْ) رَبُّ، مضاف، رب، كُمْ مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے رب نے)

قَالُوا الْحَقَّ ۚ	وہ کہیں گے حق (فرمایا)

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہیں گے)

الْحَقَّ (حق، سچ)

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۲۳﴾	اور وہی بہت بلند بہت بڑا ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

الْعَلِيُّ، اللہ کا صفاتی نام، عَلَآءٌ، سے صفت مشبہ (بہت بلند)

الْكَبِيْرُ، اللہ کا صفاتی نام، كِبَرًا، مصدر سے صفت مشبہ (بہت بڑا)

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ	آپ کہیے کون تمہیں آسمانوں اور زمین سے رزق دیتا ہے؟

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہیے) مَنْ، استفہامیہ (کون)

يَّرْزُقُكُمْ (يَرْزُقُ، كُمْ) يَرْزُقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب رَزَقَ يَرْزُقُ، مصدر رِزْقًا، رزق دینا، وہ رزق دیتا ہے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں رزق دیتا ہے)

مِّنَ السَّمٰوٰتِ، مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں سے)

وَ، حرف عطف (اور) الْاَرْضِ (زمین)

قُلِ اللّٰهُ ۙ وَ اِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾	آپ کہہ دیجئے اللہ (دیتا ہے) اور بے شک ہم یا تم (یا تو) یقیناً ہدایت پر ہیں یا کھلی گمراہی میں ہیں۔

قُلِ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے) اللّٰهُ (اللہ)

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّآ (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

اَوۡ، حرف عطف (یا) اِیَّاکُمۡ، جمع مذکر حاضر کی ضمیر منصوب منفصل (تم)

لَعَلٰی ھُدًی (لَ، عَلٰی، ھُدًی) لَ، لام تاکید، یقیناً، عَلٰی، حرف جار، پر، ھُدًی، مجرور، اسم مصدر، ہدایت، (یقیناً ہدایت پر) اَوۡ، حرف عطف (یا)

فِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ، فِیۡ، حرف جار، میں، ضَلٰلٍ، مجرور، موصوف، اسم مصدر، گمراہی، مُبِیۡنٍ، صفت، اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح، کھلی، ظاہر کرنے والا (کھلی گمراہی میں)

قُلۡ لَّا تُسۡـَٔلُوۡنَ عَمَّاۤ اَجۡرَمۡنَا وَلَا نُسۡـَٔلُ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۵﴾	آپ کہہ دیجئے نہ تم اس کے بارے میں پوچھے جاؤ گے جو ہم نے جرم کئے اور نہ ہم اس کے بارے میں پوچھے جائیں گے جو تم عمل کرتے ہو

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

لَّا تُسۡـَٔلُوۡنَ، فعل مضارع منفی مجہول جمع مذکر حاضر سَاَلَ یَسۡـَٔلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا (نہ تم پوچھے جاؤ گے) عَمَّاۤ (عَنۡ، مَا) عَنۡ، حرف جار، کے بارے میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کے بارے میں جو) اَجۡرَمۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَجۡرَمَ یُجۡرِمُ، مصدر اِجۡرَامٌ، جرم کرنا (ہم نے جرم کئے) وَ، حرف عطف (اور) لَا نُسۡـَٔلُ، فعل مضارع منفی مجہول جمع متکلم سَاَلَ یَسۡـَٔلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا (نہ ہم پوچھیں جائیں گے) عَمَّا (عَنۡ، مَا) عَنۡ، حرف جار، کے بارے میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کے بارے میں جو) تَعۡمَلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ یَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

قُلۡ یَجۡمَعُ بَیۡنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ یَفۡتَحُ بَیۡنَنَا بِالۡحَقِّ ؕ	آپ کہہ دیجئے ہم سب کو ہمارا رب جمع کرے گا پھر وہ ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کرے گا

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

یَجۡمَعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَمَعَ یَجۡمَعُ، مصدر جَمۡعًا، جمع کرنا (وہ جمع کرے گا)

بَیۡنَنَا(بَیۡنَ،نَا)بَیۡنَ، مضاف، درمیان،نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہم کے (ہم کے درمیان (یعنی ہم سب کو))رَبُّنَا(رَبُّ،نَا)رَبُّ، مضاف رب،نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارا (ہمارارب)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر)یَفۡتَحُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب فَتَحَ یَفۡتَحُ، مصدر فَتۡحًا، کھولنا، فتح کرنا، فیصلہ کرنا (وہ فیصلہ کرے گا)بَیۡنَنَا(بَیۡنَ،نَا)بَیۡنَ، مضاف، درمیان،نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے درمیان)بِالۡحَقِّ(بِ،اَلۡحَقِّ)بِ، حرف جار، کے ساتھ،اَلۡحَقِّ، مجرور، حق (حق کے ساتھ)

وَهُوَ الۡفَتَّاحُ الۡعَلِيۡمُ ۝۲۶	اور وہی خوب فیصلہ کرنے والا خوب جاننے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور)هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

الۡفَتَّاحُ،اللہ کا صفاتی نام،فَتۡحٌ،سے مبالغہ کا صیغہ (خوب فیصلہ کرنے والا)

الۡعَلِيۡمُ،اللہ کا صفاتی نام،عِلۡمًا،سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

قُلۡ اَرُوۡنِيَ الَّذِيۡنَ اَلۡحَقۡتُمۡ بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ	آپ کہہ دیجئے تم مجھے وہ شریک دکھاؤ جنہیں تم نے اس (اللہ) کے ساتھ ملا رکھا ہے ہرگز (کوئی شریک) نہیں ہے

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اَرُوۡنِيَ(اَرُوۡا،نِ،یَ)اَرُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَرٰی یُرِیۡ مصدر اِرَآءَةٌ، دکھانا، تم دکھاؤ،نِ، نون وقایہ،یَ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (تم مجھے دکھاؤ)الَّذِيۡنَ،اسم موصول جمع مذکر (وہ جنہیں)

اَلۡحَقۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَلۡحَقَ یُلۡحِقُ، مصدر اِلۡحَاقٌ،ملانا،شامل کرنا (تم نے ملا رکھا ہے)

بِهٖ(بِ،هٖ)بِ، حرف جار، کے ساتھ،هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس، ضمیر کا مرجع،اَللّٰهُ، ہے (اس کے ساتھ)شُرَكَآءَ، شریک،ساجھی، واحد،شَرِيۡكٌ،كَلَّا، حرف ردع (ہرگز نہیں)

بَلۡ هُوَ اللّٰهُ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۝۲۷	بلکہ وہی اللہ خوب غالب، بڑی حکمت والا ہے

بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ)هُوَ اللّٰهُ،هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب، وہی،اَللّٰهُ، اللہ (وہی اللہ)

اَلۡعَزِیۡزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب غالب)

اَلۡحَکِیۡمُ، اللہ کا صفاتی نام، حِکۡمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

وَمَآ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا کَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِیۡرًا وَّ نَذِیۡرًا وَّ لٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۸﴾	اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام لوگوں کیلئے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا (بنا کر) اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے

وَ مَآ، وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

اَرۡسَلۡنٰکَ (اَرۡسَلۡنَا، کَ) اَرۡسَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا، ہم نے بھیجا، کَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کو (ہم نے آپ کو بھیجا) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

کَآفَّةً، کَفًّا، مصدر سے اسم فاعل مذکر منصوب (سب کے سب، تمام) لِلنَّاسِ (لِ، اَلنَّاسِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلنَّاسِ، مجرور، لوگوں (لوگوں کیلئے) بَشِیۡرًا، بِشۡرٌ، سے بمعنی فاعل (بشارت دینے والا، خوشخبری دینے والا) وَّ، حرف عطف (اور) نَذِیۡرًا، نَذۡرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (ڈرانے والا)

وَّ، حرف عطف (اور) لٰکِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (لیکن)

اَکۡثَرَ النَّاسِ، اَکۡثَرَ، مضاف، کَثۡرَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، بہت زیادہ، اکثر، اکثریت، اَلنَّاسِ، مضاف الیہ، لوگوں کی (لوگوں کی اکثریت، اکثر لوگ)

لَا یَعۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ نہیں جانتے)

وَ یَقُوۡلُوۡنَ مَتٰی هٰذَا الۡوَعۡدُ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۲۹﴾	اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب (پورا) ہو گا اگر تم سچے ہو؟

وَ، حرف عطف (اور) یَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)

مَتٰی، استفہامیہ، ظرف زمان (کب ہو گا)

هٰذَا الۡوَعۡدُ، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، یہ، اَلۡوَعۡدُ، مشارٌ الیہ، وعدہ (یہ وعدہ) اِنۡ، شرطیہ (اگر)

كُنۡتُمۡ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا، اِنۡ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)
صٰدِقِیۡنَ، صِدۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، سچ بولنے والے، سچے، واحد، صَادِقٌ

قُلۡ لَّكُمۡ مِّيۡعَادُ يَوۡمٍ لَّا تَسۡتَاۡخِرُوۡنَ عَنۡهُ سَاعَةً وَّلَا تَسۡتَقۡدِمُوۡنَ ﴿٣٠﴾	آپ کہہ دیجئے تمہارے لئے ایک (ایسے) دن کا وعدہ ہے اس سے تم نہ ایک گھڑی پیچھے رہ سکو گے اور نہ تم آگے بڑھ سکو گے۔

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ، يَقُوۡلُ مصدر قَوۡلًا کہنا (آپ کہہ دیجئے)
لَّكُمۡ (لَ، كُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)
مِّيۡعَادُ يَوۡمٍ، مِيۡعَادُ، مضاف، وَعۡدٌ، سے اسم ظرف زمان، وعدہ، وقت وعدہ، میعاد، يَوۡمٍ، مضاف الیہ، ایک (ایسے) دن کا (ایک (ایسے) دن کا وعدہ)
لَّا تَسۡتَاۡخِرُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر اِسۡتَاۡخَرَ يَسۡتَاۡخِرُ، مصدر اِسۡتِيۡخَارٌ، دیر کرنا، پیچھے رہنا (تم پیچھے نہ رہ سکو گے) عَنۡهُ (عَنۡ، هٗ) عَنۡ، حرف جار، سے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے) سَاعَةً (ایک گھڑی) وَّ، حرف عطف (اور) لَا تَسۡتَقۡدِمُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر اِسۡتَقۡدَمَ يَسۡتَقۡدِمُ، مصدر اِسۡتِقۡدَامٌ، آگے بڑھنا (تم آگے نہ بڑھ سکو گے)۔

وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَنۡ نُّؤۡمِنَ بِهٰذَا الۡقُرۡاٰنِ وَلَا بِالَّذِىۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ ؕ	اور ان لوگوں نے کہا جنہوں نے کفر کیا ہم اس قرآن پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے اور نہ ان پر جو اس سے پہلے (کتابیں) ہیں

وَ، حرف عطف (اور) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اس نے کہا)
الَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں نے جنہوں نے)
كَفَرُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكۡفُرُ، مصدر كُفۡرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)
لَنۡ نُّؤۡمِنَ، فعل مضارع منفی تاکید بلن جمع متکلم اٰمَنَ يُؤۡمِنُ، مصدر اِيۡمَانًا، ایمان لانا (ہم ہرگز ایمان نہیں

لائیں گے) بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ (بِ، هٰذَا، اَلْقُرْاٰنِ) بِ، حرف جار، پر، هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، یہ، اس اَلْقُرْاٰنِ، مشارٌالیہ، قرآن (اس قرآن پر) وَلَا، وَ، حرف عطف، اور، لَا، نافیہ، نہ (اور نہ)

بِالَّذِیْ (بِ، الَّذِیْ) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰی، پر، الَّذِیْ، مجرور، اسم موصول واحد مذکر، جو (ان پر جو) بَیْنَ یَدَیْهِ (بَیْنَ، یَدَیْ، هِ) بَیْنَ، درمیان، یَدَیْ، مضاف، اصل میں، یَدَیْنِ، تھا، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گرا ہوا ہے، دونوں ہاتھ، واحد، یَدٌ، هِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے دونوں ہاتھوں کے درمیان، اس کے آگے ہے یعنی اس سے پہلے ہیں)

وَ لَوْ تَرٰٓی اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚۖ	اور کاش آپ دیکھیں جب ظالم لوگ اپنے رب کے پاس کھڑے کئے ہوئے ہوں گے

وَ، حرف عطف (اور) لَوْ، تمنائی (کاش)

تَرٰی، فعل مضارع واحد مذکر حاضر رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَةٌ، دیکھنا (آپ دیکھیں) اِذِ، اسم ظرف (جب) الظّٰلِمُوْنَ، ظُلْمٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالم لوگ) واحد، اَلظَّالِمُ،

مَوْقُوْفُوْنَ، وُقُوْفٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (کھڑے کئے ہوئے)

عِنْدَ رَبِّهِمْ (عِنْدَ۔رَبِّ۔هِمْ) عِنْدَ، مضاف، پاس، ہاں، رَبِّ، مضاف الیہ، مضاف، رب کے، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کے پاس)

یَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰی بَعْضِ ِالْقَوْلَ ۚ	ان کا بعض بعض کی طرف بات لوٹا رہا ہو گا

یَرْجِعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب رَجَعَ یَرْجِعُ، مصدر رُجُوْعًا وَّ رَجْعٌ، جواب دینا، لوٹانا، ڈالنا (وہ لوٹا رہا ہو گا) بَعْضُهُمْ (بَعْضُ، هُمْ) بَعْضُ، مضاف، بعض، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا، (ان کا بعض) اِلٰی بَعْضٍ، اِلٰی، حرف جار، کی طرف، بَعْضٍ، مجرور، بعض (بعض کی طرف)

الْقَوْلَ، مصدر، حاصل مصدر (بات)

یَقُوْلُ الَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِیْنَ	وہ لوگ جو کمزور سمجھے گئے تھے ان لوگوں سے جو

اسْتَكْبَرُوْا لَوْ لَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ۝۳۱	بڑے بنے ہوئے تھے کہیں گے اگر تم نہ ہوتے (تو) ہم ضرور ایمان لانے والے ہوتے۔

يَقُوْلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہے گا)

الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اُسْتُضْعِفُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اِسْتَضْعَفَ يَسْتَضْعِفُ، مصدر اِسْتِضْعَافٌ، کمزور سمجھنا، (وہ کمزور سمجھے گئے تھے) لِلَّذِيْنَ (لِ، الَّذِيْنَ) لِ، حرف جار، سے، الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں سے جو) اِسْتَكْبَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ، مصدر اِسْتِكْبَارٌ، تکبر کرنا، بڑا بننا (وہ بڑے بنے ہوئے تھے) لَوْ لَآ، لَوْ، شرطیہ، اگر، لَا، نافیہ، نہ (اگر نہ)

اَنْتُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم) لَكُنَّا (لَ، كُنَّا) لَ، لام تاکید، ضرور، كُنَّا، فعل ناقص ماضی جمع متکلم كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ، ہم ہوتے (ضرور ہم ہوتے)

مُؤْمِنِيْنَ، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان لانے والے، واحد، مُؤْمِنٌ

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ۝۳۲	وہ لوگ جو بڑے بنے ہوئے تھے ان لوگوں سے جو کمزور سمجھے گئے تھے کہیں گے کیا ہم نے تمہیں ہدایت سے روکا تھا اس کے بعد کہ جب وہ تمہارے پاس آئی بلکہ تم ہی مجرم تھے

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ کہے گا)

الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اِسْتَكْبَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ، مصدر اِسْتِكْبَارٌ، تکبر کرنا، بڑا بننا (وہ بڑے بنے ہوئے تھے) لِلَّذِيْنَ (لِ، اَلَّذِيْنَ) لِ، حرف جار، سے، الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں سے جو) اُسْتُضْعِفُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اِسْتَضْعَفَ يَسْتَضْعِفُ مصدر اِسْتِضْعَافٌ

کمزور سمجھنا (وہ کمزور سمجھے گئے تھے) اَنَحۡنُ، اَ، ہمزہ استفہام انکاری، کیا، نَحۡنُ، ضمیر جمع متکلم، ہم (کیا ہم)
صَدَدۡنٰکُمۡ (صَدَدۡنَا، کُمۡ) صَدَدۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم صَدَّ یَصُدُّ، مصدر صَدًّا اَوۡ صُدُوۡدًا، روکنا، موڑ دینا، ہم نے روکا تھا، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (ہم نے تمہیں روکا تھا)

عَنِ الۡهُدٰی، عَنۡ، حرف جار، سے، اَلۡهُدٰی، اسم و مصدر مجرور، ہدایت (ہدایت سے) بَعۡدَ (اس کے بعد)
اِذۡ، اسم ظرف، ماضی کے واقع سے پہلے آتا ہے (جب)

جَآءَکُمۡ (جَآءَ، کُمۡ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، اَلۡهُدٰی، عربی میں مذکر ہے اس کا ترجمہ، ہدایت، اردو میں مؤنث ہے اس لئے، ترجمہ، وہ آئی، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (وہ تمہارے پاس آئی) بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ)

کُنۡتُمۡ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (تم تھے)

مُّجۡرِمِیۡنَ، اِجۡرَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جرم کرنے والے، مجرم، واحد، مَجۡرِمٌ۔

مِّنۡ عَذَابِهَا (مِنۡ، عَذَابِ، هَا) مِنۡ، حرف جار تبعیضیہ، میں سے کچھ، عَذَابِ، مجرور، مضاف، عذاب،

هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، نَارٌ، ہے (اس کے عذاب میں سے کچھ)

كَذٰلِكَ نَجۡزِىۡ كُلَّ كَفُوۡرٍ ۚ	اسی طرح ہم ہر ناشکرے کو بدلہ دیتے ہیں

كَذٰلِكَ (كَ، ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ، طرح، مانند، جیسا، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اسی (اسی طرح)

نَجۡزِىۡ، فعل مضارع جمع متکلم جَزٰى يَجۡزِىۡ، مصدر جَزَآءٌ، بدلہ دینا (ہم بدلہ دیتے ہیں)

كُلَّ كَفُوۡرٍ، كُلَّ، مضاف، ہر، كَفُوۡرٍ، مضاف الیہ، كُفۡرَانٌ، مصدر سے صفت مشبہ، ناشکرا، کفر کرنے والا (ناشکرے)

وَهُمۡ يَصۡطَرِخُوۡنَ فِيۡهَا ۚ	اور وہ اس میں چلائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

يَصۡطَرِخُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِصۡطَرَخَ يَصۡطَرِخُ، مصدر اِصۡطِرَاخٌ، چلانا (وہ چلائیں گے)

فِيۡهَا (فِىۡ، هَا) فِىۡ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس ضمیر کا مرجع، نَارٌ، ہے (اس میں)

رَبَّنَاۤ اَخۡرِجۡنَا نَعۡمَلۡ صَالِحًا غَيۡرَ الَّذِىۡ كُنَّا نَعۡمَلُ ؕ	اے ہمارے رب! ہم کو نکال لے ہم نیک عمل کریں گے نہ کہ وہ جو ہم عمل کیا کرتے تھے

رَبَّنَاۤ، اصل میں، يَا رَبَّنَا، تھا (يَا، رَبَّ، نَا) يَا، حرف ندا، اے، تخفیف کیلئے یا کو گرادیا گیا ہے، رَبَّنَا، منادیٰ، رَبَّ، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

اَخۡرِجۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَخۡرَجَ يُخۡرِجُ، مصدر اِخۡرَاجًا نکالنا (ہم کو نکال لے)

نَعۡمَلۡ، فعل مضارع جمع متکلم مجزوم عَمِلَ يَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (ہم عمل کریں گے)

صَالِحًا، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (نیک) غَيۡرَ (علاوہ، نہ)

الَّذِىۡ، اسم موصول (وہ جو) كُنَّا، فعل ناقص ماضی جمع متکلم كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (ہم تھے)

نَعۡمَلُ، فعل مضارع جمع متکلم عَمِلَ يَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (ہم عمل کیا کرتے)

اَوَلَمۡ نُعَمِّرۡکُمۡ مَّا یَتَذَکَّرُ فِیۡہِ مَنۡ تَذَکَّرَ وَجَآءَکُمُ النَّذِیۡرُ ؕ	اور کیا ہم نے تمہیں (اتنی) عمر نہیں دی کہ اس میں جو نصیحت حاصل کرنا چاہتا وہ نصیحت حاصل کر لیتا اور تمہارے پاس ڈرانے والا (بھی) آیا

اَوَلَمۡ نُعَمِّرۡکُمۡ (اَ،وَ،لَمۡ نُعَمِّرۡ، کُمۡ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا،وَ، حرف عطف،اور،لَمۡ نُعَمِّرۡ، فعل مضارع مجزوم منفی جحد بلم جمع متکلم عَمَّرَ یُعَمِّرُ، مصدر تَعۡمِیۡرٌ، عمر دینا، ہم نے عمر نہیں دی، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اور کیا ہم نے تمہیں (اتنی) عمر نہیں دی) مَّا، مصدریہ (کہ)

یَتَذَکَّرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَذَکَّرَ یَتَذَکَّرُ، مصدر تَذَکُّرٌ، نصیحت حاصل کرنا (وہ نصیحت حاصل کر لیتا) فِیۡہِ (فِیۡ،ہِ) فِیۡ، حرف جار، میں، ہِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس میں)

مَنۡ، اسم موصول (جو) تَذَکَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَذَکَّرَ یَتَذَکَّرُ، مصدر تَذَکُّرٌ، نصیحت حاصل کرنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (نصیحت حاصل کرنا چاہتا) وَ، حرف عطف (اور)

جَآءَکُمُ (جَآءَ۔ کُمۡ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، وہ آیا، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (وہ تمہارے پاس آیا)

النَّذِیۡرُ، نَذۡرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (ڈرانے والا)

فَذُوۡقُوۡا فَمَا لِلظّٰلِمِیۡنَ مِنۡ نَّصِیۡرٍ ﴿۳۷﴾ ع	تو تم (عذاب) چکھو کہ ظالموں کا کوئی مدد گار نہیں

فَذُوۡقُوۡا (فَ، ذُوۡقُوۡا) فَ، حرف عطف، تو، ذُوۡقُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر ذَاقَ یَذُوۡقُ، مصدر ذَوۡقًا، چکھنا، تم چکھو (تو تم چکھو) فَمَا (فَ، مَا) فَ، سببیہ، کہ، مَا، نافیہ، نہیں (کہ نہیں)

لِلظّٰلِمِیۡنَ (لِ، اَلظّٰلِمِیۡنَ) لِ، حرف جار، کا، اَلظّٰلِمِیۡنَ، مجرور، ظُلۡمٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے، ظالموں، واحد، الظَّالِمُ (ظالموں کا)

مِنۡ نَّصِیۡرٍ، مِنۡ، حرف جار، برائے عموم، نَصِیۡرٍ، مجرور، نَصۡرٌ، سے مبالغہ کا صیغہ (کوئی مددگار)

اِنَّ اللّٰہَ عٰلِمُ غَیۡبِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ	بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں جاننے

والا ہے	

اِنَّ اللّٰہَ ،اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک ،اَللّٰہَ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (بے شک اللہ)

عٰلِمُ غَیْبِ السَّمٰوٰتِ ،عٰلِمُ ، مضاف ،عِلْمٌ ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، جاننے والا،

غَیْبِ ، مضاف الیہ مضاف ، پوشیدہ باتیں ،اَلسَّمٰوٰتِ ، مضاف الیہ، آسمانوں ، واحد ،اَلسَّمَآءِ (آسمانوں کی

پوشیدہ باتیں جاننے والا) وَ، حرف عطف (اور) الْاَرْضِ (زمین)

بے شک وہ سینوں والی باتوں کو خوب جاننے والا ہے	اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۳۸

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک ،هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)

عَلِیْمٌ ، اللہ کا صفاتی نام ،عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (بِ ،ذَاتِ ،اَلصُّدُوْرِ) بِ، حرف جار، کو ،ذَاتِ ، مجرور، مضاف، والی ،اَلصُّدُوْرِ ، مضاف الیہ، سینوں، واحد ،صَدْرٌ (سینوں والی (باتوں) کو)

وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں خلیفہ بنایا	هُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ ؕ

هُوَ ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی ہے) الَّذِیْ ،اسم موصول واحد مذکر (جس نے)

جَعَلَكُمْ (جَعَلَ ، كُمْ) جَعَلَ ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجْعَلُ ، مصدر جَعْلًا ، بنانا، اس نے بنایا، كُمْ ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اس نے تمہیں بنایا)

خَلٰٓئِفَ ، جانشین ، قائم مقام، نائب ، خلیفہ ، واحد ،خَلِیْفَةٌ ،

فِی الْاَرْضِ ،فِیْ ، حرف جار ، میں ،اَلْاَرْضِ ، مجرور، زمین (زمین میں)

پھر جو کفر کرے تو اس کے کفر (کا وبال) اسی پر ہو گا	فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ ؕ

فَمَنْ (فَ ،مَنْ) فَ ، حرف عطف ، پھر ،مَنْ ، شرطیہ ،اسم موصول ، جو (پھر جو)

كَفَرَ ، فعل مضارع واحد مذکر غائب كَفَرَ یَكْفُرُ ، مصدر كُفْرًا ، کفر کرنا (وہ کفر کرے)

فَعَلَیْهِ (فَ ۔ عَلٰی ۔ هِ) فَ ، حرف عطف ، تو ،عَلٰی ، حرف جار ، پر ، هِ ، مجرور ، ضمیر واحد مذکر غائب ، اسی (تو اسی

پر) كُفۡرُهٗ(كُفۡرُ۔هٗ) كُفۡرُ، مضاف، مصدر مرفوع، کفر، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے کفر)۔

وَلَا يَزِيۡدُ الۡكٰفِرِيۡنَ كُفۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ اِلَّا مَقۡتًا ۚ	اور کافروں کو ان کا کفران کے رب کے نزدیک زیادہ نہیں کرتا مگر ناراضگی ہی میں۔

وَ، حرف عطف (اور) لَا يَزِيۡدُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب زَادَ يَزِيۡدُ، مصدر زِيَادَةٌ، زیادہ کرنا (وہ زیادہ نہیں کرتا) الۡكٰفِرِيۡنَ، كُفۡرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، واحد، اَلۡكَافِرُ، كُفۡرُهُمۡ (كُفۡرُ، هُمۡ) كُفۡرُ، مضاف، مصدر مرفوع، کفر، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا کفر) عِنۡدَ رَبِّهِمۡ (عِنۡدَ، رَبِّ، هِمۡ) عِنۡدَ، مضاف، اسم ظرف، نزدیک، رَبِّ، مضاف الیہ مضاف، رب هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے رب کے نزدیک)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر) مَقۡتًا، مصدر منصوب (ناراضگی)

وَلَا يَزِيۡدُ الۡكٰفِرِيۡنَ كُفۡرُهُمۡ اِلَّا خَسَارًا ۝۳۹	اور کافروں کو ان کا کفر زیادہ نہیں کرتا مگر خسارے ہی میں

وَ، حرف عطف (اور) لَا يَزِيۡدُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب زَادَ يَزِيۡدُ، مصدر زِيَادَةٌ، زیادہ کرنا (وہ زیادہ نہیں کرتا) الۡكٰفِرِيۡنَ، كُفۡرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کفر کرنے والے، کافروں)

كُفۡرُهُمۡ (كُفۡرُ، هُمۡ) كُفۡرُ، مضاف، مصدر مرفوع، کفر، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا کفر) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) خَسَارًا، مصدر منصوب (خسارہ، نقصان، زیاں)

قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيۡنَ تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ	آپ کہہ دیجئے کیا تم نے اپنے ان شریکوں (معبودوں) کو دیکھا جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو؟

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اَرَءَيۡتُمۡ (اَ، رَءَيۡتُمۡ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، رَءَيۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر رَاٰی يَرٰی، مصدر رُؤۡيَةٌ،

دیکھنا، تم نے دیکھا (کیا تم نے دیکھا) شُرَکَآءَکُمْ (شُرَکَآءَ، کُمْ) شُرَکَآءَ، مضاف، شریکوں، واحد، شَرِیْكٌ،
کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے شریکوں) الَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان کو جنہیں)
تَدْعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر دَعَا یَدْعُوْ، مصدر دُعَآءٌ وَّدَعْوَةٌ، بلانا، پکارنا (تم پکارتے ہو)
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ، مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، علاوہ، سوا،
اَللّٰهِ، مضاف الیہ اللہ کے (اللہ کے سوا)

اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِی السَّمٰوٰتِ ۚ	تم مجھے دکھاؤ اُنہوں نے زمین سے کیا پیدا کیا ہے؟ یا آسمانوں (کی تخلیق) میں ان کا کوئی حصہ ہے۔

اَرُوْنِیْ (اَرُوْا - نِ - یْ) اَرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَرٰی یُرِیْ، مصدر اِرَاءَةٌ، دکھانا، تم دکھاؤ،
نِ، نون وقایہ، یْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (تم مجھے دکھاؤ) مَاذَا، حرف استفہام (کیا)
خَلَقُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اُنہوں نے پیدا کیا)
مِنَ الْاَرْضِ، مِنْ، حرف جار، سے، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین سے) اَمْ، حرف عطف (یا)
لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کا، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کا)
شِرْكٌ، شِرْكَةٌ، مصدر سے اسم ہے (کوئی شرکت، کوئی حصہ)
فِی السَّمٰوٰتِ، فِیْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں)

اَمْ اٰتَیْنٰهُمْ کِتٰبًا فَهُمْ عَلٰی بَیِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ	یا ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے تو وہ اس میں سے کسی دلیل پر (قائم) ہیں

اَمْ، حرف عطف (یا) اٰتَیْنٰهُمْ (اٰتَیْنَا، هُمْ) اٰتَیْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا، ہم نے
دی، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں دی ہے) کِتٰبًا (کوئی کتاب)
فَهُمْ (فَ، هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تو وہ)
عَلٰی بَیِّنَتٍ، عَلٰی، حرف جار، پر، بَیِّنَتٍ، مجرور، کسی دلیل، جمع، بَیِّنٰتٌ (کسی دلیل پر)

مِّنْهُ (مِنْ، هٗ) مِنْ، حرف جار، سے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں سے)

بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ۝	بلکہ ظالم لوگ ان کے بعض بعض کو وعدہ نہیں دیتے مگر دھوکے کا

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) اِنْ، صلہ میں، اِلَّا، ہے ترجمہ (نہیں)

يَّعِدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَعَدَ يَعِدُ، مصدر وَعْدًا، وعدہ دینا (وہ وعدہ دیتا)

الظّٰلِمُوْنَ، ظُلْمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالم لوگ)

بَعْضُهُمْ (بَعْضُ، هُمْ) بَعْضُ، مضاف، بعض، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے بعض) بَعْضًا (بعض کو) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) غُرُوْرًا، مصدر (دھوکہ دینا، دھوکہ)

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ	بے شک اللہ ہی آسمانوں اور زمین کو تھامے رکھتا ہے کہ وہ دونوں اپنے مقام سے ہٹ (نہ) جائیں

اِنَّ اللّٰهَ، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

يُمْسِكُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَمْسَكَ يُمْسِكُ، مصدر اِمْسَاكٌ، پکڑنا، تھام رکھنا، روکنا (وہ تھامے رکھتا ہے) السَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ، وَ، حرف عطف (اور) الْاَرْضَ (زمین)

اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) تَزُوْلَا، فعل مضارع تثنیہ مونث غائب زَالَ يَزَالُ، مصدر زَوَالًا، اپنے مقام سے ہٹ جانا (وہ دونوں اپنے مقام سے ہٹ جائیں)

وَ لَئِنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ	اور یقیناً اگر وہ دونوں اپنے مقام سے ہٹ جائیں (تو) اس کے بعد کوئی بھی ان دونوں کو نہیں تھام سکے گا

وَ، حرف عطف (اور) لَئِنْ (لَ، اِنْ) لَ، لام تاکید، یقیناً، اِنْ، شرطیہ، اگر (اگر یقیناً)

زَالَتَاۤ، فعل ماضی تثنیہ مؤنث غائب زَالَ يَزَالُ، مصدر زَوَالًا، اپنے مقام سے ہٹ جانا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ دونوں اپنے مقام سے ہٹ جائیں) اِنْ، نافیہ (نہیں)

اَمْسَكَهُمَا (اَمْسَكَ، هُمَا) اَمْسَكَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَمْسَكَ يُمْسِكُ، مصدر اِمْسَاكٌ، روک رکھنا، تھام رکھنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ تھام سکے گا، هُمَا، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، ان دونوں (وہ ان دونوں کو تھام سکے گا) مِنْ اَحَدٍ، مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَحَدٍ، مجرور (کوئی ایک، کوئی بھی) مِّنْۢ بَعْدِهٖ (مِّنْ، بَعْدِ، هٖ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے بعد)

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾	بے شک وہ نہایت بردبار، بہت بخشنے والا ہے

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)
كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)
حَلِيْمًا، اللہ کا صفاتی نام، حِلْمٌ، مصدر سے صفت مشبہ (نہایت بردبار)
غَفُوْرًا، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ	اور اُنہوں نے اپنی پختہ قسموں کے ساتھ اللہ کی قسمیں کھائیں کہ واقعی اگر کوئی ڈرانے والا ان کے پاس آیا تو بلاشبہ وہ ضرور امتوں میں (ہر) ایک سے زیادہ ہدایت پانے والے ہوں گے

وَ، حرف عطف (اور) اَقْسَمُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَقْسَمَ يُقْسِمُ، مصدر اِقْسَامٌ، قسم کھانا (اُنہوں نے قسمیں کھائیں) بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰه) بِ، حرف جار، کی، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی)
جَهْدَ، مصدر ہے (پورے طور پر کوشش کرنا، پوری کوشش، پختہ، طاقت، مشقت)
اَيْمَانِهِمْ (اَيْمَانِ، هِمْ) اَيْمَانِ، مضاف، قسمیں، واحد، يَمِيْنٌ، جس کے معنی داہنے ہاتھ کے ہیں، اور مجازاً قسم کے معنی میں بھی مستعمل ہے، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی قسمیں)
لَئِنْ (لَ، اِنْ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، واقعی، اِنْ، شرطیہ، اگر (واقعی اگر)

جَآءَهُمۡ (جَآءَ۔هُمۡ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، وہ آیا،
هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (وہ ان کے پاس آیا)
نَذِیۡرٌ، نَذۡرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (کوئی ڈرانے والا)
لَّیَکُوۡنُنَّ (لَ۔یَکُوۡنُنَّ) لَ، لام تاکید بلاشبہ، یَکُوۡنُنَّ، فعل ناقص مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ جمع مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا، وہ ضرور ہوں گے (بلاشبہ وہ ضرور ہوں گے)
اَهۡدٰی، هِدَایَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ ہدایت پانے والا)
مِنۡ اِحۡدَی الۡاُمَمِ۔ مِنۡ، حرف جار، سے، اِحۡدَی، مجرور، مضاف، اَحَدٌ، کا مؤنث، ایک، کسی بھی،
اَلۡاُمَمِ، مضاف الیہ، امتوں، واحد، اُمَّةٌ، امت (کسی بھی امت سے، امتوں میں (ہر) ایک سے)

فَلَمَّا جَآءَهُمۡ نَذِیۡرٌ مَّا زَادَهُمۡ اِلَّا نُفُوۡرَا ۙ﴿۴۲﴾	پھر جب ان کے پاس ایک ڈرانے والا آیا (تو) اس نے انہیں زیادہ نہیں کیا مگر نفرت ہی میں

فَلَمَّا (فَ، لَمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، لَمَّا، اسم ظرف حینیہ، جب (پھر جب)
جَآءَهُمۡ (جَآءَ، هُمۡ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، وہ آیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (وہ ان کے پاس آیا) نَذِیۡرٌ، نَذۡرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (ایک ڈرانے والا)
مَّا، نافیہ (نہیں) زَادَهُمۡ (زَادَ، هُمۡ) زَادَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب زَادَ یَزِیۡدُ، مصدر زِیَادَةٌ، زیادہ کرنا، اس نے زیادہ کیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (اس نے انہیں زیادہ کیا)
اِلَّا، حرف استثنا (مگر) نُفُوۡرًا، مصدر منصوب (دور ہونا، نفرت، بیزاری)

اِۨسۡتِکۡبَارًا فِی الۡاَرۡضِ وَ مَکۡرَ السَّیِّیِٴ ؕ	زمین میں بڑا سمجھنا اور بُری چال چلنا

اِسۡتِکۡبَارًا، مصدر ہے (تکبر کرنا، بڑا سمجھنا، غرور کرنا)
فِی الۡاَرۡضِ، فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں، ملک میں) وَ، حرف عطف (اور)
مَکۡرَ السَّیِّیِٴ مَکۡرَ، مصدر، چال چلنا، تدبیر کرنا، اَلسَّیِّیِٴ، سَوۡٓءٌ، سے صفت مشبہ، بری (بری چال چلنا)

وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ؕ	اور بری چال نہیں گھیرتی مگر اپنے چلنے والے ہی کو

وَ، حرف عطف (اور) لَا يَحِيْقُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب حَاقَ يَحِيْقُ، مصدر حَيْقًا، گھیر لینا، (وہ نہیں گھیرتی) الْمَكْرُ السَّيِّئُ، اَلْمَكْرُ، چال، مکر، موصوف، چال کرنا، تدبیر کرنا، اَلسَّيِّئُ، صفت، سَوْءٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بری (بری چال) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) بِاَهْلِهٖ (بِ، اَهْلِ، هٖ) بِ، حرف جار، کو، اَهْلِ، مجرور، مضاف، (چلنے) والے، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے، ضمیر کا مرجع، اَلْمَكْرُ، ہے (اپنے (چلنے) والے کو)

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ	سو وہ انتظار نہیں کرتے مگر پہلے لوگوں کے طریقہ (عذاب) کا

فَهَلْ (فَ، هَلْ) فَ، حرف عطف، سو، هَلْ، صلہ میں، اِلَّا، ہے ترجمہ، نہیں (سو نہیں) يَنْظُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَظَرَ يَنْظُرُ، مصدر نَظْرًا، انتظار کرنا (وہ انتظار کرتے) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ، سُنَّتَ، مضاف، طریقہ، دستور، روش، اَلْاَوَّلِيْنَ، مضاف الیہ، پہلے لوگوں کے، واحد، اَلْاَوَّلُ (پہلے لوگوں کا طریقہ)

فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ	پس آپ اللہ کے طریقہ (پکڑ) میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے

فَلَنْ تَجِدَ (فَ، لَنْ تَجِدَ) فَ، حرف عطف، پس، لَنْ تَجِدَ، فعل مضارع منفی تاکید بلن واحد مذکر حاضر وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا وَّ وُجُوْدٌ، پانا، آپ ہرگز نہیں پائیں گے (پس آپ ہرگز نہیں پائیں گے) لِسُنَّتِ اللّٰهِ (لِ، سُنَّتِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، بمعنی، فِيْ، میں، سُنَّتِ، مجرور، مضاف، دستور، طریقہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے طریقے (پکڑ) میں) تَبْدِيْلًا، مصدر (تبدیل کرنا، کوئی تبدیلی)

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾	اور آپ اللہ کے طریقہ (پکڑ) کو ہرگز ٹلتا ہوا نہیں پائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) لَنْ تَجِدَ، فعل مضارع منفی تاکید بلن واحد مذکر حاضر وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا، وُجُوْدٌ، پانا (آپ ہرگز نہیں پائیں گے)

لِسُنَّتِ اللهِ (لِ، سُنَّتِ، اللهِ) لِ، حرف جار، کو، سُنَّتِ، مجرور، مضاف، دستور، طریقہ، روش، اَللهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے طریقہ (پکڑ) کو)

تَحْوِيْلًا، مصدر (کوئی تغیر، تفاوت، کوئی پھرنا، ٹلتا ہوا)

اَوَ لَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ	اور کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے پہلے تھے حالانکہ وہ قوت میں ان سے زیادہ سخت تھے۔

اَوَ لَمْ يَسِيْرُوْا (اَ، وَ، لَمْ يَسِيْرُوْا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، وَ، حرف عطف، اور، لَمْ يَسِيْرُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب سَارَ يَسِيْرُ، مصدر سَيْرًا، چلنا پھرنا، سیر کرنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ نہیں چلے پھرے (اور کیا وہ نہیں چلے پھرے)

فِي الْاَرْضِ، فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

فَيَنْظُرُوْا (فَ، يَنْظُرُوْا) فَ، سببیہ، کہ، يَنْظُرُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَظَرَ يَنْظُرُ، مصدر نَظْرًا، دیکھنا، انتظار کرنا، وہ دیکھتے (کہ وہ دیکھتے) كَيْفَ، استفہامیہ (کیسا)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہوا)

عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ، عَاقِبَةُ، مضاف، مصدر، انجام، اَلَّذِيْنَ، مضاف الیہ، اسم موصول جمع مذکر، ان لوگوں کا جو (ان لوگوں کا انجام جو) مِنْ قَبْلِهِمْ (مِنْ، قَبْلِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے پہلے) وَ، حالیہ (حالانکہ)

كَانُوْٓا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

اَشَدَّ، شِدَّةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ سخت)

مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے) قُوَّةً (قوت)

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ	اور اللہ ہرگز (ایسا) نہیں ہے کہ آسمانوں میں کوئی چیز اسے عاجز کر دے اور نہ زمین میں۔

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

اللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

لِيُعْجِزَهٗ (لِ، يُعْجِزَ، هٗ) لِ، لام جحود تاکید برائے نفی، ہرگز کہ، يُعْجِزَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب اَعْجَزَ يُعْجِزُ، مصدر اِعْجَازٌ، عاجز کرنا، وہ عاجز کر دے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (ہرگز کہ وہ اسے عاجز کر دے) مِنْ شَيْءٍ، مِنْ، حرف جار، زائد برائے عموم، شَيْءٍ، مجرور (کوئی چیز)

فِي السَّمٰوٰتِ، فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں (آسمانوں میں)

وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہ) فِي الْاَرْضِ، فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ۝	بے شک وہ خوب جاننے والا، بہت قدرت والا ہے

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

عَلِيْمًا، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

قَدِيْرًا، اللہ کا صفاتی نام، قُدْرَةٌ، سے صفت مشبہ (بہت قدرت والا)

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ	اور اگر اللہ لوگوں کا اس وجہ سے مؤاخذہ کرے جو وہ کماتے ہیں (تو) وہ اس (زمین) کی پشت پر کوئی چلنے والا نہ چھوڑے اور لیکن وہ انہیں ایک مقرر مدت تک مہلت دیتا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَوْ، شرطیہ (اگر)

يُؤَاخِذُ اللهُ، يُؤَاخِذُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰخَذَ يُؤَاخِذُ، مصدر مُؤَاخَذَةٌ، مؤاخذہ کرنا، وہ مؤاخذہ کرے، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ مؤاخذہ کرے) النَّاسَ (لوگوں کا)

بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے، مَا، مجرور، اسم موصول جو (اس وجہ سے جو) كَسَبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَسَبَ يَكْسِبُ، مصدر كَسْبًا، کمانا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کماتے ہیں)

مَا، نافیہ (نہ) تَرَكَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَرَكَ يَتْرُكُ، مصدر تَرْكًا، چھوڑنا، جواب شرط کی وجہ سے ترجمہ (وہ چھوڑے) عَلٰى ظَهْرِهَا (عَلٰى، ظَهْرِ، هَا) عَلٰى، حرف جار، پر، ظَهْرِ، مجرور، مضاف، پیٹھ، پشت، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع، اَلْاَرْضِ، ہے (اس کی پشت پر)

مِنْ دَآبَّةٍ، مِنْ، حرف جار زائد برائے عموم، دَآبَّةٍ، مجرور، دَبًّا، سے اسم فاعل مذکر اور مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہے (جانور کوئی چلنے والا) وَّ، حرف عطف (اور) لٰكِنْ، حرف استدراک (لیکن)

يُّؤَخِّرُهُمْ (يُّؤَخِّرُ، هُمْ) يُّؤَخِّرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَخَّرَ يُؤَخِّرُ، مصدر تَاْخِيْرًا، دیر کرنا، مہلت دینا، ڈھیل دینا، وہ مہلت دیتا ہے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں مہلت دیتا ہے)

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى، اِلٰى، حرف جار، تک، اَجَلٍ، مجرور، موصوف، ایک مدت، ایک وقت، مُّسَمًّى، صفت، تَسْمِيَةٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، مقرر (ایک مقررہ مدت تک)

فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ۝۴۵	پھر جب ان کا مقررہ وقت آ جائے گا تو بے شک اللہ اپنے بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے

ع ۵ ۸ ۱۷

فَاِذَا (فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (پھر جب)

جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِیْٓءُ، مصدر مَجِیْٓءٌ، آنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ آ جائے گا)

اَجَلُهُمْ (اَجَلُ، هُمْ) اَجَلُ، مضاف، مقررہ وقت، مقررہ مدت، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، ان کا (ان کا مقررہ وقت) فَاِنَّ اللّٰهَ (فَ۔ اِنَّ۔ اَللّٰهَ) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،

اَللّٰهَ، اللہ (تو بے شک اللہ) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے) بِعِبَادِهٖ(بِ، عِبَادِ، هٖ)بِ، حرف جار، کو، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبْدٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بندوں کو) بَصِيْرًا، بَصَارَةٌ، سے صفت مشبہ (خوب دیکھنے والا)

اٰیَاتُھَا: ۸۳	سُوۡرَۃُ یٰسٓ مَکِّیَّۃٌ	رُکُوۡعَاتُھَا: ۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

یٰسٓ ①	یا سین۔

یٰسٓ، یا، سین، حروف مقطعات ہیں، انہیں الگ الگ ساکن پڑھا جاتا ہے،

وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ ②	قسم ہے حکمت والے قرآن کی

وَ الۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ (وَ۔ اَلۡقُرۡاٰنِ۔ اَلۡحَکِیۡمِ) وَ، حرف جار و قسمیہ، قسم ہے، اَلۡقُرۡاٰنِ، مقسم بہ، مجرور، موصوف، قرآن، اَلۡحَکِیۡمِ، صفت، حِکۡمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ، حکمت والے (قسم ہے حکمت والے قرآن کی)

اِنَّکَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ③	بلاشبہ آپ یقیناً رسولوں میں سے ہیں

اِنَّكَ (اِنَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (بلاشبہ آپ) لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ (لَ، مِنۡ، اَلۡمُرۡسَلِیۡنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، مِنۡ، حرف جار، سے، اَلۡمُرۡسَلِیۡنَ، مجرور، اِرۡسَالٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، بھیجے ہوؤں، رسولوں، واحد، اَلۡمُرۡسَلُ (یقیناً رسولوں میں سے)

عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ④	سیدھی راہ پر ہیں

عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ، عَلٰی، حرف جار، پر، صِرَاطٍ، مجرور، موصوف، راہ، مُسۡتَقِیۡمٍ، صفت، اِسۡتِقَامَۃٌ مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، سیدھی (سیدھی راہ پر)

تَنۡزِیۡلَ الۡعَزِیۡزِ الرَّحِیۡمِ ⑤	نہایت غالب، بہت رحم کرنے والے کا نازل کردہ ہے

تَنۡزِیۡلَ، مصدر فعل محذوف کا مفعول مطلق (اتارنا، نازل کردہ، نازل کیا ہوا)

الۡعَزِيۡزِ،اللہ کا صفاتی نام،عِزَّۃٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (نہایت غالب)

الرَّحِيۡمِ،اللہ کا صفاتی نام،رَحۡمَۃٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّآ اُنۡذِرَ اٰبَآؤُهُمۡ فَهُمۡ غٰفِلُوۡنَ ۝٦	تا کہ آپ اس قوم کو ڈرائیں کہ ان کے باپ دادا کو نہیں ڈرایا گیا تو وہ بے خبر ہیں

لِتُنۡذِرَ (لِ،تُنۡذِرَ) لِ،لام تعلیل ناصبہ،تا کہ،تُنۡذِرَ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر اَنۡذَرَ يُنۡذِرُ، مصدر اِنۡذَارٌ،ڈرانا،آپ ڈرائیں (تا کہ آپ ڈرائیں) **قَوۡمًا** (اس) قوم کو) **مَّآ**، نافیہ (نہیں)

اُنۡذِرَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَنۡذَرَ يُنۡذِرُ، مصدر اِنۡذَارٌ،ڈرانا (وہ ڈرایا گیا)

اٰبَآؤُهُمۡ (اٰبَآؤُ،هُمۡ) اٰبَآؤُ، مضاف، باپ دادا،هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کے (ان کے باپ دادا) **فَهُمۡ** (فَ،هُمۡ) فَ،حرف عطف،تو،هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب،وہ (تو وہ)

غٰفِلُوۡنَ،غَفۡلَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، غفلت کرنے والے، بے خبر، واحد،غَافِلٌ،

لَقَدۡ حَقَّ الۡقَوۡلُ عَلٰٓى اَكۡثَرِهِمۡ فَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ۝	بلاشبہ یقیناً ان کے اکثر لوگوں پر (ہمارا) فرمان ثابت ہو چکا ہے سو وہ ایمان نہیں لائیں گے

لَقَدۡ (لَ،قَدۡ) لَ،لام تاکید، بلاشبہ،قَدۡ، حرف تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

حَقَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَقَّ يَحِقُّ، مصدر حَقًّا، حق ہونا، ثابت ہونا (وہ ثابت ہو چکا ہے)

الۡقَوۡلُ، بات، فرمان، قول، **عَلٰٓى اَكۡثَرِهِمۡ** (عَلٰٓى،اَكۡثَرِ،هِمۡ) عَلٰٓى، حرف جار، پر،اَكۡثَرِ، مجرور، مضاف، كَثۡرَۃٌ، سے افعل التفضیل کا صیغہ، بہت زیادہ، اکثر،هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کے (ان کے اکثر پر) **فَهُمۡ** (فَ،هُمۡ) فَ،حرف عطف، سو،هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب،وہ (سو وہ)

لَا يُؤۡمِنُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤۡمِنُ، مصدر اِيۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان نہیں لائیں گے)

اِنَّا جَعَلۡنَا فِىۡٓ اَعۡنَاقِهِمۡ اَغۡلٰلًا فَهِىَ	بے شک ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے ہیں

اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ⑧	تو وہ ان کی ٹھوڑیوں تک ہیں پس ان کے سر اوپر کو اٹھے ہوئے ہیں

اِنَّا(اِنَّ، نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، ڈال دینا (ہم نے ڈال دیئے ہیں)

فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ (فِیْ، اَعْنَاقِ، هِمْ) فِیْ، حرف جار، میں، اَعْنَاقِ، مجرور، مضاف، گردنوں، واحد، عُنُقٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی گردنوں میں) اَغْلٰلًا (طوق) واحد، غِلٌّ،

فَهِیَ (فَ، هِیَ) فَ، حرف عطف، تو، هِیَ، ضمیر واحد مؤنث غائب، وہ (تو وہ)

اِلَى الْاَذْقَانِ، اِلٰی، حرف جار، تک، اَلْاَذْقَانِ، مجرور، ٹھوڑیوں، واحد، ذَقَنٌ (ٹھوڑیوں تک)

فَهُمْ (فَ، هُمْ) فَ، حرف عطف، پس، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (پس ان کے)

مُّقْمَحُوْنَ، اِقْمَاحٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (سر اوپر کو اٹھے ہوئے) واحد، مَقْمَحٌ،

وَ جَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ⑨	اور ہم نے ان کے آگے سے ایک دیوار اور ان کے پیچھے سے ایک دیوار بنا دی پھر ہم نے ان کو ڈھانک دیا تو وہ دیکھ نہیں سکتے۔

وَ، حرف عطف (اور) جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (ہم نے بنا دی)

مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ (مِنْ، بَيْنِ، اَيْدِیْ۔ هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے، بَيْنِ، مجرور مضاف، درمیان، اَيْدِیْ، مضاف الیہ مضاف، ہاتھوں، واحد، یَدٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ان کے (ان کے ہاتھوں کے درمیان سے یعنی ان کے آگے سے) سَدًّا، مصدر ہے، جس کے معنی رخنہ کو بند کرنا ہے، آڑ (ایک دیوار)

وَّ، حرف عطف (اور) مِنْ خَلْفِهِمْ (مِنْ، خَلْفِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے، خَلْفِ، مجرور، مضاف، پیچھے، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے پیچھے سے) سَدًّا (ایک دیوار)

فَاَغْشَيْنٰهُمْ (فَ، اَغْشَيْنَا، هُمْ) فَ، حرف عطف، پھر، اَغْشَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَغْشٰی یُغْشِیْ،

مصدر اِغْشَآءٌ، ڈھانک دینا، ہم نے ڈھانک دیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کو (پھر ہم نے ان کو ڈھانک دیا) فَهُمْ (فَ، هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تو وہ) لَا يُبْصِرُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اَبْصَرَ يُبْصِرُ، مصدر اِبْصَارٌ، بصیرت رکھنا، دیکھنا (وہ دیکھ نہیں سکتے)

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰	اور ان پر برابر ہے خواہ آپ نے انہیں ڈرایا یا آپ نے انہیں نہیں ڈرایا وہ ایمان نہیں لائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) سَوَآءٌ، اسم مصدر بمعنی اِسْتِوَآءٌ (برابر)

عَلَيْهِمْ (عَلٰى، هِمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر) ءَ، ہمزہ تسویہ (خواہ) اَنْذَرْتَهُمْ (اَنْذَرْتَ، هُمْ) اَنْذَرْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اَنْذَرَ يُنْذِرُ، مصدر اِنْذَارٌ، ڈرانا، آپ نے ڈرایا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (آپ نے انہیں ڈرایا) اَمْ، حرف عطف (یا)

لَمْ تُنْذِرْهُمْ (لَمْ تُنْذِرْ، هُمْ) لَمْ تُنْذِرْ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر حاضر اَنْذَرَ يُنْذِرُ، مصدر اِنْذَارٌ، ڈرانا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ نے نہیں ڈرایا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (آپ نے انہیں نہیں ڈرایا) لَا يُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان نہیں لائیں گے)

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ	بے شک آپ صرف (اسے) ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت کی پیروی کرے اور رحمٰن سے بن دیکھے ڈرے

اِنَّمَا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، مَا، کافہ حصر کیلئے (بے شک صرف)

تُنْذِرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَنْذَرَ يُنْذِرُ، مصدر اِنْذَارٌ، ڈرانا (آپ ڈرا سکتے ہیں)

مَنِ شرطیہ، اسم موصول (جو) اِتَّبَعَ، جواب شرط، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (وہ پیروی کرے) الذِّكْرَ، اسم مصدر (ذکر، نصیحت) وَ، حرف عطف (اور)

خَشِيَ، جواب شرط، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَشِيَ يَخْشٰى، مصدر خَشْيَةٌ، ڈرنا (وہ ڈرے)

الرَّحۡمٰنَ، اللہ کا صفاتی نام (رحمٰن)

بِالۡغَیۡبِ (بِ، اَلۡغَیۡبِ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَلۡغَیۡبِ، مجرور (غیب، پوشیدہ، بن دیکھے)

فَبَشِّرۡهُ بِمَغۡفِرَةٍ وَّاَجۡرٍ كَرِيۡمٍ ⑪	پس آپ اسے مغفرت اور عزت والے اجر کی خوشخبری دے دیں

فَبَشِّرۡهُ (فَ۔ بَشِّرۡ۔ هُ) فَ، حرف عطف، پس، بَشِّرۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر بَشَّرَ یُبَشِّرُ، مصدر تَبۡشِیۡرٌ، بشارت دینا، خوشخبری دینا، آپ خوشخبری دے دیں، هُ، ضمیر جمع مذکر غائب، اسے (پس آپ اسے خوشخبری دے دیں) بِمَغۡفِرَةٍ (بِ، مَغۡفِرَةٍ) بِ، حرف جار، کی، مَغۡفِرَةٍ، مجرور، اسم مصدر، بخش دینا، مغفرت (مغفرت کی) وَّ، حرف عطف (اور)

اَجۡرٍ كَرِيۡمٍ، اَجۡرٍ، موصوف، اجر، بدلہ،

كَرِيۡمٍ، صفت، كَرَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، عزت والا (عزت والا اجر)

اِنَّا نَحۡنُ نُحۡیِ الۡمَوۡتٰى وَنَكۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَاٰثَارَهُمۡ ؕ	بے شک ہم ہی مردوں کو زندہ کریں گے اور ہم لکھ رہے ہیں جو (اعمال) اُنہوں نے آگے بھیجے اور ان کے اثرات (جو پیچھے چھوڑے)

وقف غفران

اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

نَحۡنُ، ضمیر منفصلہ جمع متکلم (ہم) نُحۡیِ، فعل مضارع جمع متکلم اَحۡیٰی یُحۡیِیۡ، مصدر اِحۡیَآءٌ، زندہ کرنا، (ہم زندہ کریں گے) الۡمَوۡتٰى (مردوں) واحد، اَلۡمَیِّتُ، وَ، حرف عطف (اور)

نَكۡتُبُ، فعل مضارع جمع متکلم كَتَبَ يَكۡتُبُ، مصدر كِتَابَةٌ، لکھنا (ہم لکھ رہے ہیں) مَا، اسم موصول (جو) قَدَّمُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَدَّمَ يُقَدِّمُ، مصدر تَقۡدِيۡمًا، آگے بھیجنا (اُنہوں نے آگے بھیجے) وَ، حرف عطف (اور) اٰثَارَهُمۡ (اٰثَارَ۔ هُمۡ) اٰثَارَ، مضاف، نشانیاں، اثرات، علامتیں، واحد، اَثَرٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے اثرات)

وَ کُلَّ شَیۡءٍ اَحۡصَیۡنٰہُ فِیۡۤ اِمَامٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۱۲﴾	اور ہر چیز (جو) ہے ہم نے اسے کھلی کتاب (لوح محفوظ) میں درج کر رکھا ہے

وَ، حرف عطف (اور) کُلَّ شَیۡءٍ، کُلَّ، مضاف ہر، شَیۡءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز)

اَحۡصَیۡنٰہُ (اَحۡصَیۡنَا، ہٗ) اَحۡصَیۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَحۡصٰی یُحۡصِیۡ، مصدر اِحۡصَآءٌ، گننا، شمار کرنا، درج کرنا، ضبط کرنا، ہم نے درج کر رکھا ہے، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (ہم نے اسے درج کر رکھا ہے) فِیۡۤ اِمَامٍ مُّبِیۡنٍ، فِیۡ، حرف جار، میں، اِمَامٍ، مجرور، موصوف، پیشوا، رہنما، راستہ، امام، اس کو کہتے ہیں جس کی اقتدا کی جائے خواہ وہ انسان ہو یا کتاب یا کوئی اور چیز، مُبِیۡنٍ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، روشن، کھلی، فصیح (کھلی کتاب میں)

اِمَامٍ مُّبِیۡنٍ، سے، لوح محفوظ، صحیفہ اعمال اور کھلا راستہ مراد لیے جاسکتے ہیں۔

وَاضۡرِبۡ لَہُمۡ مَّثَلًا اَصۡحٰبَ الۡقَرۡیَةِ ۘ	اور آپ ان سے بستی والوں کی مثال بیان کریں

وَ، حرف عطف (اور) اِضۡرِبۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر ضَرَبَ یَضۡرِبُ، مصدر ضَرۡبًا، مارنا، بیان کرنا، (آپ بیان کریں) لَہُمۡ (لَ، ھُمۡ) لَ، حرف جار، سے، ھُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے) مَّثَلًا (مثال) اَصۡحٰبَ الۡقَرۡیَةِ، اَصۡحٰبَ، مضاف، والوں، اَلۡقَرۡیَةِ، مضاف الیہ، بستی (بستی والوں)

اِذۡ جَآءَھَا الۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۳﴾	جب اس (بستی) میں کئی رسول آئے

اِذۡ، اسم ظرف، ماضی کے واقعہ سے پہلے آتا ہے (جب)

جَآءَھَا (جَآءَ۔ ھَا) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡءُ، مصدر مَجِیۡءٌ، آنا، وہ آیا، ھَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلۡقَرۡیَةِ، ہے (وہ اس (بستی) میں آیا)

اَلۡمُرۡسَلُوۡنَ، اِرۡسَالًا، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، بھیجے ہوئے، رسولوں، کئی رسول، واحد، اَلۡمُرۡسَلُ،

اِذۡ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَیۡہِمُ اثۡنَیۡنِ فَکَذَّبُوۡھُمَا فَعَزَّزۡنَا بِثَالِثٍ	جب ہم نے ان کی طرف دو (رسول) بھیجے تو اُنہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا پھر ہم نے تیسرے کے ذریعے قوت دی

فَقَالُوۡۤا اِنَّاۤ اِلَیۡکُمۡ مُّرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۴﴾	تو اُنہوں نے کہا بے شک ہم تمہاری طرف بھیجے ہوئے (رسول) ہیں

اِذۡ، اسم ظرف (جب) اَرۡسَلۡنَاۤ، فعل ماضی جمع متکلم اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا (ہم نے بھیجے)
اِلَیۡھِمُ (اِلٰی، ھِمُ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، ھِمُ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کی طرف)
اثۡنَیۡنِ (دو (رسول)) فَکَذَّبُوۡھُمَا (فَ، کَذَّبُوۡا، ھُمَا) فَ، حرف عطف، تو، کَذَّبُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَذَّبَ یُکَذِّبُ، مصدر تَکۡذِیۡبٌ، جھٹلانا، اُنہوں نے جھٹلایا، ھُمَا، ضمیر تثنیہ مذکر غائب، ان دونوں، (تو اُنہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا) فَعَزَّزۡنَا (فَ، عَزَّزۡنَا) فَ، حرف عطف، پھر، عَزَّزۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم عَزَّزَ یُعَزِّزُ، مصدر تَعۡزِیۡزٌ، قوت دینا، مستحکم کرنا، ہم نے قوت دی (پھر ہم نے قوت دی)
بِثَالِثٍ (بِ، ثَالِثٍ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، ثَالِثٍ، مجرور، تیسرے (تیسرے کے ذریعے)
فَقَالُوۡۤا (فَ، قَالُوۡا) فَ، حرف عطف، تو، قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، اُنہوں نے کہا (تو اُنہوں نے کہا) اِنَّاۤ (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم، (بے شک ہم) اِلَیۡکُمۡ (اِلٰی، کُمۡ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری، (تمہاری طرف) مُّرۡسَلُوۡنَ، اِرۡسَالًا، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (بھیجے ہوئے)

قَالُوۡا مَاۤ اَنۡتُمۡ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُنَا ۙ وَ مَاۤ اَنۡزَلَ الرَّحۡمٰنُ مِنۡ شَیۡءٍ ۙ اِنۡ اَنۡتُمۡ اِلَّا تَکۡذِبُوۡنَ ﴿۱۵﴾	اُنہوں نے کہا تم نہیں ہو مگر ہماری طرح ایک بشر اور رحمٰن نے کوئی چیز نازل نہیں کی تم نہیں ہو مگر تم جھوٹ بولتے ہو

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (انہوں نے کہا) مَاۤ، نافیہ (نہیں)
اَنۡتُمۡ، ضمیر منفصلہ جمع مذکر حاضر (تم) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) بَشَرٌ (ایک بشر)
مِّثۡلُنَا (مِّثۡلُ، نَا) مِّثۡلُ، مضاف، مثل، طرح، مانند، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری طرح)
وَ، حرف عطف (اور) مَاۤ، نافیہ (نہیں)

اَنْزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْزَلَ یُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اُتارنا، نازل کرنا (اس نے نازل کی)

الرَّحْمٰنُ، اللہ کا صفاتی نام (رحمٰن نے)

مِنْ شَیْءٍ، مِنْ، حرف جار، زائدہ برائے عموم، شَیْءٍ، مجرور (کوئی چیز)

اِنْ، صلہ میں، اِلَّا، ہے ترجمہ (نہیں) اَنْتُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

تَکْذِبُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر کَذَبَ یَکْذِبُ، مصدر کِذْبًا، جھوٹ بولنا (تم جھوٹ بولتے ہو)

قَالُوْا رَبُّنَا یَعْلَمُ اِنَّآ اِلَیْکُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾	اُنھوں نے کہا ہمارا رب جانتا ہے بے شک ہم تمہاری طرف یقیناً بھیجے ہوئے (رسول) ہیں

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)

رَبُّنَا (رَبُّ، نَا) رَبُّ، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارا (ہمارا رب)

یَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے)

اِنَّآ (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

اِلَیْکُمْ (اِلٰی، کُمْ) اِلٰی، حرف جار، طرف، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری طرف)

لَمُرْسَلُوْنَ (لَ، مُرْسَلُوْنَ) لَ، لام تاکید، یقیناً، مُرْسَلُوْنَ، اِرْسَالًا، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، بھیجے ہوئے، واحد، مُرْسَلٌ (یقیناً بھیجے ہوئے)

وَمَا عَلَیْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۷﴾	اور ہم پر (کوئی ذمہ داری) نہیں ہے مگر (پیغام) کھلم کھلا پہنچادینا

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں)

عَلَیْنَآ (عَلٰی، نَا) عَلٰی، حرف جار، پر، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہم (ہم پر) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ، اَلْبَلٰغُ، موصوف، مصدر ہے، پہنچادینا، قرآن میں بمعنی تبلیغ آیا ہے،

اَلْمُبِیْنُ، صفت، اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح طور، کھلم کھلا (کھلم کھلا پہنچادینا)

قَالُوۡۤا اِنَّا تَطَیَّرۡنَا بِکُمۡ ۚ	اُنھوں نے کہا بے شک ہم نے تم کو منحوس پایا ہے

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنھوں نے کہا)
اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)
تَطَیَّرۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم تَطَیَّرَ یَتَطَیَّرُ، مصدر تَطَیُّرٌ، شگون بدلینا، منحوس پانا (ہم نے منحوس پایا ہے)
بِکُمۡ (بِ، کُمۡ) بِ، حرف جار، کو، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم کو)

لَئِنۡ لَّمۡ تَنۡتَهُوۡا لَنَرۡجُمَنَّكُمۡ وَ لَیَمَسَّنَّكُمۡ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۱۸﴾	بلاشبہ اگر تم باز نہ آئے یقیناً ہم تمھیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور بلاشبہ ہماری طرف سے تمھیں ضرور درد ناک عذاب پہنچے گا

لَئِنۡ (لَ، اِنۡ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، اِنۡ، شرطیہ جازمہ، اگر (اگر بلاشبہ)
لَّمۡ تَنۡتَهُوۡا، فعل مضارع مجزوم منفی جحد بلم جمع مذکر حاضر اِنۡتَهٰی یَنۡتَهِیۡ، مصدر اِنۡتِهَآءٌ، باز آنا، اِنۡ، کی وجہ سے ترجمہ (تم باز نہ آئے) لَنَرۡجُمَنَّكُمۡ (لَ، نَرۡجُمَنَّ، کُمۡ) لَ، لام تاکید، یقیناً، نَرۡجُمَنَّ، فعل مضارع جمع متکلم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ رَجَمَ یَرۡجُمُ، مصدر رَجۡمًا، رُجُوۡمٌ، سنگسار کرنا، ہم ضرور سنگسار کر دیں گے، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمھیں (یقیناً ہم تمھیں ضرور سنگسار کر دیں گے) وَ، حرف عطف (اور) لَیَمَسَّنَّكُمۡ (لَ۔ یَمَسَّنَّ۔ کُمۡ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، یَمَسَّنَّ، فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ مَسَّ یَمُسُّ، مصدر مَسًّا، پہنچنا، وہ ضرور پہنچے گا، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمھیں (بلاشبہ وہ تمھیں ضرور پہنچے گا) مِّنَّا (مِنۡ، نَا) مِنۡ، حرف جار بمعنی اِلٰی، طرف سے، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری طرف سے) عَذَابٌ اَلِیۡمٌ، عَذَابٌ، موصوف، عذاب، اَلِیۡمٌ، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل، صفت مشبہ، دکھ دینے والا، درد ناک (درد ناک عذاب)

قَالُوۡا طَآئِرُكُمۡ مَّعَكُمۡ ؕ	اُنھوں نے کہا تمھاری نحوست تمھارے ساتھ ہے

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنھوں (رسولوں) نے کہا)

طٰٓئِرُکُمۡ (طٰٓئِرُ۔ کُمۡ) طٰٓئِرُ، مضاف، پرندوں کو للکارتے اور ان سے فال نکالتے اگر وہ داہنے سے بائیں کو نکل جاتے تو برا شگون سمجھتے، فال بد، نحوست، بری قسمت، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری نحوست) مَّعَکُمۡ (مَعَ، کُمۡ) مَعَ، مضاف ساتھ، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے ساتھ)

اَئِنۡ ذُکِّرۡتُمۡ ؕ	کیا اگر تمہیں نصیحت کی جائے

اَئِنۡ (اَ، اِنۡ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، اِنۡ، شرطیہ، اگر (کیا اگر)

ذُکِّرۡتُمۡ، فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر، فعل شرط، ذَکَّرَ یُذَکِّرُ، مصدر تَذۡکِیۡرٌ، یاد دلانا، نصیحت کرنا، اِنۡ، کی وجہ سے ترجمہ (تمہیں نصیحت کی جائے)

بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ مُّسۡرِفُوۡنَ ﴿۱۹﴾	بلکہ تم حد سے تجاوز کرنے والے لوگ ہو

بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ) اَنۡتُمۡ، ضمیر منفصلہ جمع مذکر حاضر (تم) قَوۡمٌ (قوم، لوگ)

مُّسۡرِفُوۡنَ، اِسۡرَافٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (حد سے بڑھنے والے، حد سے نکل جانے والے، حد سے تجاوز کرنے والے)

وَجَآءَ مِنۡ اَقۡصَا الۡمَدِیۡنَۃِ رَجُلٌ یَّسۡعٰی قَالَ یٰقَوۡمِ اتَّبِعُوا الۡمُرۡسَلِیۡنَ ﴿ۙ۲۰﴾	اور شہر کے دور کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا اس نے کہا اے میری قوم! تم رسولوں کی پیروی کرو

وَ، حرف عطف (اور) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا (وہ آیا)

مِنۡ اَقۡصَا الۡمَدِیۡنَۃِ، مِنۡ، حرف جار، سے، اَقۡصَا، مجرور، مضاف، قَصَآءٌ، سے افعل التفضیل کا صیغہ، بہت بعید، زیادہ دور، دور کنارے، الۡمَدِیۡنَۃِ، مضاف الیہ، شہر کے (شہر کے دور کنارے سے)

رَجُلٌ (ایک آدمی) یَّسۡعٰی، فعل مضارع واحد مذکر غائب سَعٰی یَسۡعٰی، مصدر سَعۡیًا، دوڑنا، کوشش کرنا، بھاگنا (وہ دوڑتا ہوا) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اس نے کہا)

یٰقَوۡمِ، اصل میں، یٰقَوۡمِیۡ، تھا (یَا، قَوۡمِ، یۡ) یَا، حرف ندا، اے، قَوۡمِیۡ، منادیٰ، قَوۡمِ، مضاف، قوم،

یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میری (اے میری قوم)

اِتَّبِعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (تم پیروی کرو)

الْمُرْسَلِیْنَ، اِرْسَالًا، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، بھیجے ہوئے، رسولوں، واحد، اَلْمُرْسَلُ،

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا یَسْـَٔلُکُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝۲۱	تم پیروی کرو ان کی جو تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتے اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔

اِتَّبِعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (تم پیروی کرو)

مَنْ، اسم موصول (ان کی جو) لَّا یَسْـَٔلُکُمْ (لَا یَسْـَٔلُ، کُمْ) لَا یَسْـَٔلُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب سَاَلَ یَسْـَٔلُ ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، مانگنا، وہ نہیں مانگتا، کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (وہ تم سے نہیں مانگتا) اَجْرًا، کوئی اجرت، کوئی صلہ، وَّ، حرف عطف (اور) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

مُّهْتَدُوْنَ، اِهْتِدَآءً، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہدایت پانے والے، ہدایت یافتہ)